جامع
عالمی معلوماتِ عامّہ
اِنسائیکلوپیڈیا
امیر علی خان
Early farming
Assyrian empire
Classical Greece
Great Wall of China

# جامع
# عالمی معلوماتِ عامہ
## (انسائیکلوپیڈیا)

﴿ سوالاً جواباً ﴾

برائے

کوئز پروگراموں، مقابلوں، مختلف قسم کے اعلیٰ عہدوں کے لئے
انٹرویوز اور عام قارئین کی معلومات میں اضافہ کے لئے

مرتبہ

امیر علی خان

اسلامی کتب خانہ
فضل الٰہی مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور
فون: 7223506-7230718

نام کتاب ............ جامع عالمی معلوماتِ عامہ (انسائیکلوپیڈیا)

مصنف ............ امیر علی خاں

ناشر ............ اسلامی کتب خانہ

طباعت ............ لعل سٹار پرنٹرز لاہور

کمپوزنگ ............ حافظ کاشف ظہیر/ رفاقت علی

(فراز کمپوزنگ سنٹر 7352332)

مطبع ............

تعداد (پہلا ایڈیشن) ............ 1000

# انتساب

اپنے محترم ومکرم مرحوم والدین کے نام

جن کی پُرخلوص دعاؤں کی بدولت

آج میں اس قابل ہوا۔

مصنف

✿✿✿

جذبات کی وسعت کو
سجدوں سے بسا لینا
بھولی ہوئی یادوں کو
سینے سے لگا لینا
ہے یہ کام زندہ قوموں کا

***

# عرض مؤلف

میری انتہائے نگارش یہی ہے
تیرے نام سے ابتداء کر رہا ہوں

اللہ تعالیٰ کے نام سے اس کتاب کی ابتداء کی گئی ہے جو کہ بہت ہی بابرکت ہے اگرچہ یہ کام نہایت ہی کٹھن اور مشکل تھا مگر شب و روز کی محنت اور جانفشانی کے ساتھ کام کیا گیا۔ یوں کہا جائے کہ مصنف نے بحرِ معلومات کی اتھاہ گہرائیوں میں غوطہ زن ہو کر موتی چننے کا کام کیا ہے یہ سب کو معلوم ہے کہ دنیا کی معلومات پر دسترس حاصل کرنا بڑا مشکل ہو چکا ہے کیونکہ انسان نے اس دنیا میں بہت وسیع تجربات کئے ہیں اور معلومات کا جال پھیلا دیا ہے زندگی کی ایک سمت پر حاوی ہونا ہی ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے چہ جائیکہ عالمی معلومات پر حاوی ہونا تو بعید از قیاس بات ہے۔

بہر حال انسان اپنی ہمت' محنت اور وسائل کے مطابق محنت کرنے کی کوشش ضرور کرتا ہے اس کتاب کی تیاری میں بہت سی معیاری کتابوں کا مطالعہ کیا گیا جن میں مذہبی کتب' اسلامی مواد' تاریخی' جغرافیائی اور خصوصی طور پر مختلف محققین کی عرق ریزیوں سے بھی فائدہ حاصل کیا گیا ہے مگر معیاری کتب کو بنیاد بنایا گیا ہے کوشش رہی ہے کہ قارئین کی خدمت میں زیادہ سے زیادہ اور آسان الفاظ میں معلومات بہم پہنچائی جائیں۔ تاکہ ان کو اس کتاب کے علاوہ کسی دوسری کتاب کی ضرورت پیش نہ آئے۔ مگر پھر بھی وثوق سے کہنا مشکل ہے کہ قارئین کی پیاس بجھ جائے گی؟

دریا کو کوزے میں بند کرنے کی انتہائی کوشش کی گئی ہے یہ بات اب قارئین پر منحصر ہے کہ میں اس کوشش میں کہاں تک کامیاب ہوا ہوں۔ اگر اس میں کوئی کمی یا غلطی رہ گئی ہو تو براہ کرم براہ راست مصنف کو درج ذیل پتہ پر مطلع کیا جائے تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کی جائے۔

کتاب کی تیاری میں درج ذیل موضوعات کو خصوصی طور پر نمایاں جگہ دی گئی ہے جو کہ قارئین کے لئے نہایت ہی خوش کن معاملہ ہے :۔

i۔ اسلامی معلومات۔
ii۔ مصلحین اسلام۔
iii۔ تاریخی واقعات۔
iv۔ جغرافیائی معلومات۔
v۔ دفاعی معلومات۔
vi۔ سائنسی معلومات۔
vii۔ مسلم سائنسدان۔
viii۔ مسلمان اہم شخصیات۔
ix۔ اسلام ممالک پر معلومات۔
x۔ بدھ مت۔
xi۔ ہندومت۔
xii۔ یہودی ممالک۔
xiii۔ عیسائی ممالک وغیرہ۔

اور آخر میں عالمی معلومات پر متفرق معلومات دی گئی ہیں کیونکہ ممکن ہے کہ کسی خاص عنوان کے تحت معلومات پوری طرح نہ درج کی گئی ہوں تو متفرق معلومات میں ان کو یقینی طور پر اندراج کر دیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ قارئین کی تشفی اور تسکین ہو سکے۔ اور وہ مصنف کی محنت سے معنوی طور پر بہرہ مند ہوں۔ معلومات کے بارے میں مختلف کتب کا مطالعہ کرنے سے اختلافی معلومات بھی سامنے آئیں مگر اختلافی صورت میں مزید تحقیق کی گئی اور مختلف

سکالرز سے بھی اختلافی معلومات (یعنی تاریخ پیدائش، موت مذاہب اور اصل واقعات کی صحت کے بارے میں) کے بارے میں کافی انفرادی اور اجتماعی بحث کی گئی ہے اور ایسی معلومات قارئین تک پہنچائی گئی ہیں جن کے بارے میں کسی کو بھی اعتراض کا موقع ان شاء اللہ نہیں ملے گا اور ہر شخص کی حسب ضرورت معلومات اس کتاب سے حاصل ہوں گیں۔

کتاب کے موضوعات کو ترتیب وار معلوماتی ڈھانچے میں ڈھالا گیا ہے تاکہ قارئین کو پڑھتے وقت بوریت کا بھی سامنا نہ ہو اور اس کی روانگی میں کوئی رخنہ نہ پڑے اور مزید مطالعے کے شوقین مگن رہ کر پوری کتاب کا مطالعہ کر سکیں اور اپنی معلومات کی پیاس بجھائیں۔

آخر میں عرض کروں گا کہ میں بھی آخر کار انسان اور غلطی کا پتلا ہوں۔ جو کہ انسانی خاصہ ہے اس لئے ممکن ہے کہ کہیں کوئی غلطی سرزد ہو گئی ہو۔ اور اس کتاب میں کوشش کی گئی ہے کہ تمام دنیا کی معلومات کو کوزے میں بند کر دیا جائے مگر حرف آخر ہونے کا دعویٰ کرنا تو مشکل ہے کیونکہ آغاز کائنات سے تادم تحریر نت نئی معلومات کے خزینے پھوٹتے رہے ہیں۔ اور ہر دن ایک معلومات کا سمندر ہے۔ میں اس کوشش میں کہاں تک کامیاب ہوا ہوں اس کا فیصلہ قارئین پر چھوڑا جاتا ہے صرف یہ عرض کروں گا کہ یہ کتاب معلومات کی دنیا میں ایک دلکش اور خوبصورت اور جامع ضرور ہوگی۔ شکریہ

والسلام

امیر علی خاں

مکان نمبر 96، جاوید ٹاؤن اوکاڑہ

11 ذوالحجہ 1421ھ بمطابق مارچ 2001ء

# فہرست

## باب ۱

# اسلامیات

س۔ دنیا کا خالق کون ہے؟
ج۔ اللہ تعالیٰ۔
س۔ اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو کتنے ایام میں بنایا؟
ج۔ چھ ایام میں۔
س۔ سب سے پہلے کس چیز کو بنایا؟
ج۔ پانی۔
س۔ آسمان کتنے بنائے گئے ہیں؟
ج۔ سات آسمان۔
س۔ پانی سے جب زمین کو پیدا کیا تو ٹھہرانے کے لئے کیا کیا گیا؟
ج۔ زمین کو ٹھہرانے کے لئے پہاڑ گاڑ دیئے گئے۔
س۔ اسلام کے بنیادی عقائد کون سے ہیں؟
ج۔ توحید - رسالت - ملائکہ - کتب سماویہ - آخرت۔
س۔ اسلامی عقائد میں سب سے اہم عقیدہ کیا ہے؟
ج۔ عقیدہ توحید۔
س۔ ہر نبی نے سب سے پہلے کس چیز کی تعلیم دی؟
ج۔ توحید کی۔
س۔ سب سے پہلے نبی کون تھے؟
ج۔ حضرت آدم علیہ السلام۔

س۔ الہامی کتب کی تعداد کتنی ہے؟
ج۔ چار الہامی کتب ہیں۔
س۔ الہامی کتابوں کے نام بتائیے۔؟
ج۔ توریت - زبور - انجیل - قرآن پاک۔
س۔ توریت کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر۔
س۔ زبور کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟
ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام پر۔
س۔ انجیل کس نبی پر نازل ہوئی؟
ج۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر۔
س۔ قرآن پاک کس پیغمبر پر نازل ہوا؟
ج۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر۔
س۔ حضرت موسیٰ کس امت کے نبی تھے؟
ج۔ یہودیوں کے۔
س۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی امت کا کیا نام تھا؟
ج۔ یہودی۔
س۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس امت کے رسول تھے؟
ج۔ عیسائیوں کے۔
س۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کس امت کے پیغبر ہیں؟
ج۔ مسلمانوں کے۔
س۔ ابلیس کس سے پیدا کیا گیا؟
ج۔ آگ سے۔
س۔ انسان کو کس چیز سے پیدا کیا گیا؟
ج۔ مٹی سے۔
س۔ انسان اور جن میں کونسی مخلوق افضل ہے؟

ج۔ انسان افضل ہیں۔

س۔ اللہ تعالیٰ کو اسلام کے سوا کونسا دین پسند ہے؟

ج۔ اللہ تعالیٰ کو اسلام کے علاوہ کوئی دین پسند نہیں ہے۔

س۔ فرشتے کیا ہیں؟

ج۔ اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق ہیں۔

س۔ فرشتوں کا کیا کام ہے؟

ج۔ وہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔

س۔ توریت کس زبان میں نازل ہوئی؟

ج۔ عبرانی زبان میں۔

س۔ داؤد علیہ السلام پر زبور کس زبان میں نازل ہوئی؟

ج۔ عبرانی زبان میں۔

س۔ انجیل کس زبان میں نازل ہوئی؟

ج۔ عبرانی زبان میں۔

س۔ قرآن پاک کس زبان میں نازل ہوا؟

ج۔ عربی زبان میں۔

س۔ قرآن پاک کتنے عرصہ میں نازل ہوا؟

ج۔ ۲۲ سال ۵ ماہ ۱۱ دن۔

س۔ توریت کے عبرانی زبان میں کیا معنی ہیں؟

ج۔ شریعت کے ہیں۔

س۔ زبور کے کیا معنی ہیں؟

ج۔ زبور کے معنی پارے اور ٹکڑے کے ہیں۔

س۔ قرآن پاک کے کیا معنی ہیں؟

ج۔ بار بار پڑھی جانے والی کتاب۔

س۔ قرآن پاک کس رسم الخط میں لکھا گیا؟

ج۔ عربی رسم الخط میں۔

س۔ عربی رسم الخط کس نے ایجاد کیا؟
ج۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام نے۔
س۔ کیا اللہ تعالیٰ نے تمام سماوی کتب کو ایک زبان میں نازل فرمایا؟
ج۔ نہیں' ہر ایک سماوی کتاب کو ان کی مقامی زبان میں نازل کیا۔
س۔ کیا آسمانی کتب' ایک دوسری کی تکذیب کرتی ہیں؟
ج۔ نہیں' بلکہ تصدیق کرتی ہیں۔
س۔ شروع سے اللہ تعالیٰ نے کونسا دین نازل فرمایا؟
ج۔ دین اسلام۔
س۔ کیا اسلام کے سوا کوئی دین اللہ تعالیٰ کو قبول ہے؟
ج۔ نہیں' اللہ تعالیٰ کو صرف دین اسلام ہی قبول ہے۔
س۔ قرآن مجید کی حفاظت کا کام کس کے ذمہ ہے؟
ج۔ اللہ تعالیٰ کے۔
س۔ حدیث سے کیا مراد ہے؟
ج۔ جو بات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہو۔
س۔ قرآن پاک کی کل کتنی سورتیں ہیں؟
ج۔ ۱۱۴ سورتیں۔
س۔ مکی سورتیں کتنی ہیں؟
ج۔ ۸۶۔
س۔ مدنی سورتیں کتنی ہیں؟
ج۔ ۲۸۔
س۔ قرآن پاک کی کل آیات کی تعداد بتایئے؟
ج۔ ۶۶۶۶ آیات۔
س۔ سبع المثانی کس سورۃ کو کہا گیا ہے؟
ج۔ سورہ فاتحہ کو۔
س۔ مکی سورتوں سے کیا مراد ہے؟

ج۔ وہ سورتیں جو مکہ میں نازل ہوئیں۔

س۔ مدنی سورتوں سے کیا مراد ہے؟

ج۔ وہ سورتیں جو مدنی دور میں یعنی ہجرت کے بعد نازل ہوئیں۔

س۔ صحاح ستہ کے نام بتایئے؟

ج۔ ۱۔ صحیح بخاری ۲۔ صحیح مسلم ۳۔ سنن ابن ماجہ

۴۔ سنن نسائی ۵۔ جامع ترمذی ۶۔ سنن ابی داؤد۔

س۔ صحیح بخاری کے مولف کا نام بتائیں؟

ج۔ حضرت امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری ؒ۔

س۔ صحیح مسلم کے مولف کا نام بتائیں؟

ج۔ امام مسلم بن حجاج نیشاپوری۔

س۔ سنن ابن ماجہ کے مولف کا نام بتایئے؟

ج۔ ابوعبداللہ محمد بن یزید القزوینی۔

س۔ سنن نسائی کے مولف کا کیا نام ہے؟

ج۔ نام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی نسائی ؒ

س۔ جامع ترمذی کے مولف کا نام بتایئے؟

ج۔ ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی۔

س۔ سنن ابی داؤد کے مولف کا نام بتایئے؟

ج۔ ابوداؤد سلمان بن اشعث سجستانی۔

س۔ سنت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج۔ طریقہ ۔ راستہ۔

س۔ قرآن مجید کے چار صفاتی نام بتایئے؟

ج۔ مجید ۔ حکیم ۔ عزیز ۔ کریم۔

س۔ قرآن پاک کی ترتیب نزولی ہے یا توفیقی؟

ج۔ توفیقی۔

س۔ قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورۃ کونسی ہے؟

ج۔ سورۃ الکوثر۔

س۔ قرآن پاک کی اس سورۃ کا نام بتائیں جس کے شروع میں بسم اللہ نہیں ہے۔

ج۔ سورہ توبہ۔

س۔ مسلمان کون ہے؟

ج۔ وہ شخص جو اسلام پر اعتماد رکھتا ہے۔

س۔ اسلام کیا ہے؟

ج۔ اسلام ایسا ضابطہ حیات ہے جس کی بنیاد توحید پر ہے۔

س۔ توحید کے ارکان کون کون سے ہیں؟

ج۔ توحید کے پانچ ارکان ہیں۔

۱۔ کلمہ شریف ۲۔ نماز ۳۔ زکوٰۃ ۴۔ روزہ ۵۔ حج

س۔ کلمہ شریف کیا ہے؟

ج۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه

س۔ مسلمان کا تصور اللہ کیا ہے؟

ج۔ مسلمان کے اعتماد کے مطابق:۔

i۔ اللہ ایک ہے۔

ii۔ وہ ہر ایک چیز کا خالق اور مالک ہے۔

iii۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

iv۔ اس کے مساوی (صفات) کوئی نہیں ہے۔

v۔ وہ ہر وقت ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

vi۔ وہ ہر جگہ موجود ہے۔

vii۔ وہ حاکم مطلق ہے۔

viii۔ اللہ تعالیٰ حیات اور موت دیتا ہے۔

ix۔ وہ اپنی تمام مخلوق کو رزق دیتا ہے۔

x۔ وہ نہ کھاتا ہے اور نہ اس کو اونگھ آتی ہے۔

xi۔ اس نے سب کو پیدا کیا ہے اس کو کسی نے پیدا نہیں کیا۔

xii۔ اللہ تعالیٰ کی نہ بیوی ہے نہ اولاد وہ ان تمام رشتوں سے پاک ہے۔
xiii۔ ساری مخلوق اس کی محتاج ہے مگر وہ بے نیاز ہے۔
xiv۔ وہ بنی انسان کی رہنمائی کے لئے اپنے پیغمبر بھیجتا ہے۔
xv۔ وہ قادر مطلق ہے۔

س۔ رسول اور نبی میں کیا فرق ہے؟
ج۔ i۔ جس کو نئی شریعت دی گئی ہو وہ رسول کہلاتا ہے۔
ii۔ اور جس کو نئی شریعت نہ دی گئی ہو۔ وہ نبی کہلاتا ہے۔ وہ سابقہ انبیاء کی شریعت کے مطابق تبلیغ کرتا ہے۔

س۔ انجیل اور زبور کے مجموعے کا کیا نام ہے؟
ج۔ بائبل (بمطابق اہل کتاب)

س۔ سب سے پہلے نبی کون تھے؟
ج۔ حضرت آدم علیہ السلام کو۔

س۔ جدالانبیاء کس نبی کو کہا گیا ہے؟
ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

س۔ بنی اسرائیل کس پیغمبر کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں؟
ج۔ حضرت اسحٰق علیہ السلام

س۔ کل کتنے انبیاء مبعوث ہوئے؟
ج۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار (1,24,000)

س۔ ہر نبی کی تعلیمات کی بنیاد کیا ہے؟
ج۔ عقیدہ توحید۔

س۔ اسرائیل کس نبی کا لقب ہے؟
ج۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا۔

س۔ بنی اسرائیل کا کیا مطلب ہے؟
ج۔ i۔ اسرا کے معنی بندہ اور ایل کے معنی اللہ (اللہ کا بندہ)
ii۔ رات کو چلنے والا۔

س۔ ابوالبشر کس نبی کو کہا گیا ہے؟
ج۔ حضرت آدم علیہ السلام کو۔
س۔ آدم ثانی کس نبی کو کہتے ہیں؟
ج۔ حضرت نوح علیہ السلام کو۔
س۔ ابوالانبیاء کس نبی کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔
س۔ کونسے نبی بغیر ماں باپ کے پیدا ہوئے ہیں؟
ج۔ حضرت آدم علیہ السلام۔
س۔ کس نبی کی زبان میں لکنت تھی؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔
س۔ بنی اسرائیل کے آخری نبی کا کیا نام ہے؟
ج۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
س۔ اللہ تعالیٰ نے کس نبی کو بغیر باپ کے پیدا کیا۔
ج۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
س۔ تمام بنی نوع انسان کس باپ کی اولاد ہیں؟
ج۔ حضرت حوا اور آدم علیہ السلام کی۔

✿✿✿

باب ۲

# انبیاء کرام علیہم السلام

## حضرت آدم علیہ السلام

س۔ دنیا میں سب سے پہلے کون پیدا ہوئے؟
ج۔ حضرت آدم علیہ السلام۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کو کس چیز سے پیدا کیا گیا؟
ج۔ مٹی سے۔
س۔ وہ کون سے پیغمبر ہیں جو بغیر ماں باپ پیدا ہوئے؟
ج۔ حضرت آدم علیہ السلام۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کس دن ہوئی؟
ج۔ جمعۃ المبارک۔
س۔ لفظ آدم کے کیا لغوی معنی ہیں؟
ج۔ بھورا' نیالا' گندمی' گندم کے رنگ کا۔
س۔ بتایئے عبرانی زبان میں آدم کس کو کہتے ہیں؟
ج۔ مٹی کو کہتے ہیں۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش یہودیوں کے مطابق کب ہوئی؟
ج۔ ۳۷۶۱ ق م۔ (واللہ اعلم)
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کی بیوی کا کیا نام ہے؟
ج۔ حضرت حوا علیہ السلام۔
س۔ جب حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے نکالا گیا تو کہاں اتارے گئے؟

ج۔ سراندیب (لنکا)

س۔ حضرت حوا علیہ السلام کو کہاں اتارا گیا؟

ج۔ جدہ میں۔

س۔ دونوں کی کہاں ملاقات ہوئی؟

ج۔ عرفات کے میدان میں۔

س۔ عرفات کے میدان کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

ج۔ چونکہ حضرت آدم علیہ السلام اور حوا نے ایک دوسرے کو پہچان لیا تھا۔ عرفات کے معنی پہنچانا ہے۔

س۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بعد کون نبی ہوئے؟

ج۔ حضرت شیث علیہ السلام۔

س۔ حضرت آدم علیہ السلام کے دو مشہور بیٹوں کے نام کیا تھے؟

ج۔ قابیل اور ہابیل۔

س۔ ان میں بڑا کون سا تھا؟

ج۔ قابیل۔

س۔ حضرت آدم علیہ السلام کے ہاں کتنی اولاد ہوئی؟

ج۔ انیس لڑکیاں اور اکیس لڑکے۔ دوسری روایت کے مطابق بیس لڑکیاں اور بیس لڑکے۔ (واللہ اعلم)

س۔ حضرت آدم علیہ السلام کو سب سے پہلے کس نے سجدہ کیا؟

ج۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے۔

س۔ دوسرے نمبر پر کس نے سجدہ کیا؟

ج۔ حضرت میکائیل علیہ السلام نے۔

س۔ تیسرے نمبر پر کس نے سجدہ کیا؟

ج۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام نے۔

س۔ چوتھے نمبر پر کس نے سجدہ کیا؟

ج۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام نے۔

س۔ ان کے بعد کس نے سجدہ کیا؟
ج۔ تمام ملائکہ نے۔
س۔ حضرت آدم کی جنت میں کیا خوراک تھی؟
ج۔ انگور، خرما، انجیر وغیرہ۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کو کونسا علم سکھایا گیا تھا؟
ج۔ علم الاسماء
س۔ دنیا میں سب سے پہلے زراعت کا پیشہ کس نے اختیار کیا؟
ج۔ حضرت آدم علیہ السلام نے۔
س۔ حضرت آدم کی عمر بوقت انتقال کتنی تھی؟
ج۔ ہزار سال۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟
ج۔ صفی اللہ۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کے کونسے بیٹے نے اپنے بھائی کو قتل کیا؟
ج۔ قابیل نے۔
س۔ مقتول کا کیا نام تھا؟
ج۔ ہابیل۔
س۔ دونوں کی قتل کی کیا وجہ تھی؟
ج۔ شادی میں اختلاف تھا۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کی مشہور لڑکیوں کے نام کیا تھے؟
ج۔ اقلیمہ۔ نمازہ۔
س۔ حضرت شیث علیہ السلام کی سگی بہن کا کیا نام تھا؟
ج۔ ان کی کوئی سگی بہن نہیں تھی۔
س۔ حضرت شیث علیہ السلام کی سگی بہن نہ ہونے کی کیا وجہ تھی؟
ج۔ کیونکہ ان کے ساتھ کوئی بہن پیدا نہیں ہوئی۔
س۔ قابیل کے ساتھ پیدا ہونے والی لڑکی کا کیا نام تھا؟

ج۔ اقلیمہ۔

س۔ ہابیل کے ساتھ پیدا ہونے والی لڑکی کا نام بتایئے؟

ج۔ نمازہ (واللہ اعلم)

س۔ حضرت آدم علیہ السلام کی بوقت علالت کس بیٹے نے خدمت کی؟

ج۔ حضرت شیث علیہ السلام نے۔

س۔ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کے ہاں کس کی توبہ قبول ہوئی؟

ج۔ حضرت آدم علیہ السلام کی۔

س۔ حضرت شیث علیہ السلام کی ولادت کہاں ہوئی؟

ج۔ شام میں۔

س۔ حضرت آدم علیہ السلام کو غسل کس نے دیا؟

ج۔ حضرت شیث علیہ السلام نے۔

س۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے قابیل کا کیا پیشہ تھا؟

ج۔ کاشتکاری۔

س۔ ہابیل کا پیشہ کیا تھا؟

ج۔ گلہ بانی۔

س۔ بتایئے توریت میں قابیل کا نام کیا بتایا گیا ہے؟

ج۔ قائن (Cain)

س۔ تورات میں ہابیل کا کیا نام لکھا گیا ہے؟

ج۔ ابیل (Abel)

س۔ بتایئے حضرت آدم علیہ السلام ہابیل کی شادی کس لڑکی سے کرنا چاہتے تھے؟

ج۔ اقلیمہ سے جو قابیل کے ساتھ پیدا ہوئی تھی۔

س۔ حضرت آدم علیہ السلام پر کتنے روزے فرض تھے؟

ج۔ صرف تین (چاند کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں)

س۔ حضرت آدم علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ منیٰ کی مسجد خیف میں دفن کیا گیا۔ (غار کنز کے مقام) (واللہ اعلم)

س۔ حضرت آدمؑ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج۔ حضرت جرائیل علیہ السلام نے / حضرت شیثؑ نے (واللہ اعلم)
س۔ ابلیس کو آسمان سے کہاں اتارا گیا تھا؟
ج۔ سیستان بصرہ سے چند میل کے فاصلے پر۔
س۔ سانپ کو کہاں اتارا گیا؟
ج۔ ایران میں۔
س۔ مور کو کہاں اتارا گیا؟
ج۔ ہندوستان میں۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کتنے سال تک گریہ زاری کرتے رہے؟
ج۔ بعض روایات میں دوسو برس اور بعض میں تین سو برس ہے۔ (واللہ اعلم)
س۔ جنت میں حضرت آدم اور حوا علیہم السلام کا لباس کیا تھا؟
ج۔ نوری لباس۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کی زندگی میں کل آبادی کتنی ہوگئی تھی؟
ج۔ تقریباً چالیس ہزار (40,000)
س۔ جب قابیل نے ہابیل کو قتل کیا تو حضرت آدم وحوا کہاں گئے تھے؟
ج۔ مکہ حج کرنے کے لئے۔
س۔ ہابیل کو دفن کرنے کا طریقہ قابیل کو کس نے بتایا؟
ج۔ کوے نے۔
س۔ حضرت آدم علیہ السلام کو ہابیل کی قبر کس نے بتائی؟
ج۔ حضرت جرائیل علیہ السلام۔
س۔ قابیل نے ہابیل کو کس سے قتل کیا؟
ج۔ پتھر مار کر۔
س۔ ہابیل کو جب قتل کیا گیا تو وہ کیا کر رہا تھا؟
ج۔ سو رہا تھا۔
س۔ دنیا کا سب سے پہلا قاتل کون ہے؟

ج۔ قابیل۔

س۔ قابیل نے کس کو قتل کیا؟

ج۔ اپنے چھوٹے بھائی کو۔

س۔ اللہ تعالیٰ نے زمین کتنے دن میں بنائی؟

ج۔ دو دن میں۔

س۔ پہاڑ، درخت اور سبزہ وغیرہ کتنے دن میں بنائے؟

ج۔ دو دن میں۔

✿✿✿

# 2- حضرت شیث علیہ السلام

س- حضرت شیث علیہ السلام کے والد محترم کا کیا نام تھا؟
ج- حضرت آدم علیہ السلام۔
س- ان کی والدہ کا نام کیا تھا؟
ج- حضرت حوا علیہم السلام
س- حضرت شیث علیہ السلام کی سگی بہن کا نام بتایئے؟
ج- ان کی کوئی سگی بہن نہ تھی۔
س- دوسرے پیغمبر کا کیا نام تھا؟
ج- حضرت شیث علیہ السلام۔
س- حضرت آدم علیہ السلام کے بعد کونسے بیٹے پیغمبر منتخب ہوئے؟
ج- حضرت شیث علیہ السلام۔
س- بتایئے حضرت شیثؑ ہابیل کے قتل کے بعد پیدا ہوئے یا پہلے؟
ج- ہابیل کے قتل کے بعد۔
س- بتایئے شیث کے لفظ کے معنی کیا ہیں؟
ج- عطیۂ خداوندی۔
س- حضرت شیث علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟
ج- اغثا ذیمون۔
س- جس وقت حضرت شیثؑ پیدا ہوئے تو حضرت آدمؑ کی عمر کتنی تھی؟
ج- ۱۳۰ سال (ایک سوتیس سال)
س- حضرت آدم علیہ السلام کے کونسے بیٹے ان کے مشابہ تھے؟
ج- حضرت شیث علیہ السلام۔
س- حضرت آدم علیہ السلام کی کس بیٹے نے بیماری میں زیادہ خدمت کی؟

ج۔ حضرت شیث علیہ السلام نے۔

س۔ حضرت آدم علیہ السلام کے انتقال کے وقت حضرت شیث کی کتنی عمر تھی؟

ج۔ ۸۰۰ سال (آٹھ سو سال)

س۔ حضرت شیث علیہ السلام کی بیوی کا کیا نام تھا؟

ج۔ مخوائلہ۔

س۔ حضرت شیث علیہ السلام کے بڑے بیٹے کا کیا نام تھا؟

ج۔ انوش۔

س۔ حضرت شیث علیہ السلام کے بعد کون پیغمبر ہوئے؟

ج۔ انوش۔

س۔ دنیا میں سب سے پہلے کھجور کا درخت کس نے لگایا؟

ج۔ حضرت شیث علیہ السلام کے فرزند انوش نے۔

س۔ حضرت شیث علیہ السلام کی پیدائش کہاں ہوئی؟

ج۔ شام میں۔

س۔ حضرت شیث علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟

ج۔ پچاس صحیفے۔

س۔ حضرت شیث علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۹۱۲ سال بعض نے ۹۴۱ سال بھی لکھی ہے (واللہ اعلم)

س۔ حضرت شیث علیہ السلام نے کہاں وفات پائی؟

ج۔

س۔ حضرت شیث علیہ السلام کہاں دفن ہوئے؟

س۔ آپ کی قوم نے کس بت کی پوجا شروع کی؟

ج۔ مہلائیل کا بت بنا کر پرستش شروع کی۔

س۔ آپ نے اپنے بعد کس کو جانشین بنایا؟

ج۔ انوش کو۔

س۔ نسل انسانی کس مرد مومن سے چلی؟

ج۔ حضرت شیث علیہ السلام سے۔

س۔ حضرت شیث علیہ السلام نے والا قوم کی وفات کے بعد کہاں رہائش اختیار کی؟

ج۔ مکہ شریف میں۔

س۔ توریت میں آپؑ کا نام کیا آیا ہے؟

ج۔ حنوک۔

# حضرت ادریس علیہ السلام

س۔ حضرت ادریس علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ بی بی بردرہ۔
س۔ حضرت ادریس کے والد کا نام کیا تھا؟
ج۔ یارو (yaru)
س۔ حضرت ادریس علیہ السلام کی ولادت کہاں ہوئی؟
ج۔ مصر کے علاقہ انیف میں۔
س۔ دنیا میں تیسرے نمبر پر کونسے پیغمبر ہوئے؟
ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام۔
س۔ حضرت ادریس علیہ السلام کی زبان کیا تھی؟
ج۔ سریانی۔
س۔ اطلس کا لباس کس نے ایجاد کیا؟
ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے۔
س۔ حضرت ادریس علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟
ج۔ تیس (۳۰)
س۔ سب سے پہلے قلم کس نے استعمال کیا؟
ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے۔
س۔ سب سے پہلے برائیوں کے خلاف جہاد کس نے شروع کیا؟
ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے۔
س۔ حضرت ادریس علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ بروفا (Brufa)

س۔ حضرت ادریس علیہ السلام کے صاحبزادے کا کیا نام تھا؟
ج متوشلخ۔
س۔ حضرت ادریس علیہ السلام' حضرت آدم علیہ السلام کی کتنی پشت سے ملتے تھے؟
ج۔ چھٹی پشت سے۔
س۔ حضرت ادریس علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ اخنوع۔
س۔ یونانی میں حضرت ادریس علیہ السلام کا کیا نام ہے؟
ج۔ طرمیس۔
س۔ عبرانی زبان میں حضرت ادریس علیہ السلام کا کیا نام ہے؟
ج۔ حنوک۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جو ۷۲ زبانیں جانتے تھے؟
ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام۔
س۔ حضرت ادریس علیہ السلام کے معلم کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت شیث علیہ السلام۔
س۔ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس پیغمبر کو علم نجوم عطا کیا؟
ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام کو۔
س۔ حضور ﷺ کی معراج کے موقع پر حضرت ادریس علیہ السلام سے کہاں ملاقات ہوئی؟
ج۔ چوتھے آسمان پر۔
س۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے کس فرشتے کو اپنا بھائی بنایا تھا؟
ج۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام کو۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جنہوں نے ۱۸۰ شہر بسائے؟
ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام۔
س۔ بتایئے درزی کے کام کی ابتداء کس نے کی؟
ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے۔
س۔ یہودی کس پیغمبر کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ آسمان پر زندہ ہیں؟

ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام۔

س۔ بتائیے قلم کس پیغمبر نے ایجاد کیا؟

ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے۔

س۔ فن کتابت کے موجد کا نام بتائیے؟

ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام۔

س۔ ناپ تول کے اوزان کس پیغمبر نے ایجاد کیے؟

ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے۔

س۔ اسلحہ سازی سب سے پہلے کس پیغمبر نے کی؟

ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے۔

س۔ حضرت ادریس علیہ السلام کے کتنے بیٹے تھے؟

ج۔ پانچ بیٹے۔

س۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے کل کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۸۲۰ سال۔

س۔ قرآن میں ان کا ذکر کن سورتوں میں آیا ہے؟

ج۔ سورہ مریم اور انبیاء میں۔

س۔ آپ کو کب نبوت ملی؟

ج۔ چالیس برس کی عمر میں۔

س۔ حضرت ادریس کا پیشہ کونسا تھا؟

ج۔ بڑھئی کا۔

س۔ بڑھئی کا پیشہ کس پیغمبر نے شروع ہوا؟

ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام سے۔

س۔ آپ کے ساتھ کتنے عرصہ فرشتے رہے؟

ج۔ ۳۰۰ برس تک (تقریباً)

س۔ آپ کے بیٹوں کے نام کیا تھے؟

ج۔ ود، سواع، یغوث اور یعوق۔ نسر۔

س۔ یہودی کس پیغمبر کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ آسمان پر زندہ ہیں؟

ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام کے بارے میں۔

س۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے کس سے علم حاصل کیا؟

ج۔ حضرت شیث علیہ السلام۔

# حضرت نوح علیہ السلام

س۔ نوح لفظ کے کیا لغوی معنی ہیں؟
ج۔ گریہ زاری کرنے والا۔
س۔ حضرت نوح علیہ السلام کے والد محترم کا کیا نام تھا؟
ج۔ لمک یا لامک۔ (واللہ اعلم)
س۔ ان کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ سخابنت انوش۔ یا مسیحابنت انوش (واللہ اعلم)
س۔ حضرت نوح علیہ السلام کے دادا کا نام بتایئے؟
ج۔ متوشلح۔
س۔ حضرت نوح علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ یشکر (شکور)۔
س۔ پہلا رسول کسے کہا جاتا ہے؟
ج۔ حضرت نوح علیہ السلام کو۔
س۔ ابوالبشر کس پیغمبر کو کہتے ہیں؟
ج۔ حضرت نوح علیہ السلام کو۔
س۔ آدم ثانی کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ حضرت نوح علیہ السلام کو۔
س۔ حضرت نوح علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کے کتنے سال بعد پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۶۴۲ سال بعد یا (۲۲۴۲) (واللہ اعلم)
س۔ حضرت نوح علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کی وفات کے بعد کتنے عرصہ بعد پیداء ہوئے؟
ج۔ ایک سو چھبیس سال (۱۲۶) یا (۱۶۴۲ سال)۔ (واللہ اعلم)

س۔ حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت ادریس علیہ السلام کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟
ج۔ حضرت ادریس علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام کے پردادا تھے۔
س۔ شیخ الانبیاء کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ حضرت نوح علیہ السلام کو۔
س۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کتنی بیویاں تھیں؟
ج۔ چار (۴)
س۔ سرمہ لگانے کی ابتداء کس پیغمبر نے کی؟
ج۔ حضرت نوح علیہ السلام نے۔
س۔ آپ کا شجرہ نسبت حضرت آدم علیہ السلام سے کتنی پشت میں ملتا ہے؟
ج۔ آٹھ پشتوں میں۔
س۔ حضرت نوح علیہ السلام کا اصل مسکن کہاں تھا؟
ج۔ دجلہ فرات موجودہ عراق۔
س۔ اس کا پرانا نام کیا تھا؟
ج۔ کلدانیہ یا بابل۔
س۔ حضرت نوح علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟
ج۔ کھیتی باڑی۔
س۔ آپ کو کتنی عمر میں نبوت ملی؟
ج۔ چالیس برس کی عمر میں۔
س۔ جب آپ کو نبوت ملی تو آپ کی قوم کن بتوں کی پوجا کرتی تھی؟
ج۔ ود' سواع' یغوث اور یسر کی۔
س۔ سب سے پہلے کس پیغمبر نے قوم کے حق میں بددعا کی؟
ج۔ حضرت نوح علیہ السلام نے۔
س۔ حضرت نوح علیہ السلام نے کس کے حکم سے کشتی بنائی؟
ج۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے۔
س۔ حضرت نوح علیہ السلام پر کتنے آدمی ایمان لائے؟

ج۔ ۸۰ آدمی۔

س۔ طوفان نوح کا آغاز کیسے ہوا؟

ج۔ زمین کی تہہ سے پانی اُبلنا شروع ہوا۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کو کتنے آدمیوں نے تیار کیا؟

ج۔ چھ (۶) آدمیوں نے۔

س۔ اس کشتی کی لمبائی و چوڑائی اور اونچائی کیا تھی؟

ج۔ لمبائی ۶۶۰ گز' چوڑائی ۳۳۰ گز' اونچائی ۳۳ گز۔

س۔ اس کشتی میں کتنی منزلیں تھیں؟

ج۔ تین منزلیں۔

س۔ پہلی منزل میں کونسی مخلوق تھی؟

ج۔ درندے اور چوپائے۔

س۔ دوسری منزل میں کون رکھے گئے؟

ج۔ جانور اور پرندے۔

س۔ تیسری منزل میں کون بیٹھے؟

ج۔ حضرت نوح علیہ السلام اور اس کے متبعین۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام کے جسد مبارک کو کس لکڑی کے بنے ہوئے تابوت میں رکھا؟

ج۔ ساگوان۔

س۔ چیونٹیاں کشتی کی کس منزل میں تھیں؟

ج۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کے ایک کونے میں۔

س۔ ابلیس کس طرح کشتی میں سوار ہوا؟

ج۔ گدھے کی دم سے لٹک کر۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام کے کتنے بیٹے تھے؟

ج۔ چار۔

س۔ ان کے نام بتاؤ؟

ج۔ سام - حام - یافث - کنعان۔

س۔ حضرت نوح کا کون سا بیٹا نافرمان تھا؟

ج۔ کنعان۔

س۔ طوفان نوح میں کتنے لوگ کشتی کے علاوہ زندہ بچے؟

ج۔ صرف ایک آدمی۔

س۔ اس کے زندہ بچنے کی کیا وجہ تھی؟

ج۔ اس نے حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے میں مدد فرمائی تھی۔

س۔ اس زندہ بچنے والے شخص کا کیا نام تھا؟

ج۔ عوج بن عنق۔

س۔ یہ شخص کیسے بچ گیا؟

ج۔ لمبے قد کی وجہ سے (واللہ اعلم)

س۔ حضرت نوح علیہ السلام کے کتنے بیٹے ایمان لائے؟

ج۔ تین بیٹے۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام کا طوفان کب سے شروع ہوا؟

ج۔ ماہ رجب کی دوسری تاریخ سے۔

س۔ کب طوفان ختم ہوا؟

ج۔ ۱۰ محرم کو۔

س۔ کل کتنا عرصہ طوفان رہا؟

ج۔ چھ ماہ آٹھ دن۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کہاں رکی؟

ج۔ جودی پہاڑ پر۔

س۔ جودی پہاڑ پر مسجد کس کے حکم سے بنائی گئی؟

ج۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے۔

س۔ وہ مسجد کس پیغمبر نے بنائی؟

ج۔ حضرت نوح علیہ السلام نے۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام کا کون لڑکا طوفان میں غرق ہوا؟

ج۔ کنعان۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۱۰۵۰ سال۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ بیت المقدس میں۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام کہاں دفن ہوئے؟

ج۔ بیت المقدس میں۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام طوفان کے بعد کتنے عرصہ زندہ رہے؟

ج۔ قریباً ۳۵۰ برس۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام نے کتنے عرصہ تبلیغ کی؟

ج۔ ۹۵۰ سال۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام کے واقعہ کا ذکر قرآن میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج۔ ۴۳ مرتبہ۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنا نائب کس کو مقرر کیا؟

ج۔ جناب سام کو۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟

ج۔ ۱۰ صحیفے نازل ہوئے۔

س۔ حضرت آدم علیہ السلام تک حضرت نوح علیہ السلام کی کتنی پشتیں بنتی ہیں؟

ج۔ آٹھ پشتیں۔

س۔ طوفان کا پانی پہاڑوں سے کتنے گز بلند تھا؟

ج۔ تقریباً چالیس گز بلند تھا۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام نے کونسا شہر آباد کیا؟

ج۔ حسران۔ (Hasran)

س۔ طوفان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام کے کتنے بیٹے رہ گئے؟

ج۔ صرف تین۔

س۔ اس پرندے کا کیا نام تھا جسے حضرت نوح علیہ السلام نے زمین پر بھیجا؟

ج۔ کوا۔

س۔ کوے کے بعد دوسرا کونسا پرندہ بھیجا تھا؟

ج۔ کبوتر۔

س۔ آپ کی ایک بیوی کا نام کیا تھا؟

ج۔ والیہ۔

س۔ کس پیغمبر سے نماز کی ابتداء ہوئی؟

ج۔ حضرت نوح علیہ السلام سے۔

س۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کونسی بیوی طوفان میں غرق ہوئی؟

ج۔ واعطہ۔

س۔ آپ کشتی کے اندر کتنے عرصہ رہے؟

ج۔ تقریباً چھ ماہ تک۔

س۔ کوہ جودی جہاں آپ کی کشتی جا کر رکی وہ کہاں واقع ہے؟

ج۔ کردستان میں۔

# حضرت ہودؑ علیہ السلام

س۔ حضرت ہود علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ سلح۔
س۔ حضرت ہود علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام سے کتنی پشتیں بنتی ہیں؟
ج۔ پانچ پشتیں۔
س۔ حضرت ہود علیہ السلام کا اصل مسکن کونسا علاقہ تھا؟
ج۔ احقاف۔
س۔ ہود کی قوم کی زبان کیا تھی؟
ج۔ عربی (آرامی)۔
س۔ قوم ہود کے لوگ کیسے مضبوط تھے؟
ج۔ وہ بڑے شہ زور اور صحت مند مضبوط لوگ تھے۔
س۔ حضرت ہود علیہ السلام پر کتنے لوگ ایمان لائے؟
ج۔ تقریباً چار ہزار۔
س۔ حضرت ہود علیہ السلام نے کتنے عرصہ تبلیغ حق کیا؟
ج۔ ۵۰ برس تک۔
س۔ حضرت ہود علیہ السلام کا کہاں انتقال ہوا؟
ج۔ مصر میں۔
س۔ حضرت ہود علیہ السلام کہاں دفن ہوئے؟
ج۔ وادی برہوت میں۔
س۔ قرآن پاک میں حضرت ہود علیہ السلام کا کتنی مرتبہ ذکر آیا ہے؟
ج۔ سات مرتبہ۔
س۔ حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کا کیا نام تھا؟

ج۔ عاد (اولیٰ)۔

س۔ عاد کس کی اولاد میں سے تھے؟

ج۔ سام بن نوح کے بیٹے ارم میں سے۔

س۔ ان کی رہائش کا کیا طریقہ تھا؟

ج۔ وہ خیموں میں رہتے تھے؟

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ چار سو برس (مگر اختلاف ہے)

س۔ شداد کے زمانے میں کون پیغمبر تھے؟

ج۔ حضرت ہود علیہ السلام۔

س۔ قوم عاد کے طوفان کے بعد حضرت ہود علیہ السلام کتنے عرصہ زندہ رہے؟

ج۔ ۵۰ برس تک۔

س۔ قوم پر طوفان کتنے دنوں تک رہا؟

ج۔ سات دن اور آٹھ راتیں مسلسل۔

س۔ قرآن پاک میں قوم عاد کا ذکر کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

ج۔ نو سورتوں میں۔

س۔ حضرت ہود علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج۔ سات مرتبہ۔

س۔ حضرت ہود علیہ السلام کی زبان کیا تھی؟

ج۔ عربی۔

س۔ حضرت ہود علیہ السلام کا مزار مبارک کہاں ہے؟

ج۔ رکن یمانی اور قیام زمزم کے درمیان مگر ایک روایت یہ بھی ہے کہ صفا اور مروہ کے درمیان دفن ہیں۔

س۔ حضرت ہود علیہ السلام کی زوجہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ (Lesa) لیشا۔

س۔ حضرت ہود علیہ السلام کے بیٹے کا کیا نام تھا؟

ج۔ شارخ۔

س۔ کس پیغمبر کے زمانے میں قوم عاد پر عذاب الٰہی نازل ہوا؟

ج۔ حضرت ہود علیہ السلام۔

س۔ عبر کس پیغمبر کا نام ہے؟

ج۔ حضرت ہود علیہ السلام کا۔

## حضرت مریم پر تہمت:۔

یہودی و نصاریٰ شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ یہود مریم پر زنا کی تہمت لگاتے ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نہ حلالی مانتے ہیں اور نہ نبی جانتے ہیں حضرت عیسیٰ نبی ہوئے اور طرح طرح کے معجزے ان سے ظاہر ہوئے تو اس شک سے کہ وہ نبی نہیں اور یہود ان کے دشمن ہو گئے۔

سورہ مریم۔ حاشیہ از نور محمد

# حضرت صالح علیہ السلام

س۔ حضرت صالح علیہ السلام کس قوم میں پیدا ہوئے؟
ج۔ قوم ثمود میں۔
س۔ حضرت صالح علیہ السلام کس طرف مبعوث ہوئے؟
ج۔ قوم ثمود کی طرف۔
س۔ ثمود قوم کتنے رقبے پر آباد تھی؟
ج۔ اٹھارہ مربع میل پر۔ (تقریباً)
س۔ حضرت صالح علیہ السلام نے کونسا اہم معجزہ مانگا گیا؟
ج۔ حاملہ اونٹنی کا۔
س۔ قوم ثمود نے کتنے شہر آباد کیے؟
ج۔ ۷۰۰ شہر۔
س۔ اونٹنی کا معجزہ کس پیغمبر سے منسوب ہے؟
ج۔ حضرت صالح علیہ السلام سے۔
س۔ قرآن مجید میں حضرت صالح علیہ السلام کا نام کتنی جگہ پر آیا ہے؟
ج۔ آٹھ جگہوں پر۔
س۔ قرآن پاک میں قوم ثمود کا ذکر کس سورت میں آیا ہے؟
ج۔ سورہ ہود میں چار جگہوں پر۔
س۔ حضرت صالح علیہ السلام کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ ۲۱۰ برس کی عمر میں بعض کتابوں میں ۸۵ سال آیا ہے؟
س۔ آپ کا انتقال کہاں ہوا؟
ج۔ مکہ میں۔
س۔ صابن کس پیغمبر نے ایجاد کیا؟

ج۔ حضرت صالح علیہ السلام نے۔

س۔ حضرت صالح علیہ السلام نے زندگی کیسے گزاری؟

ج۔ ساری عمر ننگے پاؤں پھر کے اور مکان تک نہ بنایا۔

س۔ کس پیغمبر کے عہد میں قوم ثمود پر عذاب الٰہی نازل ہوا؟

ج۔ حضرت صالح علیہ السلام کے۔

س۔ حضرت صالح علیہ السلام کب نبی ہوئے؟

ج۔ حضرت صالح علیہ السلام نوعمری سے نبی ہوئے۔ (الاعراف ص ۲۲۸)

س۔ ان کی قوم کے کتنے لوگوں نے ایمان قبول کیا؟

ج۔ چند لوگوں نے۔

س۔ یہود کی سال میں کتنی عیدیں ہوتی تھیں؟

ج۔ سال میں ایک مرتبہ عید ہوتی تھی۔

س۔ حضرت ثمود کی قوم پر کیسا عذاب آیا؟

ج۔ آسمان سے ایک چنگاڑ آئی اور کلیجہ پھٹ گیا سب ہلاک ہو گئے۔

س۔ ابوز غال کیسے بچ گیا؟

ج۔ وہ حرم میں تھا اس لئے وہ بچ گیا۔ مگر جب وہ حرم سے باہر نکلا تو وہ بھی ہلاک ہو گیا۔

س۔ اس کی قبر کہاں پر واقع ہے؟

ج۔ طائف میں ہے۔

س۔ ثمود کی قوم کے لوگ کیسے تنومند تھے؟

ج۔ بہت مضبوط اور تنومند لوگ تھے۔

س۔ قوم نے حضرت صالح علیہ السلام سے کیا استہزاء کیا تھا؟

ج۔ وہ کہنے لگے اے صالح! اگر تم رسول ہو تو اپنا وعدہ سچ کر دکھاؤ غرض کہ عذاب کے لئے جلدی کی کہ بلا چپٹ پٹ اترے۔ یہ قوم کا بہت بڑا استہزا تھا اور وہ ان کو جھوٹا جانتے تھے۔

س۔ اس استہزاء کا کیا اثر ہوا؟

ج۔ اس استہزا پر عذاب نازل کیا گیا تھا۔

س۔ عذاب کس حالت میں تھا؟

ج۔ اوپر کی طرف سے سخت آواز' پھر نیچے سے سخت زلزلہ آیا۔ جس سے ان کے دل دہل گئے اور پھٹ گئے (جامع البیان)

## نصاریٰ کے شکوک:۔

نصاریٰ کے شک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں یہ ہیں کہ:۔

i۔ فرقہ یعقوبیہ تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا مانتے ہیں۔

ii۔ فرقہ فسطو یہ خدا کا بیٹا کہتے ہیں۔

iii۔ فرقہ اسرائیہ حضرت مریم' حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور اللہ تعالیٰ کو ملا کر تین خدا ہونے کے قائل ہیں۔ اگرچہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کی تردید کی ہے۔

سورہ مریم۔ حاشیہ نور محمد غفی اللہ عنہٗ

## حضور اکرم کا فرمان:۔

آپ ﷺ نے فرمایا:۔

ملعون ہے جس نے قوم لوط والا کام کیا۔

ملعون ہے جس نے قوم لوط والا کام کیا۔

ملعون ہے جس نے قوم لوط والا کام کیا۔

الاعراف: ص ۱۲۲۹

# حضرت ابراہیم علیہ السلام

س۔ آپؑ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ تارخ۔
س۔ آپ کس شہر میں پیدا ہوئے؟
ج۔ اُر میں۔
س۔ آپ کے چچا کا پیشہ کیا تھا؟
ج۔ بت تراش۔
س۔ آپ کس قوم سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ قوم ثمود سے۔
س۔ آپ کے چچا کا کیا نام تھا؟
ج۔ حاران۔ آزر
س۔ آپ کی پہلی بیوی کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت سارہ علیہم السلام۔
س۔ آپ کے بھتیجے کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت لوط علیہ السلام۔
س۔ وہ کہاں کے لوگوں کی ہدایت کے لئے مقرر ہوئے؟
ج۔ سدوم بستیوں کے لوگوں کے لئے۔
س۔ آپ کی دوسری بیوی کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت ہاجرہ علیہم السلام۔
س۔ حضرت ہاجرہ سے کیا اولاد ہوئی؟
ج۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام۔
س۔ حضرت سارہ سے کونسی اولاد تھی؟

ج۔ حضرت اسحاق علیہ السلام۔

س۔ آپ کا سلسلہ نسب کتنی نسل سے حضرت نوح علیہ السلام سے ملتا ہے؟

ج۔ نویں نسب سے۔

س۔ حضرت اسماعیل کو کہاں آباد کیا؟

ج۔ عرب میں (مکہ کے مقام پر)

س۔ حضرت اسحاق کو کہاں آباد کیا گیا؟

ج۔ شام کے علاقے میں۔

س۔ آپؑ نے بیت المقدس میں کتنے عرصہ قیام کیا؟

ج۔ ۷۵ برس تک۔

س۔ آپؑ نے کہاں ہجرت کی؟

ج۔ ۲ کنعان کی طرف۔

س۔ آپؑ کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

ج۔ گلہ بانی۔

س۔ ہجرت کے وقت آپ کے ساتھ کون تھا؟

ج۔ حضرت لوط علیہ السلام اور بی بی سارہ علیہم السلام۔

س۔ آپؑ نے سب سے پہلے کس کو ہدایت کی تبلیغ کی؟

ج۔ اپنے چچا آزر کو۔

س۔ کیا وہ آپؑ پر ایمان لے آیا؟

ج۔ وہ ایمان نہ لایا۔

س۔ آپؑ نے عید کے دن کتنے بتوں کو توڑا؟

ج۔ ۷۳ بتوں کو۔

س۔ کس سے بتوں کو توڑا گیا؟

ج۔ کلہاڑے سے۔

س۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنے کی تجویز کس نے دی؟

ج۔ ہمیزان نامی شخص نے۔

س۔ وہ کس قوم سے تعلق رکھتا تھا؟

ج۔ قوم ثمود سے۔

س۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کتنے عرصہ نمرود کی قید میں رہے؟

ج۔ تقریباً سات سال تک۔

س۔ آگ کا الاؤ کتنا اونچا تھا؟

ج۔ ساٹھ گز کی اونچائی تک۔

س۔ آتش نمرود کہاں جلائی گئی؟

ج۔ موجودہ شہر کوفہ کے نواح میں۔

س۔ آپ کو آگ میں کس طرح ڈالا گیا؟

ج۔ منجنیق کے ذریعے۔

س۔ منجنیق کس نے تیار کر کے دی تھی؟

ج۔ ابلیس لعین نے (جو کہ انسانی شکل میں تھا)

س۔ سارہ خاتون کون تھیں؟

ج۔ آپ کے چچا کی بیٹی تھیں۔

س۔ سارہ خاتون نے کب ایمان قبول کیا؟

ج۔ جس دن آپ کو آتش نمرود میں ڈالا گیا تھا۔ (واللہ اعلم)

س۔ نمرود کے خاندان میں سے کس نے اسلام قبول کیا؟

ج۔ آسیہؓ نے۔

س۔ آسیہؓ کون تھیں؟

ج۔ نمرود کی بیوی تھیں۔

س۔ آپ کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج۔ بنی اسرائیل سے۔

س۔ سب سے پہلے مسواک کلی اور پانی سے استنجا کس نے کیا؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س۔ سب سے پہلے ناخن تراشنے' موچھیں پست کرنے اور بغل کے غیر ضروری بال

صاف کرنے کا طریقہ کس نے اختیار کیا؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س۔ سب سے پہلے کس کی ریش میں سفید بال ظاہر ہوئے؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ریش میں۔

س۔ کیا اس سے پہلے کسی کے بال سفید ہوتے تھے؟

ج۔ نہیں۔

س۔ سب سے پہلے ختنہ کس نے ایجاد کیا؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س۔ آپ نے کتنے عمر میں ختنہ کیا؟

ج۔ ۸۰ سال کی عمر میں یا ۹۹ سال (واللہ اعلم)

س۔ کس مقام پر ختنہ فرمایا؟

ج۔ ملک شام میں بمقام قدوم میں۔

س۔ سب سے پہلے کس نے پاجامہ پہنا؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س۔ سب سے پہلے جوتا کس نے پہنا؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س۔ مال غنیمت کو تقسیم کرنے والی کونسی شخصیت ہے؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س۔ سب سے پہلے راہ حق میں ہجرت کرنے والی شخصیت کا نام بتائیں؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س۔ آپ پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟

ج۔ ۲۰ (بیس)۔

س۔ آپ کس مقام پر مدفون ہوئے؟

ج۔ مقام جبرون پر۔

س۔ سب سے پہلے مہمان نوازی کس نے کی؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س۔ آپ کی پیدائش کس کے زمانے میں ہوئی؟

ج۔ نمرود بن کنعان کے زمانے میں۔

س۔ خلیل کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

س۔ ابوالانبیاء کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

س۔ وہ کونسے پیغمبر ہیں جو غار میں پیدا ہوئے؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے۔

س۔ ساتویں آسمان پر حضور ﷺ کی ملاقات کس پیغمبر سے ہوئی؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س۔ جب آپ نے کنعان کی طرف ہجرت کی تو عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۷۵ سال۔

س۔ آپ کے کتنے بھائی تھے؟

ج۔ دو بھائی۔

س۔ آپ کے بھائیوں کے نام کیا تھے؟

ج۔ ہاران اور ناحور۔

س۔ حضرت سارہ کے انتقال کے بعد کتنے عرصہ زندہ رہے؟

ج۔ ۳۸ سال۔

س۔ حضرت سارہ کا انتقال کہاں ہوا؟

ج۔ کنعان میں (شام)

س۔ حضرت سارہ کا انتقال کتنی عمر میں ہوا؟

ج۔ ۱۲۷ سال۔

س۔ آپ کی دوسری بیوی کا کیا نام تھا؟

ج۔ حضرت ہاجرہ۔

س۔ حضرت ہاجرہ کا عبرانی نام کیا تھا؟
ج۔ ہاغا۔
س۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی پیدائش کے وقت آپ کی کتنی عمر تھی؟
ج۔ ۸۶ سال۔
س۔ بی بی ہاجرہ پانی کی تلاش میں صفا مروہ پر کتنی مرتبہ گئیں؟
ج۔ سات مرتبہ۔
س۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تیسری بیوی کا کیا نام تھا؟
ج۔ بی بی قطورہ۔
س۔ حضرت قطورہ کے بدن سے کتنے بیٹے ہوئے؟
ج۔ چھ بیٹے۔
س۔ آپ نے کل کتنے نکاح کئے؟
ج۔ چھ عقد کئے۔
س۔ آپ کے کل کتنے بیٹے تھے؟
ج۔ تیرہ بیٹے۔
س۔ مچھروں کا عذاب کس پیغمبر کی قوم پر نازل ہوا؟
ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم پر۔
س۔ آپ پر کتنے صحائف نازل ہوئے؟
ج۔ ۲۰ (بیس)
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۱۷۵ سال۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ ملک شام میں۔
س۔ اللہ تعالیٰ نے آگ کو ٹھنڈا کرنے کے لئے کیا حکم دیا؟
ج۔ قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰما علٰی اِبْرَاھِیْم
س۔ آپ کو اللہ تعالیٰ کتنی عمر میں دوسرا بیٹا عطا فرمایا۔

ج۔ ۱۰۰ برس کی عمر میں۔

س۔ آپ کا کونسا بیٹا ذبیح اللہ کہلایا؟

ج۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔

س۔ ظہر کی نماز سب سے پہلے کس نے ادا کی؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س۔ صابی کس پیغمبر کی قوم کو کہتے ہیں؟

ج۔ حضرت ابراھیم علیہ السلام کی قوم کو۔

س۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام یہودی تھے یا نصاریٰ۔

ج۔ وہ نہ یہودی تھے نہ نصاریٰ بلکہ وہ سیدھے راستے پر تھے۔

س۔ نمرود نے کس پیغمبر سے مناظرے کی گستاخی کی؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے۔

✿✿✿

# حضرت لوط علیہ السلام

س۔ حضرت لوط علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ حاران۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ عراق کے شہر ار میں۔

س۔ حضرت لوط علیہ السلام کی پرورش کس نے کی؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے پیغمبر بنا کر کس بستی میں بھیجا؟

ج۔ سدوم نامی بستی میں اور عمورہ میں۔

س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جنہوں نے راہ خدا میں سب سے پہلے ہجرت کی؟

ج۔ حضرت لوط علیہ السلام نے۔

س۔ آپ کو کہاں نبوت ملی؟

ج۔ مصر میں۔

س۔ حضرت لوط علیہ السلام کے دور میں کس بستی کو الٹ دیا؟

ج۔ سدوم کو فرشتوں نے الٹ دیا تھا؟

س۔ آپ کا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟

ج۔ آپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔

س۔ آپ کی اولاد کتنی تھی؟

ج۔ ۲ بیٹے اور دو بیٹیاں۔

س۔ آپ کے بیٹوں کے نام کیا تھے؟

ج۔ مواب۔عمران۔

س۔ آپ کی قوم میں کیا برائی نمایاں تھی؟
ج۔ اغلام بازی کرتے تھے۔
س۔ آپ کا کیا پیشہ تھا؟
ج۔ گلہ بانی۔
س۔ آپ کے پاس فرشتے کس شکل میں آئے؟
ج۔ انسانی شکل میں۔
س۔ کس پیغمبر کی بیوی عذاب میں ماری گئی؟
ج۔ حضرت لوط علیہ السلام کی۔
س۔ ہلاکت کی کیا وجہ تھی؟
ج۔ اس نے فرشتوں کی ہدایت کے خلاف پیچھے مڑ کر دیکھا تھا۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جن کی والدہ آپ کی بیٹی تھیں؟
ج۔ حضرت ایوب علیہ السلام۔
س۔ لوط لفظ کے لغوی معنی کیا ہیں؟
ج۔ پائیدار - مضبوط۔
س۔ آپ کے پاس کونسے فرشتے آئے تھے؟
ج۔ حضرت جبرائیل - حضرت میکائیل - حضرت اسرافیل۔

## حضور نبی کریم ﷺ کے نام:۔

i۔ قرآن میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔
ii۔ تورات میں حامد
iii۔ زبور میں محمود۔
iv۔ انجیل میں احمد۔

# حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

س۔ لفظ اسمٰعیل کے کیا معنی ہیں؟

ج۔ اللہ کا سنا ہوا۔

س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟

ج۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ۔

س۔ آپ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت ہاجرہ علیہم السلام۔

س۔ آپ کے والد کی وفات پر آپ کی عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۸۷ سال یا نواسی سال ۸۹۔

س۔ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کتنے سال پہلے پیدا ہوئے؟

ج۔ ۲۷۰۰ سال پہلے۔

س۔ آپ کا جب ختنہ کیا گیا تو کتنی عمر تھی؟

ج۔ ۱۳ سال۔

س۔ آپ اپنے چھوٹے بھائی سے کتنے سال بڑے تھے؟

ج۔ ۱۳ سال۔

س۔ آپ نے کس قبیلے میں شادی کی؟

ج۔ بنو جرہم میں۔

س۔ آپ نے کتنی شادیاں کیں؟

ج۔ دو شادیاں۔

س۔ پہلی بیوی کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج۔ بنو عمالقہ سے۔

س۔ پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟
ج۔ عمارہ بنت سعد بن اسامہ بن اکیل سے۔
س۔ پہلی بیوی کے والد کا نام کیا تھا؟
ج۔ فضاض بن عمرو۔
س۔ آپ کی اولاد کتنی تھی؟
ج۔ بارہ بیٹے اور ایک بیٹی تھی۔
س۔ آپ کی مادری زبان کیا تھی؟
ج۔ مادری زبان قبطی تھی۔
س۔ پدری زبان کیا تھی؟
ج۔ پدری زبان عبرانی تھی۔
س۔ آپ کے دوسرے بھائی کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت اسحاق علیہ السلام۔
س۔ آپ کی لڑکی کا کیا نام تھا؟
ج۔ بشامہ یا محلات۔
س۔ آپ کے کونسے بیٹے کی نسل اصحاب الحجر کہلاتی؟
ج۔ نابت کی نسل۔
س۔ آپ کے کس بیٹے کی نسل اصحاب الراس کہلاتی؟
ج۔ قیدار کی نسل۔
س۔ خانہ کعبہ کے پہلے متولی کون مقرر ہوئے؟
ج۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔
س۔ ذبیح اللہ کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کو۔
س۔ ابوالعرب کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کو۔
س۔ حجر اسود کون سے پیغمبر تلاش کر کے لائے؟

ج۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام۔

س۔ آپ کی وفات کے بعد کون خانہ کعبہ کے متولی مقرر ہوئے؟

ج۔ بڑے بیٹے نابت۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۱۳۵ سال۔

س۔ آپ کا انتقال کہاں ہوا؟

ج۔ مکہ میں۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ حرم کے اندر۔

س۔ توریت کے مطابق آپ کی قبر کہاں ہے؟

ج۔ فلسطین میں۔

س۔ آپ کے بیٹوں کے نام کیا تھے؟

ج۔ قیدار - اوبیل - بسام - مشیماع - ذوما - مسا - حرام، بطور - نفیس - تیمہ - قدما - نیابوث۔

س۔ آپ نے کس عمارت کے تعمیر میں باپ کا ہاتھ بٹا بنایا؟

ج۔ خانہ کعبہ کی عمارت کی تعمیر میں۔

س۔ آپ کی دوسری بیوی کا نام کیا تھا؟

ج۔ سیدہ بنت مضاض جرہمی۔

س۔ جب باپ آپ کو ذبح کرنے کے لئے لے گئے تو عمر کتنی تھی؟

ج۔ سات برس صرف۔

س۔ جب شیطان نے آپ کو وسوسہ ڈالنا چاہا تو آپ نے کیا جواب دیا؟

ج۔ ''یہ تو میری ایک جان ہے اگر ہزار جانیں بھی ہوں تو میں خدا کی راہ میں قربان کرنے کو تیار ہوں۔''

س۔ جب آپ کو ذبح کرنے کے لئے باپ لے گئے تو ان کی اولاد کتنی تھی؟

ج۔ صرف آپ ہی اکلوتے بیٹے تھے۔

س۔ آپ کی پہلی شادی کتنی عمر میں ہوئی؟
ج۔ ۱۳یا چودہ سال کی عمر میں۔
س۔ آپ نے پہلی بیوی کو طلاق کن کے حکم سے دی؟
ج۔ باپ کے حکم پر۔
س۔ پہلی بیوی سے اولاد کیا تھی؟
ج۔ کوئی اولاد نہ تھی۔
س۔ آپ کے سوتیلے بھائی کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت اسحاق علیہ السلام۔

## انبیاء کی عمریں:۔

| | |
|---|---|
| حضرت آدم علیہ السلام کی عمر۔ | ۱۰۰۰سال |
| حضرت نوح علیہ السلام کی عمر۔ | ۹۵۰سال |
| حضرت شعیب علیہ السلام کی عمر۔ | ۹۹۲سال |
| حضرت ادریس علیہ السلام کی عمر۔ | ۹۶۲سال |
| حضرت ہود علیہ السلام کی عمر۔ | ۲۶۵سال |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر۔ | ۱۷۵سال |
| حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی عمر۔ | ۱۳۷سال |
| حضرت یعقوب علیہ السلام کی عمر۔ | ۱۲۷سال |
| حضرت موسیٰ علیہ السلام کی عمر۔ | ۱۲۵سال |
| حضرت اسحاق علیہ السلام کی عمر۔ | ۱۲۰سال |
| حضرت یوسف علیہ السلام کی عمر۔ | ۱۱۰سال |
| حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک۔ | ۶۳سال |

# حضرت اسحاق علیہ السلام

س۔ حضرت اسحاق علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت سارہ۔
س۔ آپ کے والد کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔
س۔ آپ کے بڑے بھائی کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔
س۔ جب آپ پیدا ہوئے تو آپ کے والد کی عمر کیا تھی؟
ج۔ ۱۰۰ سال۔
س۔ آپ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے کتنے سال چھوٹے ہیں؟
ج۔ ۱۴ سال یا ۱۳ سال۔
س۔ ۲۰۶۰ ق م کس پیغمبر کا سن پیدائش تھا؟
ج۔ حضرت اسحاق علیہ السلام۔
س۔ آپ کا ختنہ کتنی عمر میں کیا گیا؟
ج۔ آٹھ دن کے ہونے پر۔
س۔ آپ کی شادی کب ہوئی؟
ج۔ ۲۰۲۰ ق م۔
س۔ آپ کی بیوی کا کیا نام تھا؟
ج۔ رابقہ۔
س۔ آپ کے سسر کا کیا نام تھا؟
ج۔ بتویل۔
س۔ آپ کے بیٹوں کے کیا نام تھے؟
ج۔ عیسو - یعقوب علیہ السلام۔
س۔ عیسو کی بیوی کا نام کیا تھا؟

ج۔ باہمہ یا محلاہ۔

س۔ یہودی کس کو ذبیح اللہ کہتے ہیں؟

ج۔ حضرت اسحاق علیہ السلام کو۔

س۔ حضرت اسحاق علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۱۸۰ سال۔

س۔ آپ نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ فلسطین میں۔

س۔ آپ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے کتنے سال چھوٹے تھے؟

ج۔ ۱۴ سال۔

س۔ آپ کے بیٹے عیسو کی سب سے بڑی نشانی کیا تھی؟

ج۔ اس کے جسم پر بہت بال تھے۔

س۔ آپ نے اپنے بڑے بیٹے سے کیا فرمائش کی؟

ج۔ شکار کا گوشت کا کباب بنا کر کھلانے کی۔

س۔ آپ کو پہلے کس نے گوشت کا کباب کھلایا؟

ج۔ حضرت یعقوب علیہ السلام (چھوٹے بیٹے نے)

س۔ جب اس عمل کا علم بڑے بیٹے عیسو کو ہوا تو کیا ردعمل ہوا؟

ج۔ دونوں ناراض ہو گئے۔

س۔ ناراضگی کی وجہ سے حضرت یعقوب علیہ السلام کہاں چلے گئے؟

ج۔ اپنے ماموں کے ہاں۔

س۔ آپ کے کس بیٹے کی اولاد بنی اسرائیل کہلائی؟

ج۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی۔

س۔ آپ کا بیٹا کس ماموں کے ہاں چلا گیا نام بتایئے؟

ج۔ لابان ابن بتویل۔

س۔ آپ کے کس بیٹے کے بارہ بیٹے ہوئے؟

ج۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے۔

س۔ آپ کے چھوٹے بیٹے نے کس جانور کے گوشت کے کباب کھلائے؟

ج۔ اپنی بکری کے گوشت کے کباب۔

س۔ آپ نے بڑے بیٹے (عیسو) کو کس غرض کے لئے کباب کھلانے کو کہا؟

ج۔ آپ نے فرمایا "شکار کر کے لا اور مجھے کھانا کھلا میں تیرے حق میں برکت کی دعا کروں گا"

س۔ آپ کے دونوں بیٹوں کا کب انتقال ہوا؟

ج۔ اکٹھے ہی دونوں کا انتقال ہوا (واللہ اعلم)

س۔ باپ نے آپ کو کہاں آباد کیا؟

ج۔ شام میں۔

س۔ اس کی کیا وجہ تھی؟

ج۔ چونکہ دونوں بھائی سوتیلے تھے اور دوسرے ملک عرب اور شام پڑوسی ملک تھے۔ دونوں ایک دوسرے کی امداد بھی کر سکتے تھے اور ہر مشکل میں کام بھی آ سکتے تھے۔

س۔ دونوں بھائیوں کے مراسم کیسے رہے؟

ج۔ ساری زندگی مراسم بہترین رہے۔

س۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا حیات میں کیا سلوک رہا؟

ج۔ دونوں بیٹوں کے پاس آتے جاتے رہتے تھے۔ دونوں خوش رکھے ہوئے تھے۔

س۔ ابوالعرب کس پیغمبر کا لقب تھا؟

ج۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا۔

س۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو کہاں آباد کیا گیا تھا؟

ج۔ مکہ میں۔

س۔ آپ کے دونوں بیٹوں میں کونسا بڑا تھا؟

ج۔ دونوں جڑواں بیٹے تھے عیسو بڑا تھا۔

س۔ آپ کا کونسا بیٹا شکاری تھا؟

ج۔ عیسو (بڑا بیٹا)

# حضرت یعقوب علیہ السلام

س۔ آپ کے والد کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت اسحاق علیہ السلام۔
س۔ والدہ کا اسم کیا تھا؟
ج۔ رابقہ۔
س۔ آپ کے دادا کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔
س۔ آپ کے تایا کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔
س۔ آپ کی شادی کس کی لڑکی سے ہوئی؟
ج۔ ماموں کی لڑکی سے۔
س۔ آپ نے کتنی شادیاں کیں؟
ج۔ چار شادیاں۔
س۔ آپ کی بیویوں کے نام کیا تھے؟
ج۔ حضرت لیا اور راحیل دونوں بہنیں تھیں' بلہا اور زلفہ دونوں خادمائیں تھیں' مگر ان سے عقد کر لیا گیا تھا۔
س۔ آپ کے اس بیٹے کا نام کیا تھا جو پیغمبر ہوئے؟
ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔
س۔ آپ کی اولاد کتنی تھی؟
ج۔ بارہ لڑکے اور ایک لڑکی۔
س۔ اولاد کی تفصیل بتائیں؟
ج۔ أ۔ حضرت راحیل سے حضرت یوسف علیہ السلام اور بنیامین۔

ii۔ لیا سے یہودا' روبن' شمعون' لاوی' یسا خر' زبولون اور ایک لڑکی دینہ تھی۔

iii۔ بلہا (خادمہ) کے بطن سے وان اور نفتالی۔

iv۔ زلفہ (خادمہ) کے بطن سے جر - آشر۔

س۔ آپ کا عبرانی زبان میں کیا نام ہے؟

ج۔ اسرائیل۔

س۔ اسرائیل کے لفظی معنی کیا ہیں؟

ج۔ اللہ کا بندہ۔ رات کو چلنے والا۔

س۔ آپ کی اولاد کیا کہلائی؟

ج۔ بنی اسرائیل۔

س۔ آپ کو نبوت کب ملی؟

ج۔ چالیس سال کی عمر میں۔

س۔ آپ کن لوگوں کی ہدایت کے لئے مقرر ہوئے؟

ج۔ اہل کنعان کے لوگوں کی ہدایت کے لئے۔

س۔ آپ کے وقت میں کنعان کا بادشاہ کون تھا؟

ج۔ شلحم بن دارا۔

س۔ آپ کی قوم پر کس قسم کا عذاب آیا؟

ج۔ زلزلے کا عذاب آیا۔

س۔ آپ کی بینائی جاتی رہی اس کی کیا وجہ تھی؟

ج۔ اپنے بیٹے یوسف کی جدائی میں روتے ہوئے۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۱۴۷ سال۔

س۔ آپ نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ مصر میں۔

س۔ کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ شام میں حضرت سارہ کے پہلو میں۔

س۔ آپ کے سسر کا نام کیا تھا؟
ج۔ لابان۔
س۔ آپ اپنے ماموں کے پاس کتنے عرصہ رہے؟
ج۔ بیس سال تک۔
س۔ آپ کی بیٹی کا نام کیا تھا؟
ج۔ دینہ (صرف ایک ہی لڑکی تھی)
س۔ آپ کا کونسا بیٹا کنعان میں پیدا ہوا تھا؟
ج۔ بنیامین۔
س۔ اسباط کس پیغمبر کی اولاد کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد کو۔
س۔ آپ کا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا؟
ج۔ پوتے تھے۔
س۔ آپ کتنے عرصہ مصر میں رہے؟
ج۔ ۷۰ سال تک۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۱۴۷ سال کی۔
س۔ آپ نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۱۸۵۳ ق م۔
س۔ قرآن پاک کی کس سورۃ میں آپ کا زیادہ ذکر ہے؟
ج۔ سورہ بقرہ میں۔
س۔ کونسے نبی صابر مشہور ہیں؟
ج۔ حضرت یعقوب علیہ السلام۔
س۔ آپ کا وصال کہاں ہوا؟
ج۔ مصر میں۔
س۔ آپ کا کونسا بیٹا حسن میں مشہور ہوا؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔

س۔ آپ کا کونسا بیٹا مصر کا حاکم بنا؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔

س۔ آپ کس بیٹے کے پاس مصر گئے؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس۔

س۔ آپ کا کونسا بیٹا قید میں رہا؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔

س۔ آپ کے کس بیٹے کو زیادہ مصائب کا سامنا کرنا پڑا؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو۔

س۔ قحط کی حالت میں آپکے بیٹے کس ملک میں غلہ لینے گئے؟

ج۔ مصر میں۔

س۔ اس وقت وہاں کا وزیر خوراک کون تھے؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔

س۔ آپ کی بینائی کیسے بحال ہوئی؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیض کو منہ پر ڈالنے سے۔

س۔ آپ کو سب سے زیادہ کونسا بیٹا عزیز تھا؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔

س۔ جب آپ مصر پہنچے تو آپ کا استقبال کس نے کیا؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے شاندار انداز سے۔

س۔ آپ کو کہاں بٹھایا گیا؟

ج۔ تخت پر بٹھایا۔

س۔ تخت پر بیٹھا کر کیا بتایا گیا؟

ج۔ خواب کی تعبیر بتائی گئی۔

# حضرت یوسف علیہ السلام

س۔ آپ کے والد محترم کا نام تھا؟
ج۔ حضرت یعقوب علیہ السلام۔
س۔ آپ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج۔ راحیل بنت الابان۔
س۔ آپ کے ماموں کا کیا نام تھا؟
ج۔ لابان بن بتویل۔
س۔ آپ کے دادا کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت اسحاق علیہ السلام۔
س۔ جب آپ کی والدہ کا انتقال ہوا تو آپؑ کی عمر کیا تھی؟
ج۔ پانچ سال۔
س۔ اس پیغمبر کا نام بتائیں جن کو بچپن میں انؑ کے بھائیوں نے کنوئیں میں ڈالا تھا؟
ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔
س۔ جب آپ کو کنوئیں میں ڈالا گیا تو اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟
ج۔ تقریباً سترہ سال۔
س۔ آپ کے بھائیوں نے آپ کے بارے میں کیا بہانہ کیا؟
ج۔ بھیڑیا کھا گیا ہے۔
س۔ آپ کنوئیں کے اندر کتنے دن رہے؟
ج۔ تین دن تک۔
س۔ سوداگر کے کس غلام نے کنوئیں سے باہر نکالا۔ نام بتایئے؟
ج۔ مالک بن زہرا۔ بشرا۔
س۔ آپ نے بہت پہلے کس پر ظاہر کیا کہ میں ہی یوسف ہوں؟

ج۔ بنیامین پر۔
س۔ آپ کے کتنے بھائی تھے؟
ج۔ گیارہ بھائی تھے۔
س۔ ان میں سگے کتنے تھے؟
ج۔ صرف ایک ہی۔ باقی سب سوتیلے تھے۔
س۔ آپ کے سوتیلے سب سے بڑے بھائی کا کیا نام تھا؟
ج۔ یہودا۔
س۔ آپ کتنے عرصہ قید رہے؟
ج۔ سات سال تک۔
س۔ امیر قافلہ آپ کو کہاں لے گیا؟
ج۔ مصر میں۔
س۔ وہاں اس نے کیا کیا؟
ج۔ آپ کو فروخت کر دیا۔
س۔ آپ کو مصر میں کس نے خریدا؟
ج۔ فوطبکار نے۔
س۔ اس کے ہاں پہلے اولاد تھی؟
ج۔ نہیں تھی۔
س۔ اس کا کیا نام تھا؟
ج۔ فوطبکار۔
س۔ اس کی بیوی کا کیا نام تھا؟
ج۔ زلیخا۔
س۔ آپ پر کس عورت نے بہتان لگایا؟
ج۔ زلیخا نے (آپ کے ساتھ برائی کرنا چاہتی تھی)
س۔ زلیخا کے چچازاد بھائی کا کیا نام تھا؟
ج۔ ذکی۔

س۔ عورتوں نے زلیخا پر کیا الزام لگایا؟

ج۔ خادم پر عاشق ہو گئی ہے۔

س۔ زلیخا نے کس طرح اپنی صفائی پیش کی؟

ج۔ زلیخا نے تمام عورتوں کی دعوت کی اور ان کے سامنے پھل کاٹ کر کھانے کے لئے رکھے جب وہ کاٹنے لگیں تو حضرت یوسف علیہ السلام کو گزار دیا جس کو دیکھ کر انہوں نے اپنے ہاتھوں کی انگلیاں کاٹ لیں اور وہ اچانک بول اٹھیں۔

س۔ وہ کیا بول اٹھیں؟

ج۔ وہ انسان نہیں ہے بلکہ فرشتہ ہے۔

س۔ وہ کونسے پیغمبر ہیں جن کو ''ماہ طلا'' کہا جاتا ہے؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو۔

س۔ معراج میں تیسرے آسمان پر حضور کی ملاقات کس پیغمبر سے ہوئی؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام سے۔

س۔ القصص قرآن مجید نے کس کے واقعہ کو کہا ہے؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ کو۔

س۔ آپ کا قرآن پاک میں کتنی مرتبہ ذکر آیا ہے؟

ج۔ ۲۶ مرتبہ۔

س۔ آپ کی بیویوں کے نام کیا تھے؟

ج۔ آسناتھ اور زلیخا۔ (مگر بعض علماء زلیخا سے انکار کرتے ہیں)(واللہ اعلم)

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۱۲۰ سال۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ بیت المقدس میں۔

س۔ آپ کے کس بیٹے کی دختر (لڑکی) حضرت ایوب علیہ السلام کی زوجہ تھیں؟

ج۔ افرائیم کی دختر۔

س۔ آپ کی اس پوتی کا نام کیا تھا جو حضرت ایوب علیہ السلام کی زوجیت میں آئی

ج۔ رحمت بی بی۔

س۔ بتائیے "حسن" کے لئے کون سا پیغمبر مشہور ہے؟

ج۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔

س۔ آپ نے اپنے بھائیوں کو کیا وصیت فرمائی؟

ج۔ "جب بنی اسرائیل اپنے وطن واپس جائیں تو میری لاش کو لے جائیں"

س۔ اس وصیت پر کب عمل کیا گیا؟

ج۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور میں مصر سے نکلے تو ان کا صندوق بھی ساتھ لے آئے۔

س۔ دوبارہ کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ آبائی وطن میں دفن کیا گیا۔

# حضرت شعیب علیہ السلام

س۔ حضرت شعیب علیہ السلام کا کس قبیلے سے تعلق تھا؟

ج۔ مدین قبیلہ سے۔

س۔ آپ کس قبیلے کی طرف مبعوث ہوئے؟

ج۔ مدین قبیلہ کی طرف۔

س۔ مدین کس کے بیٹے کا نام تھا؟

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے کا نام۔

س۔ مدین کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ قطورہ (تیسری بیوی تھیں)

س۔ آپ کی قوم پر کس قسم کے عذاب نازل ہوئے؟

ج۔ i۔ چیخ یا چنگھاڑ۔

ii۔ زلزلہ کا آنا۔

iii۔ عذاب ظلّہ۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۱۴۰ سال۔

س۔ آپ کا مدفن کہاں ہے؟

ج۔ حضر موت کے شہر میں۔

س۔ آپ کا لقب کیا تھا؟

ج۔ تیرو۔

س۔ تیرو کے معنی کیا ہیں؟

ج۔ کامل کے ہیں۔

س۔ خطیب الانبیاء کس پیغمبر کا نام ہے؟

ج۔ حضرت شعیب علیہ السلام کا۔

س۔ شیخ الانبیاء کس پیغمبر کو کہتے ہیں؟

ج۔ حضرتِ شعیب علیہ السلام کو۔

س۔ آپ کی بعثت کہاں ہوئی؟

ج۔ مدین یامدیان میں۔

س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جو اپنی قوم کی ہلاکت کو دیکھ کر اتنا روئے کہ وہ نابینا ہوگئے؟

ج۔ حضرت شعیب علیہ السلام۔

س۔ ناپ تول میں کمی کرنے پر کس پیغمبر کی قوم پر عذاب الٰہی آیا؟

ج۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم۔

س۔ آپ کتنے برس دنیا میں نابینا رہے؟

ج۔ بارہ سال تک۔

س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سسر کا نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت شعیب علیہ السلام۔

س۔ آپ کا قرآن حکیم میں کتنی مرتبہ ذکر آیا ہے؟

ج۔ چار مرتبہ۔

س۔ آپ نے کس بیٹی کے ساتھ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عقد کیا؟

ج۔ صفورا۔

س۔ صفورا کی کتنی اولاد ہوئی؟

ج۔ دو لڑکے۔

س۔ ان میں سے کس کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا نائب بنایا؟

ج۔ کسی کو بھی نہیں۔

# حضرت ایوب علیہ السلام

س۔ آپ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟
ج۔ عیسو ابن اسحاق علیہ السلام کے خاندان سے۔
س۔ تورات میں آپ کا نام کیا بتایا گیا ہے؟
ج۔ یوباب۔ یا Job (جوب)۔
س۔ آپ کی وفادار بیوی کا کیا نام تھا؟
ج۔ رحمت بی بی۔
س۔ وہ کس کی بیٹی تھیں؟
ج۔ افراہیم کی۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ کموس۔
س۔ آپ کی والدہ کس کی بیٹی تھیں؟
ج۔ حضرت لوط علیہ السلام کی۔
س۔ آپ کس قوم کی طرف مبعوث ہوئے؟
ج۔ قوم ادوم کی طرف۔
س۔ آپ کس صفت کے لئے مشہور ہیں؟
ج۔ صبر کے لئے۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۱۴۰ سال۔
س۔ آپ کا عبرانی نام کیا ہے؟
ج۔ ادب۔
س۔ آپ نے کتنی شادیاں کیں؟

ج۔ چار۔

س۔ بتائیے کس پیغمبر کے پاس پانچ سو غلام تھے؟

ج۔ حضرت ایوب علیہ السلام کے۔

س۔ حضرت لوط علیہ السلام اور حضرت ایوب علیہ السلام کا کیا رشتہ تھا؟

ج۔ حضرت لوط علیہ السلام حضرت ایوب علیہ السلام کے نانا تھے۔

س۔ بتائیے کہ کس پیغمبر کے جسم میں کیڑے پڑ گئے؟

ج۔ حضرت ایوب علیہ السلام کے جسم میں۔ (واللہ اعلم)

س۔ آپ کتنے عرصہ تک مصائب میں مبتلا رہے؟

ج۔ تقریباً تیرہ سال تک۔

س۔ ۱۵۰۰ ق م ـــــ ۱۳۰۰ ق م کا زمانہ کس پیغمبر کے عہد کا ہے؟

ج۔ حضرت ایوب علیہ السلام۔

نوٹ:۔

حضرت ایوب علیہ السلام کے جسم میں کیڑے پڑنے کی روایت اسرائیلی ہے اس لیے تحقیق کی ضرورت ہے۔



❁❁❁

# حضرت موسیٰ علیہ السلام

س۔ آپؑ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ مصر میں۔
س۔ آپؑ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ عمران۔
س۔ آپؑ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج۔ یوکبد (Yocaebed)
س۔ ۱۵۲۰ ق م کو کون سے پیغمبر پیدا ہوئے؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔
س۔ عبرانی زبان میں توراۃ کے کیا معنی ہیں؟
ج۔ شریعت کے ہیں۔
س۔ لفظ موسیٰ علیہ السلام کے کیا معنی ہیں؟
ج۔ پانی سے نکالا گیا؟
س۔ عبرانی زبان میں موسیٰ علیہ السلام کا نام کیا آتا ہے؟
ج۔ موشا۔
س۔ آپؑ کو پیدائش کے کتنے دن کے بعد دریا میں ڈالا گیا تھا؟
ج۔ تین دن کے بعد۔ (علامہ طبری)
س۔ آپؑ کی پیدائش کے وقت آپؑ کے والد کی عمر کیا تھی؟
ج۔ ۸۰ سال۔
س۔ جس زمانہ میں آپؑ پیدا ہوئے تو اس وقت کے فرعون کا نام کیا تھا؟
ج۔ قابوس ابن مصعب ابن ریان۔
س۔ آپ اپنے بھائی سے کتنے چھوٹے تھے؟
ج۔ تین سال۔
س۔ آپ کی بہن کا کیا نام تھا؟

ج۔ مریم بی بی۔
س۔ فرعون کی بیوی کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت آسیہؓ۔
س۔ آپ کتنے عرصہ فرعون کے گھر رہے؟
ج۔ تیس سال (۳۰ سال تک)۔
س۔ آپ کو کس وادی میں نبوت ملی؟
ج۔ وادی طویٰ۔
س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کس پیغمبر کی بکریاں چرائیں؟
ج۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی۔
س۔ آپ کے سسر کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت شعیب علیہ السلام۔
س۔ آپ کی بیوی کا کیا نام تھا؟
ج۔ صفورہ۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جن کی زبان بچپن میں جل گئی تھی؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر ہیں جو اپنی بسالت کی وجہ سے مشہور ہیں؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔
س۔ اژدہا کس پیغمبر کا معجزہ ہے؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جو دونوں بھائی تھے؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام۔
س۔ آپ کا قرآن پاک میں کتنی مرتبہ نام آیا ہے؟
ج۔ ایک سو سات مرتبہ۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر ہیں جس نے حضور ﷺ کو پچاس نمازوں کے کم کرنے کا مشورہ دیا؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔
س۔ عصا اور ید بیضا کے معجزات کس پیغمبر کے ہیں؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے۔
س۔ آپ کے بیٹے کا کیا نام تھا؟

ج۔ جیرسون۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۱۲۰ سال۔
س۔ آپ کا کس پہاڑ پر انتقال ہوا؟
ج۔ کوہ اباریم پر۔
س۔ آپ نے کس کو اپنا نائب مقرر کیا؟
ج۔ حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کو۔
س۔ حضرت ہارون علیہ السلام کی جگہ پر کس کو نائب مقرر کیا؟
ج۔ ایعزر کو۔
س۔ من وسلویٰ کس نبی کی امت پر اترا؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت پر۔
س۔ آپ بنی اسرائیل کو لے کر کس دریا سے گزرے؟
ج۔ بحیرہ قلزم۔
س۔ دریا کو عبور کرنے کے بعد کس وادی میں داخل ہوئے؟
ج۔ وادی سینا میں۔
س۔ اس وادی میں قوم نے کن چیزوں کے کھانے کی خواہش کی؟
ج۔ ترکاری - ککڑی - لہسن - مسور کی دال اور پیاز۔
س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی معراج کہاں ہوئی؟
ج۔ کوہ طور پر۔
س۔ حضرت موسیٰ کا صفورا کے بطن سے ایک بیٹا پیدا ہوا تھا اس کا نام بتایئے؟
ج۔ جیرسوم۔
س۔ حضرت موسیٰ کے نکاح کا مہر کتنا رکھا گیا تھا؟
ج۔ آٹھ یا نو برس حضرت شعیب علیہ السلام کی خدمت کرنے کا اور بعض کے نزدیک چند بکریاں۔ مہر ٹھہرایا گیا تھا (واللہ اعلم)
س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کتنی عمر میں نبوت ملی؟
ج۔ ۸۰ سال کی عمر میں۔
س۔ عصائے موسیٰ کی شکل کیسی تھی؟

ج۔ عصا کی لمبائی ۱۰ گز تھی۔ نیچے ایک لوہے کی بھال لگی ہوئی تھی اور سر دو شاخہ تھا۔

س۔ حضرت موسیٰ کی بعثت کے وقت مصر پر کونسا خاندان حاکم تھا؟

ج۔ بنی عمالقہ۔

س۔ حضرت موسیٰ اور ہارون علیہم السلام دن کی کس گھڑی میں فرعون کے دربار میں گئے؟

ج۔ صبح کی نماز پڑھ کر گئے۔

س۔ حضرت موسیٰ اور جادوگروں کا مقابلہ دن کی کسی گھڑی میں کروایا گیا؟

ج۔ چاشت کے وقت۔

س۔ حضرت موسیٰ کے مقابلے میں فرعون نے کتنے جادوگروں کو بلایا تھا؟

ج۔ چار ہزار جادوگروں کو۔

س۔ بتایئے اس مقابلے میں پہل کس نے کی؟

ج۔ جادوگروں نے۔

س۔ حضرت موسیٰ کی جیت پر فرعون کا کیا ارادہ تھا؟

ج۔ حضرت موسیٰ کو قتل کرنے کا۔

س۔ کس شخص نے فرعون کو منع کیا؟

ج۔ حزقیل نے یا کوئی نیک بندہ (واللہ اعلم)

س۔ فرعون کی قوم میں سے کتنے آدمی حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے؟

ج۔ i۔ حضرت آسیہ زوجہ فرعون۔

ii۔ فرعون کا چچازاد بھائی۔

iii۔ حزقیل۔

س۔ حضرت موسیٰؑ نے کتنے عرصہ دعوت دی؟

ج۔ چالیس سال۔

س۔ فرعون کے وزیر کا کیا نام تھا؟

ج۔ ہامان۔

س۔ ہامان نے فرعون کو جوان بنانے کے لئے کیا چیز بنا کر دی تھی؟

ج۔ خضاب۔

س۔ اینٹ کس نے ایجاد کی؟
ج۔ ہامان نے۔
س۔ بنی اسرائیل ابتداء سے مصر میں کہاں آباد تھے؟
ج۔ جوشن کے مقام پر۔
س۔ واقعہ خروج مصر کس سن میں پیش آیا؟
ج۔ ۱۴۴۰ ق م۔
س۔ خروج مصر کے وقت کتنے لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہمراہ تھے؟
ج۔ چھ لاکھ (تقریباً)۔
س۔ کیا فرعون غرق ہونے کے وقت ایمان لے آیا؟
ج۔ جی ہاں۔
س۔ فرعون کی لاش آج کل کہاں ہے؟
ج۔ قاہرہ کے عجائب گھر میں۔
س۔ وادیٔ سینا کا دوسرا نام کیا ہے؟
ج۔ وادی تیہ۔
س۔ قرآن میں کوہ طور کا کیا نام ہے؟
ج۔ جبل ایمن۔
س۔ حضرت موسیٰ نے کوہ طور پر کتنے دن کا اعتکاف کیا؟
ج۔ چالیس دن تک = چالیس راتیں۔
س۔ لفظ تورات کے لفظی معنی کیا ہیں؟
ج۔ شریعت کے۔
س۔ حضرت موسیٰ نے کس ماہ سے کس ماہ تک کوہ طور پر اعتکاف کیا؟
ج۔ یکم ذی العقد سے دس ذوالحجہ تک۔
س۔ حضرت موسیٰ کو تورات کس شکل میں ملی؟
ج۔ پتھر کی دو تختیوں پر لکھی ہوئی۔
س۔ پتھر کی تختیوں پر حضرت موسیٰ کو کتنے احکام دیے گئے تھے؟

ج۔ دس۔

س۔ تذکرہ الانبیاء میں تورات کا حجم کیا ہے؟

ج۔ ایک فٹ کے برابر۔

س۔ تذکرۃ الانبیاء کے مطابق ان لوحوں پر کتنی سورتیں درج تھیں؟

ج۔ تین ہزار سورتیں اور ہر سورت میں ایک ہزار آیت تھی لوحوں پر صرف مثل نقش نگین کندہ تھے۔

س۔ بتایئے ان لوحوں کو کتنے اونٹ اٹھا سکتے تھے؟

ج۔ ستر اونٹ۔

س۔ سامری پیشے کے لحاظ سے کون تھا؟

ج۔ زرگر۔

س۔ سامری کس قوم سے تعلق رکھتا تھا؟

ج۔ سمیری قوم سے۔

س۔ سمیر کا قوم کا اصل وطن کہاں تھا؟

ج۔ عراق۔

س۔ قارون کون تھا؟

ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچا زاد بھائی؟

س۔ قارون کی ہلاکت کا واقعہ کب پیش آیا؟

ج۔ رات کے وقت۔

س۔ حضرتِ موسیٰ نے کتنی شادیاں کیں؟

ج۔ پانچ (۵)

س۔ حضرت موسیٰ کی پہلی شادی کے وقت عمر کتنی تھی؟

ج۔ بیس برس۔

س۔ حضرت موسیٰ کی پہلی شادی کس نے کرائی تھی؟

ج۔ فرعون نے۔ (واللہ اعلم)

س۔ حضرت موسیٰ کی پہلی بیوی سے کیا اولاد تھی؟

ج۔ حرتون - بلقاء۔

س۔ حضرت موسیٰ کی دوسری بیوی سے کیا اولاد تھی؟

ج۔ جیرسوم - الیسرز۔

س۔ حضرت موسیٰ کی تیسری بیوی کس خاندان سے تھی؟

ج۔ حبشتی خاندان سے۔

س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پانچویں بیوی کس کی بیٹی تھی؟

ج۔ رویا ٹیل کی۔

س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی چوتھی بیوی کے والد کا نام بتایئے؟

ج۔ قیسنی۔

س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پانچویں بیٹے کا نام کیا تھا؟

ج۔ حوباب (یہ پانچویں بیوی کے بطن سے تھا)

س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟

ج۔ گلہ بانی۔

س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ وادی مواب میں۔یا (واب) (واللہ اعلم)

س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تورات کے مطابق کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ اریحا میں کثیب احمر (سرخ ٹیلہ) کے نزدیک۔

| بے ایمان دوزخ میں جائیں گے۔<br>خواہ کسی بھی طبقہ سے تعلق رکھتے ہوں۔مصنف |
|---|

# حضرت ہارون علیہ السلام

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ مصر میں۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ عمران۔
س۔ آپ کے چھوٹے بھائی کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔
س۔ آپ کی شادی کہاں ہوئی؟
ج۔ مصر میں۔
س۔ معراج شریف پر آپ ﷺ کی ملاقات کس پیغمبر سے ہوئی؟
ج۔ حضرت ہارون علیہ السلام۔
س۔ آپ کا سن وفات کیا ہے؟
ج۔ ۱۴۰۰ ق م۔
س۔ آپ کہاں دفن ہوئے؟
ج۔ مدینہ میں (اور پہاڑ کے قرب)
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۱۳۴ سال۔
س۔ آپ کے کتنے فرزند تھے؟
ج۔ دو (۲) بعض نے تو فرزند بھی بتائے ہیں (واللہ اعلم)
س۔ آپ کے فرزندوں کے نام کیا تھے؟
ج۔ عیزار ' اتمر۔
س۔ آپ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ یوکابد۔

س۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نائب کون مقرر ہوا؟

ج۔ حضرت ہارون علیہ السلام۔

س۔ آپ کونسی زبان جانتے تھے؟

ج۔ مصری اور عبرانی دونوں زبانیں جانتے تھے۔

س۔ آپ کی بہن کا نام کیا تھا؟

ج۔ مریم۔

س۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر گئے تو نائب کس کو مقرر کیا تھا؟

ج۔ حضرت ہارون علیہ السلام کو۔

س۔ بعض مورخین نے تو لڑکے بتائے ہیں ان کے نام بتائیں؟

ج۔ عیزار ' مخاص - ایھان - سوف - یادیور - مصکنا - شموئیل -اتمز یاد مگر شاید مشہور دو ہی ہیں۔ (واللہ اعلم)

✿✿✿

# حضرت داؤد علیہ السلام

س۔ آپ کے والد کا نام کیا ہے؟

ج۔ ایشایا ایشی (بمطابق توریت)

س۔ نجیب اللہ کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو۔

س۔ آپ اپنے بھائیوں میں کس درجہ پر تھے؟

ج۔ سب سے چھوٹے لڑکے تھے۔

س۔ آپ کے کتنے بھائی تھے؟

ج۔ تیرہ بھائی تھے۔

س۔ آپ کو کتنی عمر میں نبوت ملی؟

ج۔ چالیس سال کی عمر میں۔

س۔ زبور کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام پر۔

س۔ زبور کے لفظی معنی کیا ہیں؟

ج۔ ٹکڑے ٹکڑے یا پارے پارے وغیرہ۔

س۔ آپ نے کس شہر کو اپنا دارالخلافہ بنایا؟

ج۔ یروشلم کو۔

س۔ آپ نے بنی اسرائیل پر کتنے عرصہ حکومت کی؟

ج۔ چالیس سال تک۔

س۔ قرآن حکیم میں آپ کو کس لقب سے پکارا گیا ہے؟

ج۔ خلیفہ کے لقب سے۔

س۔ وہ کونسے خوش الحان پیغمبر تھے جن کے ساتھ پرندے بھی جوش میں آ جاتے تھے؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔

س۔ آپ کا قرآن پاک کی کتنی آیات میں ذکر آیا ہے؟

ج۔ ۲۷ آیات میں۔

س۔ ان دو پیغمبروں کے نام بتائیں جو جانوروں کی بولیاں جانتے تھے؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام۔

س۔ کونسے پیغمبر زرہیں بنا کر فروخت کیا کرتے تھے؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔

س۔ حضرت داؤد علیہ السلام کس بادشاہ کی فوج میں سپہ سالار تھے؟

ج۔ حضرت طالوت کی فوج میں۔

س۔ جالوت کو کس نے قتل کیا؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے۔

س۔ اخینوعم کون تھی؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی بیوی تھی۔

س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جو بنسری اور بربط خوب بجاتے تھے؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔

س۔ خوش الحان کون سے پیغمبر تھے؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔

س۔ زرہ کس پیغمبر نے ایجاد کی؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۱۰۰ سال یا ۷۵ برس (واللہ اعلم)

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۰۱۵ ق م۔

س۔ آپ کی پہلی شادی کتنی عمر میں ہوئی؟

ج۔ ۳۰ برس کی عمر میں۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ بیت المقدس میں۔

س۔ آپ نے اپنا ولی عہد کس کو مقرر کیا؟

ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو۔

س۔ آپ نے جالوت کو کس طرح قتل کیا؟

ج۔ گوپھن میں پتھر ڈال کر۔

س۔ حضرت داؤد علیہ السلام کیا کام کیا کرتے تھے؟

ج۔ بکریاں چراتے تھے۔

س۔ حضرت داؤد علیہ السلام سے لے کر حضور ﷺ تک کتنا زمانہ گزرا؟

ج۔ ایک ہزار آٹھ سو سال۔

س۔ بیت المقدس کی بنیاد کس پیغمبر نے رکھی؟

ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے۔

س۔ مکمل کس نے کی؟

ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے۔

❁❁❁

# حضرت سلیمان علیہ السلام

س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔
س۔ آپ کی والدہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ بنت سبع (بمطابق تورات)
س۔ آپ کا سن ولادت کیا تھا؟
ج۔ ۱۰۳۵ ق م۔
س۔ مسجد اقصیٰ کی بنیاد کس پیغمبر نے رکھی؟
ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔
س۔ اللہ تعالیٰ نے علم منطق الطیر کس پیغمبر کو عطا فرمایا؟
ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو۔
س۔ آپ کے دور میں یمن کے علاقے پر کس کی حکومت تھی؟
ج۔ ملکہ سباء کی۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جو جن وانس پر حکومت کرتے تھے؟
ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جن کا تخت ہوا میں اڑتا تھا؟
ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا۔
س۔ آپ کا معتمد خاص یا وزیر کون تھا؟
ج۔ آصف برخیا۔
س۔ آپ نے کتنے سال حکومت کی؟
ج۔ چالیس سال تک۔
س۔ کس پیغمبر کا لاٹھی کے سہارے کھڑے انتقال ہوا تھا؟

ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۵۳ سال یا ۶۵ سال (واللہ اعلم)

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ بیت المقدس میں۔

س۔ آپ کا انتقال کب قبل مسیح کو ہوا؟

ج۔ ۹۷۵ ق م۔

س۔ فرعون مصر کی بیٹی کا نکاح کس پیغمبر سے ہوا؟

ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام سے۔

س۔ آپ کے بعد کس کو اقتدار ملا؟

ج۔ آپ کے بیٹے رہوبام کو۔

س۔ آپ کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

ج۔ ہاتھ سے ٹوکریاں بنا کر فروخت کرتے تھے؟

س۔ کس پیغمبر کے ہاتھ پہ لوہا سیال بن کر بہنے لگتا تھا؟

ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔

س۔ جس چیونٹی نے آپ کے لشکر کی اطلاع دی تھی اس کا نام کیا تھا؟

ج۔ حرمس (بمطابق ابن کثیر)

س۔ آپ نے کتنی عمر میں تخت سنبھالا؟

ج۔ تیرہ سال کی عمر میں۔

س۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے عصا پر کس کو مسلط کر دیا؟

ج۔ دیمک کو۔

س۔ دیمک کے لکڑی کھا جانے سے کیا اثر ہوا؟

ج۔ آپ گر پڑے۔

س۔ صخر کس کا نام تھا؟

ج۔ ایک جن کا نام تھا۔

س۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو کس زبان کے رسم الخط کا موجد کیا گیا ہے؟
ج۔ عربی زبان کا۔
س۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا وزیر آصف بن برخیاہ کونسا اسم جانتا تھا؟
ج۔ رسم اعظم۔
س۔ حضرت سلیمان کا کیا پیشہ تھا؟
ج۔ زنبیل بنایا کرتے تھے۔
س۔ ہدہد کس پیغمبر کو کہا گیا ہے؟
ج۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو۔
س۔ لفظ ہدہد یہ کا مطلب کیا ہے؟
ج۔ خدا کا محبوب۔

❁❁❁

# حضرت یونس علیہ السلام

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ متی یا اَتی

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ نینوا میں۔

س۔ آپ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد کتنے عرصہ تشریف لائے؟

ج۔ ۸۱۵ برس بعد۔

س۔ عبرانی زبان میں آپ کا کیا نام تھا؟

ج۔ یوناہ۔

س۔ آپ کو کتنی عمر میں منصب نبوت نصیب ہوا؟

ج۔ ۲۸ برس کی عمر میں۔

س۔ آپ کن لوگوں کی ہدایت کے لئے منتخب ہوئے؟

ج۔ نینوا کے لوگوں کے لئے۔

س۔ آپ کا زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کتنا قبل تھا؟

ج۔ تقریباً ۷۰۰ برس پہلے۔

س۔ ذوالنون کس پیغمبر کو کہا گیا ہے؟

ج۔ حضرت یونس علیہ السلام کو۔

س۔ صاحب الحوت کس پیغمبر کا لقب ہے؟

ج۔ حضرت یونس علیہ السلام کا۔

س۔ کس پیغمبر کو مچھلی نے نگلا؟

ج۔ حضرت یونس علیہ السلام کو۔

س۔ آپ کو مچھلی نے بحکم الٰہی کس ساحل پر اگلا؟

ج۔ دریائے فرات کے ساحل پر۔
س۔ مچھلی نے آپ کو پیٹ میں کتنے سمندر پھرایا؟
ج۔ سات سمندر۔
س۔ آپ مچھلی کے پیٹ میں کتنے دن رہے؟
ج۔ چالیس دن۔
س۔ آپ نے مچھلی کے پیٹ سے نکل کر کتنی رکعت نفل بطور شکرانے ادا کیے؟
ج۔ چار رکعت۔
س۔ آپ نے مچھلی کے پیٹ سے نکل کر کس بیل کے نیچے پناہ لی؟
ج۔ کدو کی بیل۔
س۔ آپ کا انتقال کہاں ہوا؟
ج۔ نینوا میں۔
س۔ عصر کی نماز سب سے پہلے کس پیغمبر نے ادا کی؟
ج۔ حضرت یونس علیہ السلام نے۔
س۔ آپ نے توبہ کے لئے کونسی آیت پڑھی؟
ج۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ.
س۔ جب آپ کو مچھلی نے ساحل سمندر پر پھینک دیا تو کونسا جانور دودھ پلاتا تھا؟
ج۔ ہرنی دونوں وقت دودھ پلاتی تھی۔
س۔ اللہ تعالیٰ نے مچھلی کو کیا حکم دیا تھا؟
ج۔ ”کہ یونس تیرے پاس امانت ہے تیری غذا نہیں اس کو کوئی تکلیف نہ ہو“
س۔ مچھلی کے پیٹ میں رہنے کی وجہ سے کیا تبدیلی آئی؟
ج۔ لاغر اور کمزور ہو گئے تھے۔
س۔ آپ کی قوم پر عذاب کیوں نازل نہ ہوا؟
ج۔ پوری قوم نے پر خلوص طریقہ سے اللہ تعالیٰ سے توبہ کر لی۔
س۔ حضرت یونس علیہ السلام کو خدا کی طرف سے دوبارہ کیا حکم ہوا؟
ج۔ واپس اپنی قوم میں جاؤ وہ انتظار کر رہے ہیں۔

# حضرت یحییٰ علیہ السلام

س۔ آپ کے والدگرامی کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت زکریا علیہ السلام۔
س۔ والدہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ ایشاع۔
س۔ آپ کو کتنے عمر میں نبوت ملی؟
ج۔ بچپن سے ہی تورات کا علم سکھا دیا تھا۔
س۔ آپ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کتنے بڑے تھے؟
ج۔ چھ ماہ۔
س۔ آپ کی بیوی کا نام کیا تھا؟
ج۔ آپ نے شادی ہی نہیں کی۔
س۔ آپ کی اولاد کتنی تھی؟
ج۔ کوئی اولاد نہیں تھی۔
س۔ آپ کا عبرانی میں کیا نام تھا؟
ج۔ یوحنا۔
س۔ آپ کی شہادت کا واقعہ کب پیش آیا؟
ج۔ ۳۰ء
س۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے کتنے عرصہ پہلے شہید ہوئے؟
ج۔ ۵۴۱ سال۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جو بچپن میں جنگلوں میں پھرتے رہتے تھے؟
ج۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام۔
س۔ وہ کونسے پیغمبر تھے جن کی رخساروں پر آنسوؤں کے نشان تھے؟

ج۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام۔

س۔ معراج میں آپ ﷺ کی ملاقات کونسے آسمان پر ہوئی؟

ج۔ دوسرے آسمان پر۔

س۔ آپ کی پیدائش کی وجہ تسمیہ کیا تھی؟

ج۔ آپ کے والد مکرم نے بیٹے کے لئے دعا کی تھی؟ جس کی قبولیت پر آپ پیدا ہوئے۔

س۔ وہ دعا کیا تھی؟

ج۔ رب لا تذرنی فرداً وانت خیر الوارثین.

ترجمہ۔ اے اللہ تو مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو بہتر وارث ہے۔

✿✿✿

# حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

س۔ آپؐ کے والد مکرم کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت عبداللہ۔
س۔ والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت بی بی آمنہ سلام اللہ علیہا۔
س۔ آپؐ کہاں تولد ہوتے؟
ج۔ مکہ مکرمہ میں۔
س۔ کونسا وقت تھا؟
ج۔ صبح صادق۔
س۔ آپؐ کی والدہ کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ جب آپؐ کی عمر چھ سال ہوئی تھی۔
س۔ آپؐ کے دادا کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت عبدالمطلب۔
س۔ آپؐ کے والد کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ آپؐ کی پیدائش سے قبل۔
س۔ آپؐ کے کتنے بہن بھائی تھے؟
ج۔ کوئی نہیں تھا۔
س۔ آپؐ کی دائی کا نام کیا تھا؟
ج۔ بی بی حلیمہ سلام اللہ علیہا۔
س۔ آپؐ کے دادا کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ جب آپؐ کی عمر آٹھ سال ہوئی۔
س۔ آپ کو نبوت کب ملی؟

ج۔ ۴۰ سال کی عمر میں۔

س۔ آپؐ کے پردادا کا کیا نام تھا؟

ج۔ جناب ہاشم۔

س۔ آپؐ کے دادا کا نام کیا تھا؟

ج۔ عبدالمطلب۔

س۔ آپؐ کے کتنے چچا تھے؟

ج۔ کوئی نہ تھا۔ (اصل میں آپ کا کوئی چچا نہ تھا آپؐ کے والد سب سے چھوٹے تھے)

س۔ آپؐ کی دادی کا کیا نام تھا؟

ج۔ بی بی فاطمہ۔

س۔ آپؐ کے والد نے کتنی عمر میں شادی کی؟

ج۔ ۲۰ برس کی عمر میں۔

س۔ آپؐ اپنے والد کی وفات کے بعد کتنے ماہ پیدا ہوئے؟

ج۔ دو ماہ بعد۔ (تقریباً)

س۔ آپؐ کا قد کیسا تھا؟

ج۔ میانہ قد تھا۔

س۔ رنگ کیسا تھا؟

ج۔ سرخ و سفید رنگ تھا۔

س۔ کیا حضور ﷺ کا سایہ تھا؟

ج۔ سایہ نہیں تھا۔

س۔ آپؐ کی مہر نبوت کس جگہ پر تھی؟

ج۔ دونوں شانوں کے درمیان۔

س۔ آپؐ کس رنگ کا لباس پسند کرتے تھے؟

ج۔ سفید اور سبز رنگ کا لباس۔

س۔ آپؐ کونسا لباس عام طور پر پہنتے تھے؟

ج۔ کرتا اور تہہ بند۔

س۔ آپؐ کی ازدواج مطہرات کی تعداد کتنی تھی؟

ج۔ ۱۱۔

س۔ آپؐ کا سب سے پہلا نکاح کس خاتون کے ساتھ ہوا؟

ج۔ حضرت خدیجہؓ بنت خویلد۔

س۔ آپؐ کا آخری نکاح کس کے ساتھ ہوا؟

ج۔ حضرت میمونہ بنت حارث بلال بن خزن۔

س۔ آپؐ کے بیٹوں کی تعداد کتنی تھی؟

ج۔ چار۔

س۔ آپؐ کے صاحبزادے ابراہیم کس کے بطن سے پیدا ہوئے تھے؟

ج۔ حضرت ماریہ قبطیہ کے بطن سے۔

س۔ حضرت قاسم کس خاتون کے بطن سے تولد ہوئے؟

ج۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے۔

س۔ آپؐ کی صاحبزادیاں کتنی تھیں؟

ج۔ ۴ (چار)

س۔ آپؐ کے چھوٹے صاحبزادے کا نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت ابراہیم۔

س۔ آپؐ کی صاحبزادیوں کے نام کیا تھے؟

ج۔ حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت ام کلثومؓ، حضرت فاطمہؓ۔

س۔ آپؐ پر عورتوں میں کون سب سے پہلے ایمان لائیں؟

ج۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س۔ بچوں میں سے کون سب سے پہلے ایمان لایا؟

ج۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

س۔ جوانوں میں سب سے پہلے کون ایمان لایا؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س۔ غلاموں میں سے کون سب سے پہلے ایمان لایا؟
ج۔ زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س۔ آپؐ نے کس پہاڑی پر چڑھ کر اسلام کی دعوت کا آغاز کیا؟
ج۔ کوہ صفا پر۔
س۔ یہ پہاڑی کہاں واقع ہے؟
ج۔ مکہ معظمہ میں۔
س۔ حضرت خدیجہؓ وصال کب ہوا؟
ج۔ ابو طالب کی وفات کے تین دن بعد۔
س۔ ابو طالب کی وفات کب ہوئی؟
ج۔ نبوت کے دسویں سال ماہ شوال میں۔
س۔ حضور ﷺ کا نبوت کا دسواں سال کیا کہلاتا ہے؟
ج۔ غم کا سال۔
س۔ آپؐ نے طائف کا سفر کب اختیار کیا؟
ج۔ ماہ شوال کے آخر میں نبوت کے دسویں سال۔
س۔ اسی سفر میں آپؐ کے ہمراہ کون تھے؟
ج۔ حضرت زید بن حارثؓ
س۔ آپؐ معراج پر کب تشریف لے گئے؟
ج۔ نبوت کے دسویں سال۔
س۔ آپؐ کے ہجرت کے وقت غار ثور میں کتنے دن قیام فرمایا؟
ج۔ تین دن تک۔
س۔ آپؐ غار سے کب نکلے؟
ج۔ بروز پیر ربیع الاول ۱ھ
س۔ ہجرت کے سفر میں راستہ بتانے والے کون تھے؟
ج۔ عبداللہ بن اریقط۔
س۔ آپؐ بیت المقدس کے کس مقام پر اترے؟

ج۔ باب محمد کے مقام پر۔
س۔ آپؐ کی امامت میں انبیاء اور ملائکہ نے کتنی رکعت نماز پڑھی؟
ج۔ دو رکعت۔
س۔ آپؐ کے سامنے جبرائیلؑ نے کس چیز کے پیالے پیش کئے؟
ج۔ دودھ - شراب۔
س۔ آپؐ نے کونسا نوش فرمایا؟
ج۔ دودھ کا پیالہ۔
س۔ غزوہ بدر کب واقع ہوا؟
ج۔ ہجرت کے دوسرے سال۔
س۔ حضور ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ کیا ہے؟
ج۔ قرآن پاک۔
س۔ آپؐ نے ہجرت کے بعد مدینہ میں سب سے پہلا کام کیا کیا؟
ج۔ مسجد اور مدرسہ کی بنیاد رکھی۔
س۔ اسی مسجد اور مدرسہ کا نام کیا رکھا؟
ج۔ مسجد نبویؐ اور مدرسہ صفہ۔
س۔ آپؐ نے کس تاریخ کو حج کا ارادہ فرمایا؟
ج۔ ۲۶ ذیقعد ۱۰ھ بروز ہفتہ۔
س۔ آپؐ نے حج الوداع میں کتنے خطبے ارشاد فرمائے؟
ج۔ تین خطبے۔
س۔ پہلا خطبہ کب اور کس جگہ پر ارشاد فرمایا گیا؟
ج۔ ۹ ذوالحجہ کو میدان عرفات میں۔
س۔ دوسرا خطبہ کہاں ارشاد فرمایا؟
ج۔ ۱۰ ذوالحج بمقام منیٰ پر۔
س۔ تیسرا خطبہ کہاں ارشاد فرمایا؟
ج۔ ۱۱ یا ۱۲ ذوالحج کو مقام منیٰ میں۔

س۔ آپؐ نے حجۃ الوداع کے بعد کتنے دن بعد وصال فرمایا؟
ج۔ ۸۱ روز بعد۔
س۔ آپؐ کی علالت کا آغاز کب ہوا؟
ج۔ بروز چہار شنبہ ۱۸ یا ۱۹ صفر کو۔
س۔ آپؐ کو غسل کس نے دیا؟
ج۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ آپؐ کی لحد مبارک کس نے کھودی؟
ج۔ حضرت ابوطلحہؓ انصاری نے۔
س۔ آپؐ نے شاہ حبشہ کو کب خط لکھا؟
ج۔ ۷ھ کو۔
س۔ یہ خط کس کے ہاتھ روانہ کیا؟
ج۔ حضرت عمر بن امیہ خمریؓ۔
س۔ آپؐ نے ہرقل قیصر کو کب خط لکھا؟
ج۔ صلح حدیبیہ کے بعد۔
س۔ اس خط کے لے جانے والے کون تھے؟
ج۔ حضرت دحیہ کلبیؓ
س۔ ایران کے شہنشاہ خسرو پرویز کا خط کون لے کر گئے؟
ج۔ حضرت عبداللہؓ بن حزافہ سہمی (Sahmi)
س۔ آپؐ نے مقوقس کو کب خط لکھا؟
ج۔ ہجرت کے ساتویں سال (موسم گرما کے آغاز میں)
س۔ اس خط کو کون لے کر گئے؟
ج۔ حضرت حاطب بن ابی بلتہؓ۔
س۔ حضور ﷺ کو یہودیوں نے کب زہریلا گوشت کھلایا؟
ج۔ فتح خیبر کے بعد۔
س۔ یہ واقعہ کس جگہ پیش آیا؟

ج۔ خیبر کے میدان میں ہی۔

س۔ کس جادوگر نے آپؐ پر جادو کیا تھا؟

ج۔ لبید بن اعصم نے۔

س۔ آپؐ نے کتنے غزوات میں حصہ لیا؟

ج۔ ستائیس غزوات میں۔

س۔ سب سے پہلا غزوہ کب ہوا؟

ج۔ اوائل صفر میں ۲ ہجری کو۔

س۔ اس غزوہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ غزوہ ابواء یا غزوہ ودان۔

س۔ اس میں اسلامی لشکر کی تعداد کیا تھی؟

ج۔ ساٹھ مہاجرین۔

س۔ آپؐ کے والد کو کہاں دفن کیا گیا تھا؟

ج۔ دار النابغہ (مدینہ منورہ)

س۔ پہلی ہجرت حبشہ کس سال ہوئی؟

ج۔ ۵ نبوی یعنی ۶۱۵ء

س۔ ہجرت حبشہ کے وقت حبشہ کے شاہ نجاشی کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ اصحمہ۔

س۔ ہجرت حبشہ کتنے مردوں اور عورتوں نے کی؟

ج۔ بارہ مرد اور چار عورتیں = کل ۱۶ افراد۔

س۔ پہلی ہجرت حبشہ میں آپؐ کے قریبی رشتہ دار کون تھے؟

ج۔ حضرت عثمانؓ (داماد) اور ان کی اہلیہ (رقیہؓ)

س۔ دوسری ہجرت حبشہ میں کتنے افراد شامل تھے؟

ج۔ ۸۲ مرد اور ۱۸ عورتیں = کل ۱۰۰ افراد یا ۸۰+۱۷۔

س۔ نجاشی کے دربار میں کس صحابی نے تقریر کی؟

ج۔ حضرت جعفرؓ نے۔

س۔ آپ کے چچا حضرت حمزہ نے کب اسلام قبول کیا؟
ج۔ ۶ سنہ نبوی بمطابق ۶۱۶ء
س۔ بیعت عقبہ ثانیہ کب واقع ہوئی؟
ج۔ ۱۲ سنہ نبوی میں۔
س۔ آپ اپنے خاندان سمیت شعب ابی طالب میں کب محصور ہوئے؟
ج۔ ۷ سنہ نبوی کو محصور ہوئے اور تین سال محصور رہے۔
س۔ شعیب ابی طالب سے کیا مراد ہے؟
ج۔ مکہ کے قریب ایک پہاڑ کی گھاٹی جو بنی ہاشم کی ملکیت تھی شعیب ابی طالب کے نام سے مشہور تھی۔ عربی میں گھاٹی کو شعب کہتے ہیں۔
س۔ عام الحزن سے کیا مراد ہے؟
ج۔ ۱۰ سنہ نبوی بمطابق ۶۲۰ء میں جناب ابو طالب (آپ کے چچا) اور حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا۔ آپ کو ان دونوں کا بہت سہارا تھا اور دونوں کو آپ کے ساتھ اور آپ کو ان کے ساتھ بہت محبت تھی۔ دونوں نے ایک ہی سال (بلکہ یکے بعد دیگرے وفات پائی اس لئے اس سال کو عام الحزن یعنی غم کا سال کہا جاتا ہے۔
س۔ آپ نے طائف کا سفر کب کیا اور آپ کے ساتھ کون تھا؟
ج۔ ۱۰ سنہ نبوی بمطابق ۶۲۰ء میں۔ آپ کا غلام زید بن حارث آپ کے ہمراہ تھا۔
س۔ معراج کا واقعہ کب ہوا؟
ج۔ ۱۰ سنہ نبوی بمطابق ۶۲۰ء
س۔ واقعہ معراج کی سب سے پہلے کس نے تصدیق کی؟
ج۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے۔
س۔ بیعت عقبہ اولیٰ کب ہوئی؟
ج۔ ۱۱ سنہ نبوی مگر بعض مورخین نے ۱۰ سنہ نبوی میں لکھا ہے اور مدینہ کے چھ افراد نے مکہ میں عقبہ کے مقام پر قبول اسلام کیا اس کو بیعت عقبہ اولیٰ کا نام دیا جاتا ہے۔
س۔ بیعت عقبہ ثانیہ کب ہوئی؟
ج۔ ۱۲ نبوی میں (اس میں ۷۲ افراد نے قبول اسلام کیا)

س۔ بیعت عقبیٰ اولیٰ میں انصار مدینہ کی خواہش پر کس صحابیؓ کو معلم بنا کر بھیجا؟

ج۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ کو۔

س۔ مدینہ ہجرت کرتے وقت آپؐ نے کہاں پناہ لی؟

ج۔ غارِ ثور میں۔

س۔ غارِ ثور میں آپؐ کے ساتھ کون تھا؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ

س۔ ہجرت کے وقت آپؐ کا پیچھا کس شخص نے کیا؟

ج۔ سراقہ بن جعشم نے۔

س۔ آپؐ نے مدینہ منورہ میں داخل ہونے سے قبل کس بستی میں قیام کیا اور کتنے دن؟

ج۔ بستی قبا میں چودہ دن تک قیام کیا۔

س۔ پہلی مسجد کہاں تعمیر کی؟

ج۔ قبا میں۔

س۔ آپؐ کی آمد سے قبل مدینہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ یثرب۔

س۔ آپؐ کے مدینہ میں آنے پر کس صحابی کو میزبانی کا شرف حاصل ہوا؟

ج۔ حضرت ایوب انصاریؓ کو۔

س۔ میثاق مدینہ کن فریقوں کے درمیان ہوا؟

ج۔ مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان۔

❁❁❁

# غزوات

س۔ غزوہ بدر کب ہوا؟

ج۔ ۱۷ رمضان المبارک ۲ھ کو۔

س۔ غزوہ بدر میں فریقین کی تعداد کتنی تھی؟

ج۔ مسلمانوں ۳۱۳ اور کفار ایک ہزار تھے۔

س۔ غزوہ کفار کا سپہ سالار کون تھا؟

ج۔ ابوجہل۔

س۔ ابوجہل کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ ابوالحکم عمر بن ہشام۔

س۔ غزوہ بدر میں کتنے کفار کے افراد قتل ہوئے؟

ج۔ ۷۰ آدمی قتل اور ۷۰ ہی قیدی۔

س۔ غزوہ بدر میں ابوجہل کو کس نے قتل کیا؟

ج۔ دو انصاری لڑکوں نے معوذؓ اور معاذؓ نے۔

س۔ غزوہ بدر میں کل کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

ج۔ ۱۲ آدمی۔

س۔ غزوہ احد کب ہوئی؟

ج۔ ۳ھ کو۔

س۔ اس غزوہ میں مسلمانوں اور کفار کی تعداد کتنی تھی؟

ج۔ مسلمان سات سو اور کفار مکہ تین ہزار۔

س۔ رسول کریم ﷺ کس غزوہ میں زخمی ہوئے؟

ج۔ غزوہ احد میں۔

س۔ غزوہ احد میں کفار کے لشکر کا سپہ سالار کون تھا؟

ج۔ ابوسفیان۔
س۔ حضرت حمزہ کس غزوہ میں شہید ہوئے؟
ج۔ غزوہ احد میں۔
س۔ حضرت حمزہ کا کلیجہ نکال کر چبانے والی عورت کون تھی؟
ج۔ ابوسفیان کی بیوی اور امیر معاویہ کی ماں ہند۔
س۔ غزوہ احزاب (خندق) کب ہوا؟
ج۔ ۵ھ کو۔
س۔ صلح حدیبیہ کب ہوئی؟
ج۔ ۶ھ کو۔
س۔ صلح حدیبیہ کے وقت آپؐ کے ساتھ کتنے صحابہؓ تھے؟
ج۔ ۱۴۰۰ صحابہ۔
س۔ بیعت رضوان کب اور کہاں ہوئی؟
ج۔ ۶ھ کو حدیبیہ کے مقام پر۔
س۔ غزوہ خیبر کب ہوا؟
ج۔ ۷ھ کو۔
س۔ کس صحابی کو فاتح خیبر کہا جاتا ہے؟
ج۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔
س۔ مکہ کب فتح ہوا؟
ج۔ ۸ھ رمضان المبارک۔
س۔ فتح مکہ میں کتنے صحابہ شریک تھے؟
ج۔ دس ہزار۔
س۔ غزوہ حنین کب ہوا؟
ج۔ شوال ۸ھ کو۔
س۔ غزوہ تبوک کب ہوا؟
ج۔ رجب ۹ھ

س۔ عام الوفود سے کیا مراد ہے؟

ج۔ ۹ھ کو عام الوفود (وفدوں کا سال) کہلاتا ہے کیونکہ اس سال عرب کے بہت سے قبائل کے وفود آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوکر حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔

س۔ آپؐ نے حجتہ الوداع کب ادا کیا؟ اور کتنے صحابہ شریک ہوئے؟

ج۔ ۱۰ھ ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ۔

س۔ آپؐ کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ کو بمطابق ۲۸ جون ۶۳۲ء

س۔ آپؐ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج۔ آپؐ کی نماز جنازہ کی امامت کسی نے نہیں کی۔ ہر ایک نے انفرادی طور پر نماز جنازہ پڑھی۔ (یعنی ہر ایک آتا درود و سلام پڑھتا۔ متفق علیہ)
پہلے مردوں نے پھر عورتوں نے پھر لڑکوں نے اور غلاموں نے۔

س۔ آپؐ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ حضرت عائشہؓ کے حجرے میں۔

س۔ آپؐ کی ازدواج مطہرات کتنی تھیں؟

ج۔ ۱۱ ازدواج مطہرات۔

س۔ آپؐ کے پہلو میں کونسے دو صحابہ کی قبریں ہیں؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی۔

س۔ آپؐ کے کتنے صاحبزادے تھے؟

ج۔ آپؐ کے پانچ صاحبزادے تھے۔

س۔ آپؐ کے صاحبزادوں کے اسمائے گرامی کیا تھے؟

ج۔ حضرت قاسم + حضرت عبداللہ + حضرت طاہر + حضرت طیب + حضرت ابراہیم

س۔ حضرت خدیجہؓ سے کونسے صاحبزادے تولد ہوئے؟

ج۔ حضرت قاسم + حضرت عبداللہ + حضرت طاہر + حضرت طیب۔

س۔ آپؐ پانچواں صاحبزادہ کس خاتون سے پیدا ہوا؟

ج۔ ۸ھ میں ماریہ قبطیہ کے بطن سے شیر خواری میں ہی فوت ہوگئے؟

س۔ اس کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت ابراہیم۔
س۔ آپؐ کے کتنے صاجزادے زندہ رہے؟
ج۔ کوئی بھی نہیں۔ تمام آپؐ کی زندگی میں انتقال کر گئے تھے۔
س۔ ذوالنورین کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ حضرت عثمان غنیؓ کو۔
س۔ اس کی کیا وجہ تھی؟
ج۔ چونکہ ان کے عقد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے آئیں۔
س۔ آپؐ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابوالقاسم۔
س۔ آپؐ کے خادم کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت انس بن مالکؓ۔
س۔ آپؐ کے ماموں کا اسم گرامی کیا تھا؟
ج۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔
س۔ حضرت علیؓ کا آپؐ سے کیا رشتہ تھا؟
ج۔ i۔ آپؐ دونوں چچازاد بھائی تھے۔
ii۔ داماد تھے۔
س۔ حضرت عثمانؓ کا آپؐ کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟
ج۔ آپؐ حضرت عثمانؓ کے سسر تھے اور حضرت عثمانؓ داماد تھے۔
س۔ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر کا آپؐ سے کیا رشتہ تھا؟
ج۔ دونوں آپؐ کے سسر تھے۔
س۔ عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟
ج۔ دس صحابہ تھے جن کو حضور اکرم ﷺ نے دنیا میں ہی جنت کی خوشخبری دی تھی۔
س۔ عشرہ مبشرہ کے نام بتاؤ؟
ج۔ حضرت ابوبکرؓ + حضرت عمرؓ + حضرت علیؓ + حضرت عثمانؓ + حضرت عبدالرحمٰن بن

عوف + حضرت طلحہؓ حضرت زید بن العوام + حضرت سعید بن زید + حضرت ابوعبید بن جراح + حضرت سعد بن ابی وقاص۔

س۔ اسلام کے پہلے شہید مرد کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت حارثؓ بن ہالہ۔
س۔ اسلام کی پہلی شہید خاتون کا نام بتاؤ؟
ج۔ حضرت سمیہؓ
س۔ اسلام کے کم سن سپہ سالار کا نام بتاؤ؟
ج۔ حضرت اسامہ بن زیدؓ
س۔ حضرت اسامہ کا حضور ﷺ سے کیا تعلق تھا؟
ج۔ حضرت اسامہ حضور ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت زیدؓ بن حارث کے بیٹے تھے۔
س۔ حضور ﷺ کے متبنیٰ کون تھے؟
ج۔ زید بن حارثؓ
س۔ حضور ﷺ نے نبوت کے بعد کتنے سال مکہ میں گزارے؟
ج۔ مکہ میں ۱۳ سال اور مدینہ میں ۱۰ سال۔
س۔ ہجرت کے وقت آپؐ کی عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۵۳ سال۔
س۔ اسلام کی سب سے پہلی مسجد کا نام بتاؤ؟
ج۔ (مسجد قبا)
س۔ حضور ﷺ کی پہلی اور آخری غزوہ کونسی تھی؟
ج۔ پہلی غزوہ ابواء اور آخری غزوہ تبوک۔
س۔ حضرت ابوبکرؓ کس قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ قبیلہ قریش کی شاخ بنو تمیم سے۔
س۔ حضرت ابوبکرؓ کا شجرہ نسب کس پشت پر رسول کریم ﷺ سے ملتا ہے؟
ج۔ چھٹی پشت سے۔

س۔ حضرت ابوبکر کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ عبدالکعبہ (اسلام سے قبل)
س۔ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا لباس سیاہ تھا؟
ج۔ قطعاً نہیں تھا۔
س۔ آپ کس رنگ کا لباس پسند کرتے تھے؟
ج۔ سبز اور سفید۔
س۔ حضور ﷺ کے پسندیدہ غذائیں کونسی تھیں؟
ج۔ ثرید۔گوشت۔پنیر۔چھوہارا۔دودھ۔حلوہ اور شہید۔
س۔ حضور ﷺ نے کبھی کسی کے حق میں بددعا کی؟
ج۔ کبھی نہیں۔

## رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا[1]:

میں علم کا شہر ہوں۔
اور ابوبکرؓ اس کی بنیاد ہیں۔
اور عمرؓ اس کی چاردیواری ہیں۔
اور عثمانؓ اس کی چھت ہیں۔
اور علیؓ اس کا دروازہ ہیں۔[1]

ا۔ فردوس دیلمی صواعق محرقہ۔

باب ۳

# خلفائے راشدین

س۔ حضرت ابوبکرؓ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ اسلام لانے سے پہلے عبدالکعبہ اور اسلام لانے کے بعد عبداللہ نام رکھا گیا۔
س۔ حضرت ابوبکرؓ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ والد کا نام ابوقحافہ عثمان۔
س۔ حضرت ابوبکرؓ کی والدہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ ام الخیر سلمٰی۔
س۔ حضرت ابوبکرؓ حضور سے چھوٹے تھے یا بڑے؟
ج۔ تقریباً دو سال چھوٹے تھے۔
س۔ حضرت عمرؓ کس قبلہ سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ قبیلہ قریش کی شاخ بنو عدی سے۔
س۔ حضرت عمرؓ کا شجرہ نسب کونسی پشت پر رسول کریم ﷺ سے ملتا ہے؟
ج۔ آٹھویں پشت سے۔
س۔ حضرت عمرؓ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ خطاب بن نفیل۔
س۔ حضرت عمرؓ حضورؐ سے عمر میں چھوٹے تھے یا بڑے؟
ج۔ تیرہ سال چھوٹے تھے۔
س۔ حضرت عمرؓ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج۔ ختمہ۔
س۔ ایران اور بیت المقدس کس خلیفہ کے عہد میں فتح ہوئے؟
ج۔ حضرت عمرؓ کے عہد میں۔
س۔ رسول کریم ﷺ کی ایک زوجہ مطہرہ حضرت عمرؓ کی صاحبزادی تھیں نام بتاؤ؟
ج۔ حضرت حفصہؓ۔
س۔ سن ہجری کس خلیفہ نے جاری کی؟

ج۔ حضرت عمرؓ نے۔

س۔ حضرت عثمانؓ کا شجرہ نسب کونسی پشت پر رسول کریم ﷺ سے ملتا ہے؟

ج۔ پانچویں پشت پر۔

س۔ حضرت عثمانؓ کس قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

ج۔ قبیلہ قریش کی شاخ بنوامیہ سے۔

س۔ حضرت عثمانؓ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ عفان۔

س۔ حضرت عثمانؓ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ اروی۔

س۔ حضرت عثمانؓ کا لقب کیا تھا؟

ج۔ ذوالنورین۔

س۔ مسلمانوں کا بحری بیڑہ کس خلیفہ کے دور میں تیار ہوا؟

ج۔ حضرت عثمانؓ کے دور میں۔

س۔ حضرت علیؓ ابی طالب کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ فاطمہ بنت اسد۔

س۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج۔ ابوطالب۔

س۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ ابوالحسن۔

س۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دور میں مسلمانوں میں آپس میں جنگیں لڑی گئیں ان کے نام بتاؤ؟

ج۔ جنگ جمل اور جنگ صفین۔

س۔ حضرت ابوبکرؓ کو ابوبکر کیوں کہا جاتا تھا؟

ج۔ اس سلسلے میں مختلف روایات ہیں مثلاً:۔

i۔ بکر کے معنی اونٹ کے ہیں آپ کو اونٹوں کے علاج سے دلچسپی تھی۔

ii۔ آپ کی تیسری بیوی کا پہلے خاوند سے ایک لڑکا تھا جس کا نام بکر تھا اسی نسبت سے آپ کو ابو بکر کہا جانے لگا۔ (واللہ اعلم)

## ﴿خلفائے راشدین کا مشترکہ نسب نامہ﴾

کعب

عدی ← ازاح ← قرہ ← عبداللہ ← ریاح ← عبدالعزی ← نفیل ← خطاب

مرہ

تیم ← سعد ← کعب ← عمر ← عامر ← ابوقحافہ

کلاب ← قصی ← عبدمناف

ہاشم ← عبدالمطلب ← عبداللہ

ابوطالب

عبدالشمس ← امیہ ← ابی العاص ← عفان

حضرت عمر فاروق — خلیفہ ثانی

حضرت ابوبکر — خلیفہ اول

حضرت علیؓ — خلیفہ رابع

حضرت محمد ﷺ — خاتم النبیین ﷺ

حضرت عثمان غنیؓ — خلیفہ ثالث

مولانا عبدالستار تونسوی ”شان سیدنا حضرت علیؓ“ صفحہ نمبر ۲۰

باب ۴

# قرآنی معلومات

س۔ قرآن کا لغوی معنی کیا ہے؟
ج۔ بار بار پڑھی جانے والی کتاب۔
س۔ قرآن کریم کے چار صفاتی نام بتائیں جن کا ذکر خود قرآن میں آیا ہے؟
ج۔ مجید - حکیم - عزیز - کریم۔
س۔ قرآن کریم کی ترتیب نزولی ہے یا توصیفی؟
ج۔ توصیفی۔
س۔ قرآن پاک کی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟
ج۔ ۱۱۴
س۔ قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت کا نام کیا ہے؟
ج۔ سورہ الکوثر۔
س۔ قرآن کریم کی سب سے لمبی سورت کا نام بتایئے؟
ج۔ سورہ بقرہ۔
س۔ قرآن کریم کی اس سورۃ کا نام بتائیں جس کے شروع میں بسم اللہ نہیں ہے؟
ج۔ سورہ توبہ۔
س۔ قرآن کریم کی کس سورۃ میں دو مرتبہ بسم اللہ آئی ہے؟
ج۔ سورۃ النمل میں۔
س۔ پہلی وحی میں کس سورت کی کتنی آیات نازل ہوئیں؟
ج۔ سورہ علق کی پہلی پانچ آیات۔

س۔ نزول قرآن کی ابتداء کے وقت نبی اکرم ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟
ج۔ ۴۰ سال۔
س۔ باب القرآن کس سورت کو کہتے ہیں؟
ج۔ سورہ فاتحہ کو۔
س۔ قرآن پاک کی سب سے پہلی سورت کا نام کیا ہے؟
ج۔ سورہ فاتحہ۔
س۔ سب سے آخری سورۃ کونسی ہے؟
ج۔ آخری الناس ہے۔
س۔ ثلث (تہائی) کس سورت کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ سورہ اخلاص۔
س۔ مدینہ منورہ میں سب سے پہلے نازل ہونے والی سورت کا نام لکھیں؟
ج۔ سورہ فاتحہ۔
س۔ وہ کونسی سورت ہے جو پوری کی پوری دعا ہے؟
ج۔ سورہ فاتحہ۔
س۔ فسطاط (خیمہ) القرآن کس سورۃ کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ سورہ بقرہ کو۔
س۔ ترتیب سے قرآن مجید کی پہلی چار سورتوں کے نام بتاؤ؟
ج۔ الفاتحہ - البقرہ - آل عمران - النساء۔
س۔ سورہ فاتحہ کا دوسرا نام کیا ہے؟
ج۔ سبع المثانی۔
س۔ قرآن پاک کا دل کس سورۃ کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ سورہ یٰسین۔
س۔ عروس القرآن کس سورت کو کہا جاتا ہے؟
ج۔ سورۃ الرحمٰن کو۔
س۔ آیت الکرسی کس سورت میں شامل ہے؟

ج۔ سورۃ البقرہ۔

س۔ سورہ توبہ کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج۔ سورہ برات۔

س۔ ترتیب وار سب سے آخری چار سورتوں کے نام لکھو؟

ج۔ الناس - الفلق - الاخلاص - اللھب۔

س۔ آیات کی سردار کس آیت کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ آیت الکرسی کو۔

س۔ واقعہ معراج کا ذکر کس سورت میں آیا ہے؟

ج۔ سورہ النجم۔ (اور سورۃ بنی اسرائیل میں)

س۔ قرآن مجید میں حروف مقطعات کی کل تعداد کتنی ہے؟

ج۔ ۲۹ حروف مقطعات۔

س۔ قرآن مجید میں کل کتنے انبیاء کا ذکر ہے؟

ج۔ ۲۶ انبیاء کرام علیہم السلام کا ذکر۔

س۔ قرآن مجید کی کتنی منزلیں ہیں؟

ج۔ سات۔

س۔ قرآن پاک کے کل کتنے سیپارے ہیں؟

ج۔ تیس سپارے۔

س۔ وہ کونسے صحابی ہیں جن کا نام قرآن مجید میں مذکور ہوا ہے؟

ج۔ حضرت زید بن حارث۔

س۔ وہ کونسی سورت ہے جس کا نام ایک اسرائیلی خاتون کے نام پر ہے؟

ج۔ سورہ مریم۔

س۔ قرآن مجید میں کتنی جگہوں پر سجدہ تلاوت لازم ہے؟

ج۔ چودہ جگہوں پر۔

س۔ قرآن مجید کے چار ایسے نام لکھیں جو قرآن حکیم میں مذکور ہیں؟

ج۔ الفرقان - الکتاب - الھدیٰ - الذکر۔

س۔ مکہ میں کاتب وحی کا نام بتاؤ؟

ج۔ شرجیل بن حسنہ کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س۔ اہل مدینہ میں سب سے پہلے کاتب وحی کون تھے؟

ج۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س۔ قریش میں سب سے پہلے کس صحابی کو کتابت وحی کا شرف حاصل ہوا؟

ج۔ حضرت عبداللہ بن ابی سرحؓ کو۔

س۔ خلفائے راشدین کے علاوہ چار کاتبین وحی کے نام بتاؤ؟

ج۔ i۔ زید بن ثابتؓ۔ ii۔ حضرت امیر معاویہؓ۔
iii۔ حضرت عمر بن العاصؓ iv۔ حضرت زبیرؓ۔

س۔ سورۃ کا لغوی معنی کیا ہیں؟

ج۔ شرف، بلندی، چار دیواری۔

✿✿✿

باب ۵

# معلومات احادیث

س۔ حدیث کے لغوی معنی کیا ہیں؟
ج۔ خبر - بات۔
س۔ دینی اصلاح میں حدیث سے کیا مراد ہے؟
ج۔ وہ خبر یا بات جس میں حضورا کرم ﷺ کا قول یا تقریر بیان کی گئی ہو۔
س۔ سنت کے لغوی معنی کیا ہیں؟
ج۔ طریقہ - راستہ۔
س۔ سنت کا اصطلاحی مفہوم کیا ہے؟
ج۔ حضورا کرم ﷺ کا طریقہ یعنی آپؐ کا ہر فعل سنت ہے۔
س۔ مسلمانوں میں قرآن مجید کے بعد صحیح ترین کتاب کونسی ہے؟
ج۔ صحیح بخاری۔
س۔ کتاب الآثار کے مؤلف کا نام مع سن وفات لکھیں؟
ج۔ امام ابوحنیفہؒ سن وفات ۱۵۰ھ
س۔ الکافی کے مئولف کا نام مع سن وفات بتائیں؟
ج۔ ابوجعفر محمد بن یعقوب الکلینی ۔سن وفات ۳۲۸ھ یا ۳۲۹ھ
س۔ صحیفہ ابی ہریرہ سے کیا مراد ہے؟
ج۔ احادث کا مجموعہ جو حضرت ابوہریرہ سے آپ کے شاگرد ہمام بن منبہ نے روایت کیا۔
س۔ امام سفیان ثوری کی مُرتب کردہ حدیث کا نام بتائیں؟
ج۔ جامع۔
س۔ حضرت ابوہریرہ نے کتنی احادیث قلم بند کیں؟
ج۔ ۵۳۷۴ احادیث۔

س۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے احادیث کی جو کتاب تدوین کی اس کا نام کیا ہے؟
ج۔ صحیفہ صادقہ۔
س۔ حضرت عبداللہ بن عباس نے کتنی احادیث جمع کیں؟
ج۔ ۲۶۶۰ احادیث۔
س۔ احادیث کی بڑی تدوین کس کے عہد میں ہوئی؟
ج۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے زمانہ میں۔
س۔ ان کے عہد میں کس نے احادیث کی تدوین کا کام کیا؟
ج۔ علامہ محمد بن مسلم بن شہاب زہری۔
س۔ صحاح ستہ کسے کہا جاتا ہے؟
ج۔ حدیث کی چھ مشہور کتب ہیں جن کو صحاح ستہ کہا جاتا ہے۔
س۔ احادیث وہ چھ کونسی کتابیں ہیں نام بتائیں؟
ج۔ i۔ صحیح بخاری ii۔ صحیح مسلم
iii۔ سنن ابن داؤد iv۔ جامع ترمذی۔
v۔ سنن نسائی vi۔ سنن ابن ماجہ
س۔ حدیث سے کیا مراد ہے؟
ج۔ حدیث سے مراد آپؐ کا قول یا تقریر ہے۔
س۔ امام بخاری نے اپنی جامع الصحیح میں کونسے احکامات جمع کیے ہیں؟
ج۔ صرف احکام و مسائل فقہ سے متعلق احادیث جمع کی ہیں۔
س۔ صحیحین سے مراد کون سی کتابیں ہیں؟
ج۔ صحیحین سے مراد صحیح بخاری اور صحیح مسلم مشہور کتابیں مراد ہیں۔
س۔ قرآن کے بعد صحیح ترین کتاب کا نام کیا ہے؟
ج۔ صحیح بخاری ہے۔
س۔ الموطا کے مؤلف کا نام مع سن وفات تحریر کریں؟
ج۔ امام مالک بن انسؒ سن وفات ۱۷۹ھ
س۔ سند احمد کے مؤلف کا نام مع سن وفات بتائیں؟

ج۔ احمد بن حنبل سن وفات ۲۴۱ھ

س۔ تہذیب الاخلاق کے مؤلف کا نام مع سن وفات بتائیں؟

ج۔ الشیخ محمد الطوسی۔ وفات ۴۵۸ھ یا ۴۵۹ یا ۴۶۰ھ۔

س۔ سنن ابن نسائی کے مؤلف کا نام مع وفات بتایئے؟

ج۔ ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی نسائی۔ وفات ۳۰۳ھ

س۔ جامع ترمذی کے مؤلف کا نام مع سن وفات بتایئے؟

ج۔ ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی۔ وفات ۲۷۹ھ۔

س۔ سنن ابن داؤد کے مؤلف کا نام مع سن وفات بتایئے؟

ج۔ ابوداؤد سلیمان بن اشعث بجستانی وفات ۲۷۵ھ۔

س۔ سنت کے لغوی معنیٰ کیا ہیں؟

ج۔ طریقہ - راستہ۔

س۔ سنت کا اصطلاحی مفہوم کیا ہے؟

ج۔ حضور ﷺ کا طریقہ یعنی آپ کا ہر قول، فعل اور تقریر سنت کہلاتا ہے۔

س۔ کتابت احادیث کا کام کب شروع ہوا؟

ج۔ حضور ﷺ کے وصال کے تقریباً ڈیڑھ سو سال کے بعد۔

س۔ اہل تشیع کی احادیث کی کتب کونسی ہیں؟

ج۔ i۔ الکافی مولفہ محمد بن یعقوب الکلینی۔

ii۔ من لایحضرہ الفقیہ اس کے مولف محمد بن علی بن بابویہ القمی متوفی ۳۸۱ھ

iii۔ تہذیب الاحکام اس کے مئولف شیخ ابوجعفر محمد الطوسی ہیں۔

iv۔ الاستبصار فیما اختلف فیہ الاخبار۔ اس کے مؤلف بھی الشیخ ابوجعفر محمد الطوسی ہیں۔ متوفی ۴۵۸ یا ۴۵۹ یا ۴۶۰ یہ تہذیب الاخلاق کا اختصار ہے اس میں صرف مختلف فیہ احادیث درج ہیں۔

v۔ نہج البلاغہ یہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے اقوال پر مشتمل ہے۔ اس کے مؤلف حضرت علی بن طاہر الشرف (متوفی ۴۳۶ھ) یا ان کے بھائی رضی الدین بغدادی ہیں۔

باب ۶

# ازدواج مطہرات

س۔ ازدواج مطہرات کی کل تعداد کتنی ہے؟
ج۔ گیارہ۔
س۔ سب سے پہلی زوجہ کا اسم مبارک کیا تھا؟
ج۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ آپؐ کے پہلے سسر کا نام کیا تھا؟
ج۔ خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ۔
س۔ آپؐ کی پہلی ساس کا نام کیا تھا؟
ج۔ فاطمہ بنت زاہدہ بن الاصم۔
س۔ حضرت خدیجہؓ کی والدہ کس قبیلہ سے تعلق رکھتی تھیں؟
ج۔ بنی عامر بن لوی۔
س۔ آپؐ کے پہلے نکاح کے وقت آپؐ کی عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۲۵ سال۔
س۔ حضرت خدیجہؓ کی نکاح کے وقت عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۴۰ سال۔
س۔ پہلے عقد کا حق مہر کتنا مقرر ہوا تھا؟
ج۔ ۲۰ اونٹنیاں۔
س۔ حضرت خدیجہؓ کا وصال کب ہوا؟
ج۔ ۱۰ ماہ رمضان کو۔
س۔ بوقت انتقال حضرت خدیجہؓ کی عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۶۵ سال۔

س۔ حضرت خدیجہؓ کا مزار مبارک کہاں ہے؟

ج۔ جیحون میں (مکہ معظمہ)

س۔ حضرت خدیجہؓ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ خویلد۔

س۔ حضرت خدیجہؓ کا لقب کیا تھا؟

ج۔ طاہرہؓ۔

س۔ حضرت خدیجہؓ کی پہلی شادی کن سے ہوئی تھی؟

ج۔ ابو ہالہ بن بناش تمیمی سے۔

س۔ حضرت خدیجہؓ کی دوسری شادی کن سے ہوئی؟

ج۔ عتیق بن عابد مخزومی سے۔

س۔ حضرت خدیجہؓ کی تیسری شادی کس سے ہوئی؟

ج۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے۔

س۔ حضرت خدیجہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج۔ اس وقت نماز جنازہ شروع نہیں ہوئی تھی۔

# ۲۔ حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام بتائیں؟
ج۔ زمعہ بن قیس عبدالشمس بن عبدود بن نضر بن مالک۔
س۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا نام بتائیں؟
ج۔ شموس بنت قیس بن عمرو۔
س۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟
ج۔ عامر قریش۔
س۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کی بوقت نکاح کتنی عمر تھی؟
ج۔ ۵۰ سال۔
س۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نکاح کن سے ہوا تھا؟
ج۔ سکران بن عمرو۔
س۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا حضور ﷺ سے کب نکاح ہوا؟
ج۔ رمضان المبارک میں نبوت کے دسویں سال۔
س۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا حق مہر کتنا مقرر ہوا تھا؟
ج۔ چار سو درہم۔
س۔ کس زوجہ مطہرہ نے اپنی باری حضرت عائشہؓ کے لئے چھوڑ دی تھی؟
ج۔ حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ نکاح کے فوراً بعد کس زوجہ مطہرہ کو آپؐ نے طلاق دینے کا ارادہ کیا تھا؟
ج۔ حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کونسی زوجہ مطہرہ آپؐ کی ہم عمر تھیں؟
ج۔ حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا؟
ج۔ ۲۲ھ کو۔

# ۳- حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا لقب کیا تھا؟

ج۔ حمیرا - صدیقہ۔

س۔ آپ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج۔ بنی تمیم سے۔

س۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کنواری ازدواج مطہرہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔

س۔ بوقت وصال حضور ﷺ کس زوجہ مطہرہ کے حجرہ مبارک میں تھے؟

ج۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س۔ آپؐ کس زوجہ مطہرہ کے حجرے میں دفن ہوئے؟

ج۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س۔ کون سی ازدواج مطہرہ کم عمر تھیں؟

ج۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔

س۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا حق مہر کتنا مقرر کیا تھا؟

ج۔ ۵۰۰ درہم۔

س۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا؟

ج۔ سہ شنبہ شب ۱۷ رمضان المبارک ۵۸ھ

س۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی بوقت وصال عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۶۶ سال۔

س۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا مزار مبارک کہاں ہے؟

ج۔ جنت البقیع (مدینہ منورہ)

✿✿✿

# ۴۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ کا نام بتایئے؟
ج۔ زینب بنت مظعون بن حبیب۔
س۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت کب ہوئی؟
ج۔ بعثت نبوی سے چار سے پہلے۔
س۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟
ج۔ خنیس بن خدافہؓ
س۔ خنیس بن خدافہؓ کس غزوہ میں شہید ہوئے؟
ج۔ غزوہ بدر میں۔
س۔ آپؐ نے کب ان سے نکاح کیا؟
ج۔ ہجرت مدینہ کے دو یا تین سال بعد۔
س۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ شعبان ۴۵ھ کو۔

# ۵۔ حضرت سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ حضرت سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام کیا ہے؟
ج۔ ہند بنت ابی امیہ سہیل بن المغیرہ۔
س۔ آپؐ سے نکاح کب ہوا؟
ج۔ ماہ شوال ۴ھ
س۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟
ج۔ حضرت عبداللہ بن اسد۔
س۔ حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا؟
ج۔ جمادی الثانی ۴ھ
س۔ ام سلمہ کا حق مہر کتنا مقرر ہوا؟
ج۔ دس درہم۔
س۔ صلح حدیبیہ اور غزوہ خیبر کے موقع پر کونسی زوجہ مطہرہ آپؐ کے ہمراہ تھیں؟
ج۔ حضرت سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ آپؐ کی کس زوجہ مطہرہ کا وصال آخر میں ہوا؟
ج۔ حضرت سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال کب ہوا تھا؟
ج۔ ۵۹ھ
س۔ وصال کے وقت کتنی عمر تھی؟
ج۔ ۸۴ سال۔
س۔ کہاں دفن کیا گیا تھا؟
ج۔ جنت البقیع میں۔
س۔ نماز جنازہ کس نے پڑھا؟
ج۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔

# ۶۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب کیا تھا؟
ج۔ ام المساکین۔
س۔ آپؐ کے نکاح میں کب آئیں؟
ج۔ شروع رمضان المبارک ۳ھ کو۔
س۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حق مہر کتنا مقرر ہوا؟
ج۔ بارہ اوقیہ۔
س۔ ان کا وصال کب ہوا؟
ج۔ ربیع الاول ۳ھ

# ۷۔ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ حارث بن ابی ضرار بن حبیب بن عابد بن مالک۔

س۔ آپ کا کس قبیلے سے تعلق تھا؟

ج۔ بنو مصطلق۔

س۔ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا اپنے قبیلے میں کیا مقام تھا؟

ج۔ اپنے قبیلے کا سردار تھا۔

س۔ آپ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج۔ مسافع بن صفوان۔

س۔ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ برّہ۔

س۔ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کس نے نام تبدیل کیا؟

ج۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

س۔ آپ کس غزوہ میں قیدی ہو کر آئیں؟

ج۔ غزوہ دیسیع۔

س۔ آپؓ قیدی کی حیثیت سے کن کے حصے میں آئیں؟

ج۔ حضرت ثابت بن قیسؓ۔

س۔ آپ کا فدیہ کس نے ادا کیا تھا؟

ج۔ حضور اکرم ﷺ نے۔

س۔ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپؐ کے عقد میں کب آئیں؟

ج۔ ماہ شعبان ۵ھ کو۔

س۔ ان کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ربیع الاول ۵۰ھ

س۔ آپ کا وصال کہاں ہوا؟

ج۔ مدینہ منورہ میں۔

س۔ آپ کی وصال کے وقت عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۶۵ سال۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ جنت البقیع۔

# ۸- حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س- آپؓ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج- ابوسفیانؓ۔

س- آپؓ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج- صفیہ بنت ابی العاص بن اُمیہ بن عبدالشمس۔

س- آپ کا حضرت عثمان سے کیا رشتہ تھا؟

ج- حضرت عثمان کی پھوپھی تھیں۔

س- آپ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج- عبداللہ بن جحش۔

س- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن کو نکاح کا پیغام کہاں سے بھیجا؟

ج- حبشہ سے۔

س- نکاح کی تقریب کس نے منعقد کی؟

ج- بادشاہ نجاشی نے۔

س- ان کا حق مہر کتنا مقرر ہوا؟

ج- چار سو دینار (ایک روایت میں چار ہزار دینار) (واللہ اعلم)

س- حق مہر کی رقم حضور ﷺ کی طرف سے کس سے ادا کی؟

ج- بادشاہ نجاشی سے۔

س- بوقت نکاح عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۳۵ سال۔

س۔ آپ کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ۴۴ھ میں۔

س۔ بوقت وصال عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۷۳ سال۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ جنت البقیع۔

# ۹۔ حضرت زینب بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ ام الحکم۔

س۔ آپ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ امیمہ بنت عبدالمطلب۔

س۔ آپ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج۔ حضرت زید بن حارثؓ

س۔ آپ کو پہلے خاوند نے کب طلاق دی؟

ج۔ ذی القعد ۵ھ

س۔ حضور ﷺ کے ساتھ نکاح کے وقت عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۳۸ سال۔

س۔ آپ کا کتنی عمر میں انتقال ہوا؟

ج۔ ۵۳ سال۔

س۔ آپ کا انتقال کہاں ہوا؟

ج۔ مدینہ منورہ۔

س۔ آپ کا انتقال کب ہوا؟

ج۔ ۲۰ھ

س۔ نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج۔ حضرت عمر فاروقؓ

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ جنت البقیع میں۔

س۔ آپ حضور ﷺ کے عقد میں کتنے عرصہ رہے؟

ج۔ ۱۵ سال تک۔

س۔ آپ کے ہاں اولاد کیا تھی؟

ج۔ کوئی نہیں تھی۔

# ۱۰- حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س- آپ کے والد کا نام کیا تھا؟
ج- حیی بن اخطب بن شعبہ۔
س- آپ کی والدہ کا نام کیا تھا؟
ج- خرہ بنت سموال۔
س- ان کا اصل نام کیا تھا؟
ج- زینب۔
س- آپ کا پہلا عقد کس سے ہوا تھا؟
ج- سعدم بن مشکم القرتلی۔
س- آپ کی دوسری شادی کس سے ہوئی؟
ج- کنانہ بن ابی الحقیق۔
س- آپ کس جنگ میں قیدی بن کر آئیں؟
ج- جنگ خیبر میں۔
س- آپ نے کب اسلام قبول فرمایا؟
ج- جنگ خیبر کے بعد۔
س- اسلام سے پہلے کس مذہب پر تھیں؟
ج- یہودی۔
س- آپ قیدی کی حیثیت سے کن کے حصہ میں آئیں تھیں؟
ج- حضرت دحیہ کلبیؓ
س- آپ کا فدیہ کس نے ادا کیا؟
ج- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔
س- آپ کا انتقال کب ہوا؟

ج۔ ۵۰ھ

س۔ آپ کی عمر انتقال کے وقت کتنی تھی؟

ج۔ ۶۰ سال۔

س۔ آپ کی اولاد کتنی تھی؟

ج۔ کوئی نہیں۔

س۔ آپ نے کہاں انتقال فرمایا؟

ج۔ مدینہ منورہ میں۔

س۔ کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ جنت البقیع میں۔

## دوزخی:۔

چھ آدمی چھ چیزوں کے سبب سے دوزخ میں جائیں گے:۔

i۔ عرب کے لوگ تعصب اور عداوت کی وجہ سے۔

ii۔ گاؤں کے رئیس تکبر کی وجہ سے۔

iii۔ سوداگر دغابازی کی وجہ سے۔

iv۔ عالم حسد کی وجہ سے۔

v۔ عوام جہل کی وجہ سے۔

vi۔ حاکم ظلم کی وجہ سے۔

# ۱۱- حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س- آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج- حارث بن حزن بن بحر۔
س- والدہ کا نام کیا تھا؟
ج- ہند بنت عوف بن زبیر
س- آپ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟
ج- مسعود بن عمر بن عمیر ثقفی۔
س- دوسرا نکاح کس سے ہوا؟
ج- ابودھم بن عبدالعزیٰ۔
س- حضور ﷺ نے کب عقد فرمایا؟
ج- ۷ھ میں۔
س- حضور ﷺ کی آخری زوجہ مطہرہ کا نام کیا تھا؟
ج- حضرت میمونہؓ۔
س- ان کا انتقال کب ہوا؟
ج- ۵۱ھ
س- ان کو دفن کہاں کیا گیا؟
ج- جنت البقیع میں۔

## فرمودات شیر محمد میاں:۔

۱- کم بخت وہ ہے جسے آخرت کی فکر نہ ہو اور دنیا کی لذات میں مبتلا ہو۔
۲- کسی میت کو دیکھو تو اپنی موت کو یاد کرو۔
۳- ایک بری عادت کو چھوڑنا سو برس کی عبادت سے بہتر ہے۔

باب ۷

# اولادِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پانچ بیٹے اور چار بیٹیاں تھیں اللہ تعالیٰ کی حکمت اعلیٰ کی وجہ سے سب بیٹے ان کی زندگی میں ہی فوت ہو گئے تھے اور چاروں بیٹیاں حیات رہیں۔ جن کے بارے میں معلومات حاضر ہیں۔

س۔ آپ کے کتنے بیٹے تھے؟

ج۔ پانچ بیٹے۔

س۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کتنے بیٹے تھے؟

ج۔ چار۔

س۔ ان کے نام بتائیے؟

ج۔ حضرت قاسم + حضرت عبداللہ + حضرت طاہر + حضرت طیب۔

س۔ پانچواں بیٹا کس خاتون سے تھا؟

ج۔ حضرت ماریہ قبطیہ کے بطن سے۔

س۔ اُن کا نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت ابراہیم۔

س۔ کتنے بیٹے حیات رہے؟

ج۔ کوئی نہیں رہا۔

س۔ آپ کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

ج۔ چار بیٹیاں۔

س۔ چاروں کس خاتون کے بطن سے تھیں؟

ج۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س۔ ان کے نام بتائیے؟

ج۔ i۔ حضرت زینبؓ ii۔ حضرت رقیہؓ
ج۔ iii۔ حضرت اُم کلثومؓ iv۔ حضرت فاطمہؓ
س۔ سب سے بڑی بیٹی کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ ان کا نکاح کن سے ہوا؟
ج۔ حضرت ابوالعاص ابن الربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س۔ حضرت زینب کی پیدائش کب ہوئی؟
ج۔ بعثت نبوی سے دس سال پہلے۔
س۔ ان کا وصال کب ہوا؟
ج۔ ۸ھ
س۔ غسل کس نے دیا؟
ج۔ حضرت سودہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔
س۔ ان کی نماز جنازہ کس نے پڑھی؟
ج۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔
س۔ آپ کو قبر میں کس نے اتارا؟
ج۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س۔ آپ کی کتنی اولاد تھی؟
ج۔ دو (ایک بیٹا اور ایک بیٹی)
س۔ اولاد کے نام بتایئے؟
ج۔ بیٹے کا نام علی اور بیٹی کا نام امامہ۔
س۔ بیٹی کی شادی کس سے ہوئی؟
ج۔ حضرت علیؓ سے۔
س۔ حضرت علیؓ کی شہادت کے بعد دوسرا کن سے نکاح ہوا؟
ج۔ جناب مغیرہؓ سے۔

اولاد رسول ﷺ کا احترام کریں۔

## ii- حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ آپ کی شادی کس کے ساتھ ہوئی؟
ج۔ ابولہب کے بیٹے عتبہ سے۔
س۔ یہ شادی کب ہوئی؟
ج۔ بعثت رسول سے قبل۔
س۔ آپ کو طلاق کس کے کہنے پر دی گئی؟
ج۔ ابولہب کے کہنے پر۔
س۔ آپ کی دوسری شادی کن کے ساتھ ہوئی؟
ج۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔
س۔ آپ نے اپنے خاوند کے ساتھ کہاں ہجرت فرمائی؟
ج۔ حبشہ کی طرف۔
س۔ حضرت رقیہ کی کتنی اولاد تھی؟
ج۔ ایک بیٹا صرف۔
س۔ بیٹے کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت عبداللہ۔
س۔ حضرت عبداللہ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ حبشہ میں۔
س۔ عبداللہ کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ چھ سال کی عمر میں۔
س۔ آپ کا وصال کب ہوا؟
ج۔ ہجرت مدینہ کے دوسرے سال۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ جنت البقیع میں۔

س۔ آپؐ بیٹی کے جنازے میں کیوں شریک نہ ہوسکے؟

ج۔ غزوہ بدر کی وجہ سے۔

## اتباع شریعت:۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہر | مراتب | از | شریعت | یافتم |
| پیشوائے | | خود | شریعت | یافتم |

# حضرت اُمِ کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ آمنہ۔

س۔ آپ کی شادی کن سے ہوئی؟

ج۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ۔

س۔ آپ کا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کب عقد ہوا؟

ج۔ ربیع الاول ۳ھ

س۔ آپ کی اولاد کتنی تھی؟

ج۔ صرف ایک بیٹا۔

س۔ وہ کب تک زندہ رہا؟

ج۔ دو سال تک۔

س۔ آپ کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ماہ شعبان ہجرت مدینہ کے نویں سال۔

س۔ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

س۔ آپ کو قبر میں کس نے اتارا؟

ج۔ i۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

ii۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

iii۔ حضرت فضال بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

## ﴿حضرت شاہ بلاول کی کرامت﴾

ایک دفعہ ایک چور آپ کے ہاں آیا۔ جب وہ چیزیں اٹھانے لگا تو اندھا ہو گیا۔ اسی حالت میں کوٹھڑی میں چھپ گیا۔ دوسرے دن کھانا کھانے لگے تو حضرت نے ایک خادمہ سے کہا کہ:۔

"فلاں حجرے میں جاؤ اور وہاں ایک شخص رات کا بھوکا ہے اسے کھانا کھلاؤ۔ کھانے کے بعد اس نے عرض کی حضرت میں رات کا اندھا ہو گیا ہوں۔ آپ خدا سے مجھے آنکھیں دلوا دیں۔ آئندہ چوری نہیں کروں گا۔ چنانچہ آپ نے اس کے منہ پر دست شفقت پھیرا اور چور کی بینائی واپس آ گئی۔

# iv- حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

س۔ آپ حضور اکرم صلی اللہ علیہ سلم کے ہاں کب پیدا ہوئیں؟

ج۔ نبوت سے ایک سال قبل۔

س۔ آپ کے القاب کیا تھے؟

ج۔ زہرا - طاہرہ - راضیہ - مرضیہ - بتول۔

س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ اُم محمد۔

س۔ آپ کا اپنی بہنوں میں کونسا درجہ تھا؟

ج۔ سب سے چھوٹی تھیں۔

س۔ آپ کا نکاح کس سے ہوا؟

ج۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے۔

س۔ نکاح کب ہوا؟

ج۔ رمضان المبارک ۲ھ کو۔

س۔ بوقت نکاح عمر کتنی تھی؟

ج۔ پندرہ سال ساڑھے پانچ ماہ۔

س۔ آپ کا حق مہر کتنا مقرر ہوا؟

ج۔ ۴۸ درہم۔

س۔ آپ کو جہیز میں کیا دیا گیا تھا؟

ج۔ ایک پلنگ + ایک بستر + ایک چادر + دو چکیاں۔ایک مشک وغیرہ۔

س۔ آپ سے کتنی اولاد ہوئی؟

ج۔ ۳ بیٹے + ۲ بیٹیاں کل پانچ بچے۔

س۔ بیٹیوں کے نام بتایئے؟

ج۔ حضرت امام حسن + حضرت امام حسین + حضرت محسن رضی اللہ اجمعین۔
س۔ بیٹیوں کے نام بتائیں؟
ج۔ زینب اور ام کلثوم۔
س۔ آپ کی بیٹی زینب کا نکاح کس سے ہوا تھا؟
ج۔ حضرت عبداللہ بن جعفرؓ۔
س۔ حضرت ام کلثوم کس کے عقد میں آئیں؟
ج۔ حضرت عمر فاروق سے۔
س۔ حضرت فاطمہؓ کا وصال کب ہوا؟
ج۔ سہ شنبہ کی رات ماہ رمضان ۱۱ھ
س۔ نماز جنازہ کس سے پڑھائی؟
ج۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔
س۔ آپ کو کس جگہ دفن کیا گیا؟
ج۔ جنت البقیع میں۔
س۔ حضور پاک ﷺ کو اپنی اولاد میں سے کون سی اولاد زیادہ عزیز تھی؟
ج۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ آپ کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا؟
ج۔ اہل جنت کی سردار ہیں۔
س۔ آپ کے کس بیٹے نے جام شہادت نوش فرمایا؟
ج۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س۔ حضرت امام حسینؓ اولاد میں کس درجے پر تھے؟
ج۔ دوسرے درجے پر تھے۔
س۔ حضرت امام حسینؓ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۵ شعبان ۴ ہجری کو۔
س۔ آپ کب شہید ہوئے؟
ج۔ ۱۰ محرم ۶۰ ہجری بوقت ظہر۔ میدان کربلا میں۔

س۔ حضور اکرم ﷺ نے حضرت فاطمہ کے بیٹوں کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج۔ ''یہ دونوں نوجوان بہشت کے سردار ہیں''

س۔ حضرت فاطمہؓ کے کونسے بیٹے خلیفہ بھی رہے؟

ج۔ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س۔ کتنے عرصہ تک خلیفہ رہے؟

ج۔ چھ ماہ تک۔

س۔ آپ کا سب سے بڑے بیٹے کا کیا نام تھا؟

ج۔ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

## ذریعہ معاش:۔

| حضرت ابوبکرؓ کا ذریعہ معاش تجارت تھا۔ |
|---|
| حضرت عمر فاروقؓ کا ذریعہ معاش گلہ بانی تھا۔ |
| حضرت عثمانؓ کا ذریعہ معاش تجارت تھا۔ |
| حضرت علیؓ کا ذریعہ معاش زراعت تھا۔ |

باب ۸

# صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین

## سیدنا ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ آپ کو لقب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دیا تھا؟
ج۔ امین الامت۔
س۔ اہل نجران والون کے ہمراہ آپ نے کس کو بھیجا؟
ج۔ حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ کو۔
س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ عامرؓ۔
س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابوعبیدہؓ۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ عبداللہ۔
س۔ آپ قریش کی کس شاخ سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ بنوفہر سے۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ بروایت ابن اسحٰق ہجرت نبوی سے ۲۳ سال قبل۔
بروایت واقدی چالیس سال پہلے (یہ زیادہ قرین قیاس ہے)
س۔ آپ کس کی دعوت پر مسلمان ہوئے؟
ج۔ حضرت ابوبکرؓ کی دعوت پر۔
س۔ آپ نے کب ہجرت کی؟
ج۔ ۱۳ سال بعد بعثت۔

س۔ آپ نے مدینہ کے باہر کہاں قیام فرمایا؟

ج۔ قبا میں حضرت کلثوم بن الہدم رضی اللہ عنہ کے مکان پر۔

س۔ غزوہ اُحُد میں آپ کے دو دانت کیسے ٹوٹے؟

ج۔ چونکہ آپ نے حضور ﷺ کے رخسار سے خود کی کڑیاں دانتوں سے نکالی تھیں۔

س۔ آپ کو حضور ﷺ نے سیف البحر یا سریہ خبط کے لئے کتنے مجاہدین کے ساتھ روانہ کیا؟

ج۔ ۳۰۰ مجاہدین کے ساتھ۔

س۔ آپ نے حضور کے ساتھ کب ہمرکابی کی؟

ج۔ حجتہ الوداع کے لئے۔

س۔ دمشق کی شکست کے بعد آپ نے رومیوں کے کن علاقوں کو فتح کیا؟

ج۔ بیسان اور فحل۔

س۔ حضرت عمرؓ نے آپ کو کب شام کا والی مقرر کیا؟

ج۔ بیت المقدس کی فتح کے بعد۔

س۔ آپ نے کہاں انتقال فرمایا؟

ج۔ جابیہ کے مقام پر۔

س۔ انہوں نے اپنا جانشین کسے بنایا؟

ج۔ حضرت معاذ بن جبلؓ کو۔

س۔ آپ کی تجہیز و تکفین کا بندوبست کس نے کیا؟

ج۔ حضرت معاذ بن جبلؓ نے۔

س۔ ابوعبیدہ الجراحؓ کی بیوی کا کیا نام تھا؟

ج۔ سیدہ ہند بن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

س۔ سیدہ ہند بن جابر کے بطن سے کونسی اولاد ہوتی؟

ج۔ دو لڑکے تولد ہوئے مگر دونوں فوت ہو گئے۔

س۔ لڑکوں کے نام بتائیں؟

ج۔ یزید اور عمیر۔

# ۲- حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

س- آپ کب پیدا ہوئے؟

ج- ہجرت نبوی سے تقریباً تیس برس پہلے۔

س- آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج- مکہ معظمہ میں۔

س- آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج- ابواسحٰق۔

س- آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج- ابی وقاص یا ابو وقاص مالک۔

س- والدہ کا نام کیا تھا؟

ج- حمنہ بنت سفیان بن اُمیہ۔

س- آپ کے والدین کا قریش کی کس شاخ سے تعلق تھا؟

ج- والد کا بنوزہرہ سے اور والدہ کا بنوامیہ سے۔

س- حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے والد ابو وقاص مالک رشتہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کیا لگتے تھے؟

ج- ماموں اور خود سعدؓ ماموں زاد بھائی تھے۔

س- آپؐ کی والدہ سیدہ آمنہ حضرت سعدؓ کے والد ابو وقاص مالک کی رشتے میں کیا لگتی تھی؟

ج- چچازاد بہن۔

س- وہ کونسے صحابی تھے جنہوں نے ہاشمی و مطلبی نہ ہونے کے باوجود تین سال تک محض اللہ اور رسول کی خاطر شعب ابی طالب کی محصوری میں گزارے؟

ج- حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔

س۔ بتایئے غزوہ بدر میں حضرت سعد بن ابی وقاص کے کونسے نوعمر بھائی شہید ہوئے؟
ج۔ حضرت عمیر بن ابی وقاصؓ۔
س۔ غزوہ بدر کے موقع پر آپ نے کن قریش مکہ کے تین آدمیوں کو قیدی بنایا؟
ج۔ حارث بن حرو۔ سالم بن شاخ فاکہہ۔
س۔ غزوہ احد میں آپ نے کتنے تیر چلائے؟
ج۔ ایک ہزار تیر بمطابق علامہ ابن اثیر۔
س۔ آپ نے کن کن غزوات میں حصہ لیا؟
ج۔ غزوہ بدر۔ احد' احزاب' خیبر' فتح مکہ' حنین' طائف' اور تبوک۔
س۔ بتایئے ٦ ہجری کو حضرت سعد بن ابی وقاص کو کس مقدس جماعت میں شامل ہونے کا شرف حاصل ہوا؟
ج۔ بیعت رضوان کرنے والے چودہ سو صحابہ کرام کی مقدس جماعت میں۔
س۔ آپ کو حضور اکرمؐ نے کیا بشارت دی تھی؟
ج۔ عشرہ مبشرہ ہونے کی۔
س۔ حضرت ابوبکر صدیق نے اپنے دور خلافت میں آپ کو کس قبیلے کا عامل مقرر فرمایا؟
ج۔ قبیلہ بنو ہوازن کا۔
س۔ سعد بن ابی وقاصؓ نے تالیف قلب کے لئے حضرت مثنیٰؓ کی بیوہ سلمٰی سے کیا برتاؤ کیا؟
ج۔ ان سے نکاح کر لیا تھا۔
س۔ مدائن کی فتح کے بعد آپؓ نے ایرانیوں کے اور کونسے شہر فتح کئے؟
ج۔ جلولا - حلوان - تکریت - موصل - بیت اور ماسدان وغیرہ۔
س۔ آپؓ نے کب کوفہ کا شہر آباد کر کے دارالامارت بھی وہاں منتقل کر دیا؟
ج۔ ١٧ ہجری میں۔
س۔ حضرت عثمانؓ نے آپؓ کو کس شہر کا والی مقرر کیا؟
ج۔ کوفہ (جہاں وہ تین سال تک اسی عہدے پر فائز تھے)
س۔ آپؓ کو حضرت عثمانؓ نے امارت سے سبکدوش کب کیا؟
ج۔ ٢٦ ہجری کو۔

س۔ سبکدوشی کی وجوہات کیا تھیں؟
ج۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ مہتمم بیت المال سے اختلاف پیدا ہو جانے کے بعد۔
س۔ آپؓ کا جنازہ کس نے پڑھایا؟
ج۔ والی مدینہ مروان بن الحکم نے۔
س۔ آپ کا جنازہ کہاں پڑھایا گیا؟
ج۔ امہات المومنین رضی اللہ عنہا کے حجروں کے سامنے۔
س۔ آپؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ جنت البقیع میں۔
س۔ آپؓ نے زندگی میں کتنے نکاح کیے؟
ج۔ بارہ نکاح۔
س۔ اولاد کتنی ہوئی؟
ج۔ ۱۸ لڑکے + ۱۸ لڑکیاں۔ (۳۶)
س۔ وفات کے وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۸۵ سال (پچاسی سال)
س۔ سعد بن ابی وقاص کا حلیہ کیسا تھا؟
ج۔ قد کوتاہ۔ سر بڑا۔ ناک چپٹی۔ جسم فربہ۔ بال گھنے ہاتھ کی انگلیاں موٹی اور مضبوط۔
س۔ عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟
ج۔ دس صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین جن کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی حیات میں ہی جنتی ہونے کی بشارت دے دی تھی۔
س۔ عشرہ مبشرہ کے نام بتائیں؟
ج۔ ۱۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ ۲۔ حضرت عمر فاروقؓ
۳۔ حضرت عثمان غنیؓ ۴۔ حضرت علیؓ
۵۔ حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ ۶۔ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ
۷۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ ۸۔ حضرت زبیر بن العوامؓ
۹۔ حضرت سعید بن زیدؓ ۱۰۔ حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ

س۔ حضرت سعید بن زید کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ ابوالاعور۔

س۔ آپ کا زمانہ جاہلیت کا نام کس نے تبدیل کیا؟

ج۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

س۔ آپ کے والد کا کیا پیشہ تھا؟

ج۔ تجارت۔

س۔ آپ کے قبول اسلام میں کونسا نمبر ہے؟

ج۔ تیرھواں۔

س۔ حضور ﷺ کی بعثت کے وقت آپؓ کی عمر کتنی تھی؟

ج۔ تقریباً ۲۷ سال یا تیس سال۔

س۔ جب آپ ہجرت فرما کر حبشہ گئے تو آپ کے بیوی بچے کہاں تھے؟

ج۔ مکہ معظمہ میں۔

س۔ آپ نے ہجرت حبشہ کتنی مرتبہ کی؟

ج۔ دو مرتبہ۔

س۔ آپ نے مدینہ منورہ کب ہجرت فرمائی؟

ج۔ ۱۳ ہجری کو۔

س۔ آپ مدینہ میں کس کے مہمان بنے؟

ج۔ حضرت سعد بن ربیع انصاریؓ کے۔

س۔ آپ کو کس کا بھائی بنایا گیا؟

ج۔ حضرت سعد بن ربیع انصاری کا۔

س۔ آپ نے مدینہ میں کس انصاری عورت سے شادی کی؟

ج۔ سیدہ ہلد بنت عاصمؓ

س۔ آپ نے کس مشرک کو قید کیا تھا؟

ج۔ حجاج بن الحارث کو۔

# ۳۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف

س۔ غزوہ تبوک کے موقع پر ایک دن نماز فجر کی امامت کس صحابی نے کی؟
ج۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے۔
س۔ آپ نے حضور ﷺ کے ساتھ کب حج کیا؟
ج۔ ۱۰ ہجری میں حجۃ الوداع کے موقع پر۔
س۔ آپ کو حضرت ابوبکر صدیق نے امیر حج کب مقرر کیا؟
ج۔ ۱۱ ہجری کو۔
س۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس کو شوریٰ کا مستقل ممبر مقرر کیا؟
ج۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو۔
س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابومحمد۔
س۔ حضرت عثمان غنیؓ نے کب امیرِ حج مقرر کیا؟
ج۔ ۳۱ ہجری یا ۳۲ ہجری کو۔
س۔ آپ نے کتنی عمر میں انتقال فرمایا؟
ج۔ i۔ ۷۲ سال بمطابق حافظ ابن حجر۔
ii۔ ۷۵ سال ابن سعد کے قول کے مطابق۔
س۔ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج۔ حضرت عثمان غنیؓ نے۔
س۔ آپ نے کتنے عقد کیے؟
ج۔ کل ۱۵ عقد۔ مگر ایک وقت میں چار بیویاں ہی رکھیں۔
س۔ آپ کے کتنے بیٹے تھے؟
ج۔ بیس (۲۰) بیٹے۔

س۔ بیٹیاں کتنی تھیں؟

ج۔ ۸ بیٹیاں۔

س۔ آپ نے ترکہ کیا چھوڑا؟

ج۔ اونٹ ایک ہزار ۱۰۰۰ بکریاں تین ہزار ۳۰۰۰

گھوڑے ایک سو ۱۰۰۔

# ۴۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ حضور ﷺ نے آپ کو کیا بشارت دی؟
ج۔ جنتی ہونے کی (عشرہ مبشرہ میں سے)
س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابوعبداللہ۔
س۔ آپ کا شجرہ نسب بتایئے؟
ج۔ حضرت زبیر بن العوامؓ بن خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی۔
س۔ حضور ﷺ نے آپ کو کیا لقب دیا؟
ج۔ حواریِ رسولؐ۔
س۔ آپ حضور ﷺ کی کس پھوپھی کے فرزند تھے؟
ج۔ سیدہ صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ آپ حضور کے رشتے میں کیا لگتے تھے؟
ج۔ ماموں زاد بھائی۔ پھوپھا۔ ہم زلف۔
س۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ آپ کی کیا لگتی تھی؟
ج۔ پھوپھی۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ہجرت نبوی سے اٹھائیس سال قبل۔
س۔ آپ کی پرورش کس نے کی؟
ج۔ ورقہ بن نوفل نے۔
س۔ آپ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج۔ سیدہ صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
س۔ آپ نے کس عمر میں اسلام قبول کیا؟

ج۔ آٹھ، بارہ یا سولہ سال کی عمر میں (واللہ اعلم)

س۔ آپ کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

ج۔ تجارت۔

س۔ حضرت ابوبکر صدیق کی بیٹی سیدہ اسماء کے شوہر کا کیا نام تھا؟

ج۔ حضرت زبیر بن العوامؓ۔

س۔ آپ کو بیعت رضوان کا عظیم شرف کب حاصل ہوا؟

ج۔ ۶ ہجری کو۔

س۔ فتح مکہ کے بعد حضرت زبیر بن العوامؓ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج۔ حنین، طائف اور تبوک میں۔

س۔ سیدنا حضرت عثمانؓ کا نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج۔ حضرت زبیر بن العوام۔

س۔ آپ کے قاتل کا نام کیا تھا؟

ج۔ ابن جرموز۔

س۔ آپ کو ابن جرموز نے کس حالت میں قتل کیا؟

ج۔ سجدے کی حالت میں۔

س۔ شہادت کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

ج۔ چونسٹھ برس۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ آپؓ کی جائے شہادت وادی السباع میں۔

س۔ آپ نے کتنی شادیاں کیں؟

ج۔ سات شادیاں۔

س۔ آپ کی اولاد کتنی تھی؟

ج۔ نو بیٹے اور نو بیٹیاں۔

س۔ آپ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج۔ ۲۸۔

# ۵۔ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے چودہ پندرہ سال پہلے۔
س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابو محمد۔
س۔ آپ کا قریش کے کس خاندان سے تھا؟
ج۔ بنو تمیم سے۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ عبید اللہ۔
س۔ آپ کا ذریعہ معاش کیا تھا؟
ج۔ تجارت (بعد از ہجرت زراعت)
س۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو کیا بشارت دی؟
ج۔ جنتی ہونے کی (عشرہ مبشرہ)
س۔ آپؐ نے مکہ میں آپ کا بھائی چارہ کس سے کروایا تھا؟
ج۔ اپنے پھوپی زاد بھائی حضرت زبیر بن العوامؓ سے۔
س۔ ہجرت مدینہ کے موقع پر کس انصاری صحابی نے آپ کو اپنا مہمان بنایا؟
ج۔ حضرت اسد بن زرارہ انصاریؓ۔
س۔ غزوہ احد کے موقع پر آپ کے جسم پر لگنے والے زخموں کی کیا تفصیل ملتی ہے؟
ج۔ چوبیس زخم۔ (۲۴)
س۔ آپؐ کے ساتھ کب حج کیا؟
ج۔ ۱۰ ہجری حجۃ الوداع کے موقع پر۔
س۔ آپ نے کب شہادت نوش فرمائی؟

ج۔ ۳۶ ہجری۔
س۔ شہادت کے وقت عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۶۴ سال۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ جنگ جمل کے میدان ہی کے ایک گوشے میں۔
س۔ آپ نے کتنی شادیاں کیں؟
ج۔ ۹ شادیاں۔
س۔ آپ کی چار بیویاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چاروں سالیاں تھیں۔ نام بتائیں؟
ج۔ i۔ سیّدہ حمنہؓ (اُم المومنین سیّدہ زینب بنت جحش کی بہن تھی)
ii۔ سیّدہ رقیہؓ (اُم المومنین سیّدہ اُم سلمہ کی بہن تھیں)
iii۔ سیّدہ ماریہ (اُم المومنین سیّدہ اُم حبیبہ بنت ابوسفیان کی بہن تھیں)
iv۔ سیّدہ اُم کلثومؓ (اُم المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہؓ بنت ابوبکر کی بہن تھیں)
س۔ آپ کے بیٹوں کے نام کیا تھے؟
ج۔ i۔ محمد ii۔ عمران iii۔ موسیٰ iv۔ اسحٰق v۔ اسماعیل vi۔ عیسیٰ vii۔ یحییٰ
viii۔ یعقوب ix۔ زکریا x۔ یوسف xi۔ صالح۔
س۔ آپ کی بیٹیوں کے نام بتائیے؟
ج۔ i۔ عائشہ ii۔ اُم اسحٰق iii۔ صعبہ iv۔ مریم
س۔ آپ کی بیٹی اُم اسحٰق کا عقد کن سے ہوا؟
ج۔ حضرت حسن بن علیؓ کے نکاح میں تھیں۔
س۔ ان کے بعد کس کے ساتھ نکاح کیا؟
ج۔ حضرت حسین بن علیؓ سے نکاح کیا۔
س۔ اُم اسحٰق کے بطن سے حضرت حسین کی اولاد کونسی تھی؟
ج۔ فاطمہ بنت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س۔ آپ کے کونسے بیٹے کثرت عبادت کے لئے مشہور تھے؟
ج۔ محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

# ۶۔حضرت سعید بن زیدؓ

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ زید بن عمرو۔
س۔ آپ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج۔ فاطمہ بنت خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س۔ آپ کا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سلسلہ نسب کہاں جاملتا ہے؟
ج۔ دسویں بعثت سے (کعب بن لوی)
س۔ آپ کے والد زید بن عمرو حضرت عمر فاروق کے کیا لگتے تھے؟
ج۔ چچازاد بھائی۔
س۔ آپ حضرت عمر فاروق کے کیا لگتے تھے؟
ج۔ بہنوئی۔
س۔ آپ کا شمار کن لوگوں میں ہوتا ہے؟
ج۔ سابقون الاولون۔
س۔ آپ نے ہجرت کر کے مدینہ میں کن کے ہاں قیام فرمایا؟
ج۔ حضرت ابولبابہ انصاریؓ۔
س۔ آپ کو ۶ ہجری میں کونسا اعزاز حاصل ہوا؟
ج۔ بیعت رضوان کا۔
س۔ آپ نے شہادت عمر کے بعد نواح مدینہ میں کہاں سکونت اختیار کی؟
ج۔ عقیق کے مقام پر۔
س۔ آپ نے کب وفات پائی؟
ج۔ باختلاف روایت ۵۰ ہجری' ۵۱ ہجری یا ۵۲ ہجری۔
س۔ آپ نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ عقیق کے مقام پر۔
س۔ آپ نے کس دن وفات پائی؟
ج۔ بروز جمعۃ المبارک۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ مدینہ منورہ (جنت البقیع)
س۔ آپ کو کس صحابی نے غسل دیا؟
ج۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س۔ آپ کی میت پر حنوط کس نے ملا تھا؟
ج۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ۔
س۔ آپ کو قبر میں کس نے اتارا؟
ج۔ حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س۔ آپ نے کل کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۷۰ یا ۷۳ سال تقریباً۔
س۔ آپ کو کثرت عبادت کے لحاظ سے کون سا درجہ حاصل تھا؟
ج۔ مستجاب الدعوۃ۔
س۔ آپ نے کتنے نکاح کیے؟
ج۔ نو (۹)۔
س۔ آپ کے لڑکے کتنے تھے؟
ج۔ دس لڑکے۔
س۔ لڑکیاں کتنی تھیں؟
ج۔ ۱۱ لڑکیاں۔
س۔ آپ کا صحابہ کرام میں کونسا درجہ / مقام تھا؟
ج۔ آپ عشرہ مبشرہ میں سے تھے۔

# ۷۔ حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ ابو طالب۔
س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابو عبداللہ۔
س۔ آپ کا لقب بتایئے؟
ج۔ طیار۔
س۔ صحیح بخاری کی روایت کے مطابق حضور ﷺ نے آپؓ کے بارے میں کیا فرمایا؟
ج۔ "جعفر! تم صورت اور سیرت دونوں میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو"
س۔ آپ کی غریب نوازی کو دیکھ کر حضور کیا کہا کرتے تھے؟
ج۔ ابو المساکین۔ (مسکینوں کا باپ)
س۔ حبش کے دوران قیام آپ کے ہاں حضرتِ اسماؓ سے کتنے بچے ہوئے؟
ج۔ تین بچے۔
س۔ حضور ﷺ نے آپ کے کس بچے سے بچپن میں بیعت لی؟
ج۔ عبداللہ بن جعفرؓ
س۔ آپ کے بیٹے حضرت عبداللہ کی بیوہ سیدہ زینبؓ کس کی بیٹی تھی؟
ج۔ سیدنا حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی۔
س۔ آپ کن سے شکل وصورت میں مشابہت رکھتے تھے؟
ج۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے۔
س۔ دوران قیام حبشہ آپ کے ہاں کونسے بچے پیدا ہوئے؟
ج۔ i۔ عبداللہؓ ii۔ محمد اض iii۔ عون رضی اللہ عنہ۔
س۔ جنگ موتہ میں کس صحابی کے دونوں ہاتھ کفار سے مقابلہ کرتے ہوئے ٹوٹ گئے؟

ج۔ حضرت جعفر بن ابی طالب کے۔

س۔ جنگ موتہ میں شہادت کے وقت آپ کے جسم پر کتنے زخم تھے؟

ج۔ ۹۰ زخم۔

س۔ آپ کی اہلیہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت اسما بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

## ﴿صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین﴾

### "فرمان الٰہی"

ترجمہ:۔

"وہ مہاجرین وانصار جنہوں نے سب سے پہلے حق کی دعوت قبول کرنے میں سبقت کی نیز وہ جو بعد میں راست بازی کے ساتھ آئے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔ اللہ نے ان کے لئے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے یہی وہ عظیم الشان کامیابی ہے"

(سورہ توبہ رکوع ۱۳-پ ۱۱)

# ۸۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟
ج۔ زید بن حارثہ۔
س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابو محمد اور ابو زید۔
س۔ آپ بنو قضاعہ کی کس شاخ سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ بنو کلب۔
س۔ کس صحابی کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے؟
ج۔ آپ کے والد زید بن حارثہ کا۔
س۔ آپ ﷺ اپنے کس آزاد کردہ غلام کی زوجہ کو امی کہہ کر مخاطب کرتے تھے؟
ج۔ حضرت زید بن حارثہ کی بیوی ام ایمنؓ کو۔
س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ مکہ میں۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۷ ہجری بعد بعثت۔
س۔ حضور کی ہجرت کے وقت حضرت اسامہ بن زید کی عمر کیا تھی؟
ج۔ سات سال۔
س۔ آپ کی شادی زینب کے ساتھ کتنی عمر میں کی گئی؟
ج۔ چودہ برس کی عمر میں۔
س۔ آپ نے ان سے علیحدگی کیوں حاصل کی؟
ج۔ میاں بیوی میں بن نہ آنے کی وجہ سے۔
س۔ آپ کے بیٹے حسن اور حسین آپ کی کس اہلیہ سے تھے؟

ج۔ بزرہ بنت رابعی۔

س۔ آپ کے والد کس سریہ میں شہید ہوئے؟

ج۔ سریہ موتہ کے دوران۔

س۔ کب شہید ہوئے؟

ج۔ ۶ ہجری میں۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۵۴ ہجری یا ۵۸ ہجری۔

س۔ بوقت انتقال کہاں قیام تھا؟

ج۔ مقام جزف میں۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ مدینہ منورہ میں۔

س۔ حضور کے وصال کے وقت اُسامہ کی عمر کتنی تھی؟

ج۔ تقریباً ۱۸ یا ۱۹ سال۔

س۔ آپ نے کتنے عقد کئے؟

ج۔ سات عقد۔

س۔ آپ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج۔ ۱۲۸ احادیث۔

س۔ آپ کی بیوی فاطمہ بنت قیس سے اولاد کیا تھی؟

ج۔ جبیر - زید - عائشہ۔

# ۹۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ آپ کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ بنو عبدالدار سے۔
س۔ بنو عبدالدار کے اس خوبرو، سجیلے اور خوش پوش شخص کا نام بتائیے جو مکہ بھر میں سب سے زیادہ حسین تھا؟
ج۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ
س۔ آپ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست پر کب بیعت کی؟
ج۔ جب آپؐ حضرت ارقم بن ابی الارقم کے مکان میں پناہ گزین تھے۔
س۔ آپؓ کا شجرہ نسب کیا ہے؟
ج۔ حضرت مصعب بن عمیر بن ہاشم بن عبد مناف بن عبدالدار بن قصی۔
س۔ آپ کا نسب کتنی پشت میں حضورِ ﷺ سے جا ملتا ہے؟
ج۔ پانچویں پشت میں۔
س۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کی اطلاع آپ کی والدہ کو کس نے دی تھی؟
ج۔ کلید بردار کعبہ عثمان بن طلحہ نے (جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے)
س۔ آپ کی والدہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ خناس بنت مالک۔
س۔ آپؐ کس صحابی کو یثرب (مدینہ) منتخب کر کے داعی اسلام کی طرف سے بھیجا؟
ج۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ
س۔ آپ نے ہجرت مدینہ کب فرمائی تھی؟
ج۔ صرف بارہ روز قبل ہجرت مدینہ۔
س۔ آپ نے مدینہ میں کس کے ہاں قیام فرمایا؟
ج۔ سید الاوس حضرت سعد بن معاذؓ
س۔ آپ کو مواخاۃ میں کس کا بھائی بنایا؟

ج۔ حضرت ایوب انصاریؓ رئیس بنونجار کا۔

س۔ آپ نے احد میں جھنڈا کا شرف کس کو عطا فرمایا؟

ج۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ کو۔

س۔ بدر کے میدان میں مہاجرین کا جھنڈا کس کو عطا فرمایا؟

ج۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ کو۔

س۔ آپ کس غزوہ میں شہید ہوئے؟

ج۔ غزوہ احد میں۔

س۔ آپ کو کس مشہور شہسوار نے شہید کیا؟

ج۔ ابن قمیئہ نے۔

س۔ آپ نے شادی کس صحابیہ سے کی؟

ج۔ حضرت حمنہ بنت جحش (آپؐ کی پھوپھی زاد بہن)

س۔ ان سے اولاد کیا تھی؟

ج۔ صرف ایک بچی زینب۔

س۔ حضرت ابو ہریرہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ۔

س۔ حضرت ابو ہریرہ کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ۵۷یا۵۹ھ

س۔ جنگ بدر میں کس صحابی نے عتبہ کو قتل کیا تھا؟

ج۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ۔

س۔ کس صحابی کو ملائکہ نے غسل دیا تھا؟

ج۔ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ۔

س۔ کس صحابی نے غزوہ احزاب میں خندق کھودنے کا مشورہ دیا تھا؟

ج۔ حضرت سلیمان فارسی نے۔

س۔ حضرت حنظلہ کس غزوہ میں شہید ہوئے؟

ج۔ غزوہ احد۔

# ۱۰- حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ بریر یا جندب۔

س۔ آپ کا کس قبیلے سے تعلق تھا؟

ج۔ بنو غفار کے قبیلے سے۔

س۔ آپ کا قبیلہ کس نسل سے تھا؟

ج۔ کنانہ بن خزیمہ۔

س۔ آپ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ املہ بنت ربیعہ۔

س۔ قبول اسلام کے وقت آپ کا پیشہ کیا تھا؟

ج۔ ڈاکہ زنی اور قذاقی وغیرہ۔

س۔ قبول اسلام کے وقت حضور ﷺ نے آپ کو ایک حکم دیا تھا؟

ج۔ ابوذر ''اب تم اپنے قبیلہ میں واپس جاؤ اور اسے دعوت توحید دو''

س۔ آپ کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا پیشگوئی فرمائی؟

ج۔ ابوذر اکیلے ہی چلتے ہیں، اکیلے ہی ہوں گے اور قیامت کے دن اکیلے ہی اٹھیں گے۔

س۔ آپ کے زہد و تقویٰ کو دیکھ کر کونسا لقب عطا فرمایا؟

ج۔ مسیح الاسلام۔

س۔ آپ وصال نبیؐ کے بعد مدینہ سے کہاں چلے گئے؟

ج۔ ارض شام۔

س۔ حضرت عثمان غنیؓ نے آپ کو کس چھوٹے سے گاؤں میں جا بسنے کا مشورہ دیا؟

ج۔ ربذہ۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۳۱ یا ۳۲ ہجری ایام حج کے موقع پر۔

س۔ آپ نے کہاں وصال فرمایا؟

ج۔ ربذہ میں۔

س۔ آپ نے وفات کے وقت کیا پڑھا؟

ج۔ بسم اللہ و باللہ وعلی ملۃ رسول اللہؐ۔

س۔ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھی؟

ج۔ فقیہ امت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

س۔ آپ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج۔ ۲۹۱ احادیث۔

س۔ حضور ﷺ آپؓ کے بارے میں کیا فرمایا کرتے تھے؟

ج۔ ''ابوذر میں عیسیٰ ابن مریم جیسا زہد ہے''

## ۱۱- حضرت زید بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س- آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج- خطاب بن عفانؒ۔
س- آپ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج- سیدہ اسما بنت وہب۔
س- آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج- ابوعبدالرحمن۔
س- آپ کی والدہ کا قریش کے کس خاندان سے تعلق تھا؟
ج- بنواسد سے۔
س- مواخاۃ کے موقع پر آپ کو کس کا بھائی بنایا گیا تھا؟
ج- حضرت معن بن عدی عجلانی انصاریؓ کا۔
س- آپ کا حضرت عمر فاروق کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟
ج- سوتیلے بھائی تھے۔
س- آپ کو بیعت رضوان کی سعادت کب حاصل ہوئی؟
ج- ۶ ہجری کو۔
س- آپ کو بیعت رضوان کی سعادت کب حاصل ہوئی؟
ج- حدیبیہ کے مقام پر۔
س- آپ نے حجتہ الوداع کی سعادت کب حاصل کی؟
ج- ۱۰ ہجری کو۔
س- حضرت ابوبکر صدیقؓ نے جھوٹے مدعی مسلیمہ کذاب کی سرکوبی کے لئے مہاجرین کے لشکر کا امیر کس کو مقرر کیا تھا؟
ج- حضرت زید بن خطابؓ کو۔

س۔ جب عمر فاروق کو آپ کی شہادت کی خبر ملی تو آپؓ نے کیا فرمایا؟
ج۔ ''زید'' دونیکیوں میں مجھ سے بڑھ گیا:۔
i۔ قبول اسلام ii۔ جام شہادت میں۔
س۔ آپ نے شہادت کے وقت کتنی بیویاں چھوڑیں؟
ج۔ دو بیویاں۔
س۔ آپ کے دونوں بیویوں سے کتنے بچے تھے؟
ج۔ دو بچے صرف۔
س۔ آپ کی بیویوں کے نام کیا تھے؟
ج۔ سیدہ لبابہ + سیدہ جمیلہ۔
س۔ آپ کی بیوی سیدہ لبابہ کے بطن سے پیدا ہونے والے بچے کا کیا نام تھا؟
ج۔ عبدالرحمن۔
س۔ سیدہ جمیلہ کے بطن سے پیدا ہونے والے بچی کا نام کیا تھا؟
ج۔ سیدہ اسماء۔
س۔ آپ نے جھوٹے نبی مسلیمہ کذاب کے خلاف جنگ لڑی تو آپ نے کس شریر النفس آزمودہ کار جنگجو کو قتل کیا تھا؟
ج۔ نہار الرجال بن عفوہ کو۔
س۔ ابو ہریرہ کا کیا معنی ہیں؟
ج۔ بلی کا باپ۔
س۔ یہ خطاب ابو ہریرہ کو کس نے دیا؟
ج۔ حضور اکرم ﷺ نے۔
س۔ مکران کس خلیفہ کے دور میں فتح ہوا؟ (مکران صوبہ بلوچستان میں واقع ہے)
ج۔ حضرت عمرؓ۔
س۔ کس صحابی نے مکران فتح کیا؟
ج۔ حضرت عبداللہ بن عامرؓ نے۔

# ۱۲- حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ آپ کا کس خاندان سے تعلق تھا؟
ج۔ بنوامیہ سے۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ ابوسفیان صخر بن حرب بن امیہ بن عبدالشمس۔
س۔ آپ کب خلیفہ بنے؟
ج۔ ماہ ربیع الاول یا جمادی الاول ۴۱ھ کو۔
س۔ آپ کے اس بیٹے کا نام بتایئے جس کو آپ نے نائب بنایا؟
ج۔ یزید بن معاویہ۔
س۔ آپ نے کب وصال فرمایا؟
ج۔ ماہ رجب ۶۰ھ
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ دمشق میں۔
س۔ سب سے پہلے بیٹھ کر خطبہ دینے کی ابتداء کس نے کی؟
ج۔ حضرت امیر معاویہؓ نے۔
س۔ عید کی نماز سے قبل خطبہ دینے کی ابتداء کس نے کی؟
ج۔ حضرت امیر معاویہؓ نے۔
س۔ عید میں اذان دینے کی ابتدا کس نے کی؟
ج۔ حضرت امیر معاویہؓ نے۔
س۔ سب سے پہلے خواجہ سرار کھنے کی ابتدا کس نے کی؟
ج۔ حضرت امیر معاویہؓ نے۔
س۔ حضرت عائشہؓ کا وصال کس صحابی کے عہد خلافت میں ہوا؟

ج۔ ۵۷ھ یا ۵۹ھ میں حضرت امیر معاویہؓ کے عہد خلافت پر۔

س۔ حضرت ابوایوب انصاری کا وصال کن صحابی کے عہد خلافت میں ہوا؟

ج۔ حضرت امیر معاویہؓ کے۔

س۔ حضرت اسامہ بن زیدؓ کا وصال کس صحابی کے عہد خلافت میں ہوا؟

ج۔ حضرت امیر معاویہؓ کے۔

س۔ آپ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج۔ ۱۶۳ احادیث۔

س۔ حضرت امیر معاویہؓ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کتنے برس چھوٹے تھے؟

ج۔ چھ سال۔

س۔ حضرت امیر معاویہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج۔ ضحاک بن قیس نے۔

س۔ آپ کے بیٹے یزید کی کتنی عمر میں موت آئی؟

ج۔ ۳۸ سال۔

س۔ یزید نے کتنے عرصہ حکومت کی؟

ج۔ تین سال آٹھ ماہ تک۔

س۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوسفیان کی عمروں میں کتنا فرق تھا؟

ج۔ ابوسفیان رضی اللہ عنہ دس سال حضور ﷺ سے بڑے تھے۔

س۔ کربلا کے میدان میں سب سے پہلے شہید کا نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت مسلمہ بن عوسجہؓ۔

س۔ جنگ صفین کن دو صحابہ کرام کے درمیان ہوئی؟

ج۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت امیر معاویہؓ کے درمیان۔

باب۹

# ﴿تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم﴾

## ۱۔ اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ تابعی کسے کہتے ہیں؟
ج۔ جس شخص نے ایمان کی آنکھوں کے ساتھ صحابی رسول کی زیارت کی ہو۔
س۔ حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کون تھے؟
ج۔ تابعی تھے۔
س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت سہیل یمنیؒ۔
س۔ آپ کا کس قبیلے سے تعلق تھا؟
ج۔ نجد کے قبیلے قرن سے۔
س۔ آپ کا پیشہ کیا تھا؟
ج۔ شتربانی۔
س۔ آپ کہاں اونٹ چرایا کرتے تھے؟
ج۔ وادی عرفہ۔
س۔ آپ کس جنگ میں شامل ہوئے؟
ج۔ جنگ صفین میں۔
س۔ آپ کس جنگ میں شہید ہوئے؟
ج۔ جنگ صفین میں۔
س۔ جنگ صفین میں آپ کس کی سرکردگی میں لڑے؟
ج۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

س۔ کس کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا؟
"میری امت کے لئے ان کی شفاعت قبیلہ ربیعہ اور قبیلہ مضر کی بکریوں کے بالوں کے برابر ہوگی۔"

ج۔ حضرت اویس قرنیؓ کے بارے میں۔

س۔ حضرت ہرم بن حیان کون تھے؟

ج۔ تابعی تھے۔

س۔ آپ کا مزار کہاں واقع ہیں؟

ج۔ i۔ بندرگاہ زبید میں۔
ii۔ غزنی میں۔
iii۔ بغداد شریف میں۔
iv۔ نواح سندھ حدود ٹھٹھہ شریف میں۔

س۔ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیوں نہ کر پائے؟

ج۔ بوڑھی اور نابینا ماں کی خدمت کی وجہ سے۔

# ۲۔ حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی کنیت بتایئے؟

ج۔ ابومحمد۔ ابوسعید۔

س۔ حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ کون تھے؟

ج۔ تابعی تھے۔

س۔ آپؒ کس فن کے مہر تھے؟

ج۔ فقہ کے۔

س۔ حضرت حسن بصریؒ کہاں کے رہنے والے تھے؟

ج۔ بصرہ - عراق۔

س۔ حضرت خواجہ حسن بصری کا پیشہ کیا تھا؟

ج۔ جوہری تھے۔

س۔ آپ کی ولادت کب ہوئی؟

ج۔ ۶۱ھ میں۔

س۔ آپ کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ۵ رجب ۱۱۰ھ کو۔

س۔ حضرت حسن بصری کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ بصرہ میں۔

س۔ حضرت امام زین العابدین کا لقب کیا تھا؟

ج۔ سجاد زین العابدین۔

س۔ آپ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت امام حسین علیہ السلام۔

س۔ آپ کی ولادت کہاں ہوئی؟

ج۔ مدینہ منورہ میں۔

س۔ آپ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ بی بی شہر بانو۔

# ۳۔ حضرت امام باقرؒ

س۔ حضرت امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون تھے؟

ج۔ تابعی تھے۔

س۔ ان کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ ابو جعفرؒ۔

س۔ حضرت امام باقرؒ کا لقب کیا تھا؟

ج۔ باقر۔

س۔ حضرت امام باقرؒ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ محمد۔

س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟

ج۔ حضرت امام زین العابدینؒ۔

س۔ ان کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ بی بی فاطمہ بنت امام حسنؓ بن حضرت علیؓ۔

س۔ آپ کی ولادت کب ہوئی؟

ج۔ ماہ صفر میں امام حسین علیہ السلام کی شہادت سے تین سال قبل۔

س۔ آپ کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ۱۱۷ھ میں۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ جنت البقیع میں۔

❁❁❁

# ۴۔ حضرت امام ابوحنیفہؒ

س۔ حضرت امام ابوحنیفہ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ نعمان بن ثابت۔
س۔ آپ کی ولادت کب ہوئی؟
ج۔ ۸۰ھ
س۔ حضرت امام ابوحنیفہ کون تھے؟
ج۔ تابعی تھے۔
س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابوحنیفہ۔
س۔ امام ابوحنیفہ کا لقب کیا تھا؟
ج۔ امام اعظم۔
س۔ آپ کے وصال کے وقت عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۷۰ سال۔
س۔ آپ کا مدفون کہاں ہے؟
ج۔ بغداد شریف۔
س۔ اس تابعی کا نام بتائیں جو ملک کا بادشاہ بھی تھا؟
ج۔ حبشہ کے بادشاہ نجاشی۔
س۔ کس تابعی کا نماز جنازہ غائبانہ حضور ﷺ نے پڑھایا؟
ج۔ نجاشی کا۔

# ۵- حضرت امام جعفر صادقؒ

س- حضرت امام جعفر صادق کون تھے؟
ج- تابعی تھے۔
س- آپ کی ولادت کب ہوئی؟
ج- ۱۷ ربیع الاول ۸۰ھ میں۔
س- آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج- ابو اسمٰعیل - ابو عبداللہ۔
س- حضرت امام جعفر صادقؒ کا لقب کیا تھا؟
ج- صادق۔
س- آپ کا اسم مبارک کیا تھا؟
ج- جعفرؒ۔
س- ان کے والد محترم کا نام کیا تھا؟
ج- حضرت محمد بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ اجمعین۔
س- حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ کی والدہ محترمہ کا نام بتائیں؟
ج- بی بی فروہ بنت القاسم بن محمد بن ابوبکر صدیقؓ۔
س- حضرت امام جعفر رضی اللہ عنہ کا وصال کب ہوا؟
ج- ۱۵ رجب المرجب ۱۴۸ھ
س- حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کہاں مدفون ہیں؟
ج- جنت البقیع (مدینہ منورہ)

✿✿✿

باب ۱۰

# ﴿تبع تابعین رحمتہ اللہ علیہم اجمعین﴾

## ۱۔ حضرت ابراہیم بن ادھمؒ

س۔ تبع تابعین سے کیا مراد ہے؟
ج۔ جس نے ایمان کی آنکھوں سے کسی تابعی کی زیارت نصیب ہو۔
س۔ حضرت ابراہیم ادھم رحمتہ اللہ کون تھے؟
ج۔ تبع تابعین میں سے تھے؟
س۔ حضرت ابراہیم ادھم رحمتہ اللہ علیہ کس شہر کے حاکم تھے؟
ج۔ بلخ۔
س۔ ان کا وصال کہاں ہوا؟
ج۔ ترکی میں۔
س۔ ان کا مزار کہاں ہے؟
ج۔ ترکی میں۔
س۔ حضرت ذوالنون مصری کون تھے؟
ج۔ تبع تابعین تھے۔
س۔ ان کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ ثوبان۔
س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟
ج۔ ابراہیم مصری۔

✿✿✿

# ۲- حضرت فضیل بن عیاض

س- حضرت فضیل بن عیاض کون تھے؟

ج- تبع تابعین میں سے تھے۔

س- آپ کا توبہ کرنے سے پہلے پیشہ کیا تھا؟

ج- راہزنی۔

س- حضرت عبداللہ بن مبارک کون تھے؟

ج- تبع تابعین میں سے تھے۔

س- حضرت حبیب عجمی رحمتہ اللہ علیہ کون تھے؟

ج- تبع تابعین میں سے تھے۔

س- حضرت بشر حافی رحمتہ اللہ کون تھے؟

ج- تبع تابعین تھے۔

س- حضرت بشر حافیؒ کے والد محترم کا نام بتائیں؟

ج- حضرت حارث رضی اللہ عنہ۔

س- حافی کا مطلب کیا ہے؟

ج- ننگے پاؤں۔

س- آپ کو حافی کیوں کہا جاتا ہے؟

ج- چونکہ آپ نے جوتے پہننا ترک کر دیا تھا اور ننگے پاؤں پھرتے تھے۔

# ۳۔ حضرت داؤد طائیؒ

س۔ حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ کون تھے؟
ج۔ تبع تابعین میں سے تھے۔
س۔ حضرت داؤد طائیؒ کے والد محترم کا نام بتائیں؟
ج۔ نصر طائی۔
س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابوسلیمان۔
س۔ حضرت داؤد طائیؒ کے استاد محترم کا نام بتائیں؟
ج۔ حضرت امام اعظمؒ۔
س۔ حضرت سری سقطیؒ کون تھے؟
ج۔ تبع تابعین میں سے تھے۔
س۔ جناب سری سقطیؒ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ مقلس السقطی۔
س۔ آپ کا پیشہ کیا تھا؟
ج۔ بغداد میں کباڑی کا کام کرتے تھے۔
س۔ وہ کس کے مرید تھے؟
ج۔ حضرت معروف کرخی کے۔

✿✿✿

# ۴۔ حضرت امام موسیٰ کاظمؒ

س۔ حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ کون تھے؟
ج۔ آپ ساتویں امام ہیں اور تبع تابعین میں سے تھے۔
س۔ امام موسیٰ کاظم کی ولادت کب ہوئی؟
ج۔ ۷ صفر المظفر ۱۲۷ھ
س۔ امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟
ج۔ کاظم۔
س۔ آپ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت امام جعفر صادقؓ۔
س۔ آپ کی پیدائش کس مقام پر ہوئی؟
ج۔ مقام ابواء
س۔ آپ کا وصال کہاں ہوا؟
ج۔ ہارون ارشید کے قید خانہ میں۔
س۔ آپ کا مزار کہاں ہے؟
ج۔ بغداد شریف میں۔

باب ۱۱

# عارفین اسلام

## خواجہ معین الدین چشتیؒ

س۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ سیستان کے ایک قصبہ سنجر میں۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۵۳۳ھ
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ سید غیاث الدینؒ
س۔ والدہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ ام الورع عرف ماہ نور۔
س۔ آپ کی والدہ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ سید داؤد۔
س۔ آپ کی والدہ کب فوت ہوئیں؟
ج۔ ۵۵۰ھ کو۔
س۔ آپ کے والد کا وصال کہاں ہوا؟
ج۔ بغداد میں۔
س۔ آپ کا مزار کہاں ہے؟
ج۔ بغداد میں دروازہ شام کے پاس ہے۔
س۔ آپ کے کتنے بھائی تھے؟
ج۔ دو بھائی تھے۔

س۔ بہنیں کتنی تھیں؟
ج۔ صرف ایک بہن تھی۔
س۔ آپ کا پیشہ کیا تھا؟
ج۔ کھیتی باڑی کرتے تھے۔
س۔ آپ کس کے مرید تھے؟
ج۔ خواجہ عثمان ہارونیؒ کے۔
س۔ آپ نے کب خواجہ عثمان ہارونی کی بیعت کی؟
ج۔ ۵۵۸ھ
س۔ اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۲۵ یا ۲۶ سال
س۔ آپ اپنے پیر کی خدمت میں کتنے عرصے رہے؟
ج۔ ۲ ½ یا ۳ سال۔
س۔ آپ سفر کے لئے کب روانہ ہوئے؟
ج۔ ۵۶۱ھ کو۔
س۔ آپ ہندوستان میں کب آئے؟
ج۔ ۵۸۶ھ۔
س۔ اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۵۳ سال۔
س۔ آپ اجمیر کب پہنچے؟
ج۔ ۵۸۷ھ میں۔
س۔ اس وقت اجمیر پر کس کی حکومت تھی؟
ج۔ پرتھوی راج کی حکومت۔
س۔ لاہور و ملتان پر کس کی حکومت تھی؟
ج۔ شہاب الدین غوری۔
س۔ شمس الدین التمش کب ہندوستان کے تخت پر بیٹھا؟

ج۔ ۸۔۶۰۷ھ کو۔

س۔ بادشاہ نے کس کی بیعت حاصل کی؟

ج۔ حضرت بختیار کاکیؒ۔

س۔ آپ آخری عمر تک کہاں قیام پذیر رہے؟

ج۔ اجمیر شریف میں۔

س۔ آپ کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ۶ رجب ۶۳۳ھ

س۔ آپ نے کل کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۹۹ سال۔

س۔ آپ کا مزار کس نے پختہ کروایا؟

ج۔ مالوے کے بادشاہ نے۔

س۔ بادشاہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ محمود خلجی۔

س۔ مزار پر مسجد کس نے تعمیر کرائی؟

ج۔ اکبر بادشاہ نے مسجد تعمیر کرائی۔

س۔ آپ نے کتنے نکاح کیے؟

ج۔ دو نکاح۔

س۔ آپ کی پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟

ج۔ بی بی امت۔

س۔ ان کے بطن سے کیا اولاد ہوئی؟

ج۔ دو صاحبزادے تولد ہوئے۔

س۔ صاحبزادوں کے نام بتایئے؟

ج۔ i۔ صاحبزادہ خواجہ فخر الدین۔

ii۔ صاحبزادہ حسام الدین۔

iii۔ ایک صاحبزادی بی بی جمال۔

س۔ بڑے صاحبزادے کا نام کیا تھا؟
ج۔ خواجہ فخر الدینؒ
س۔ وہ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۵۹۱ھ
س۔ ان کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ ۶۶۱ھ
س۔ انہوں نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۷۰ سال۔
س۔ دفن کہاں کیا گیا تھا؟
ج۔ قصبہ سراد میں۔
س۔ چھوٹے صاحبزادے کا کیا نام تھا؟
ج۔ خواجہ حسام الدین۔
س۔ انہوں نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۴۵ سال۔
س۔ کہاں دفن ہوئے؟
ج۔ اجمیر شریف میں۔
س۔ ان کے داماد کا نام کیا تھا؟
ج۔ صوفی حمید الدین ناگوریؒ
س۔ معین الدین چشتی کا دوسرا نکاح کس خاتون سے ہوا؟
ج۔ بی بی عصمت سے۔
س۔ ان کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ سید وجیہ الدین۔
س۔ ان سے کیا اولاد ہوئی؟
ج۔ خواجہ ضیاالدین ابوسعید۔
س۔ انہوں نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۵۰ سال۔
س۔ ان کا انتقال کہاں ہوا؟
ج۔ اجمیر شریف میں۔
س۔ آپ کس سلسلے کے بزرگ تھے؟
ج۔ چشتیہ سلسلہ کے بزرگ تھے۔
س۔ ۵۸۹ھ کو کونسا واقعہ رونما ہوا؟
ج۔ شہاب الدین محمد غوری اجمیر میں تشریف لائے۔
س۔ شہاب الدین محمد غوری نے کن کے ہاتھ پر بیعت کی؟
ج۔ خواجہ معین الدین چشتی کے ہاتھ پر۔
س۔ شیخ نظام الدین اولیاء کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ محمد بن احمد بن دانیالؒ
س۔ شیخ نظام الدین کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج۔ شیخ رکن الدین ملتانی نے۔
س۔ حضرت گھوڑے شاہؒ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت سید بہاؤ الدینؒ۔
س۔ گھوڑے شاہ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ سید شاہ محمد۔

❁❁❁

# حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمتہ اللہ علیہ

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا
ناقصاں را پیر کامل کاملاں را رہنما

س۔ مندرجہ بالا شعر کس نے کہا تھا؟
ج۔ خواجہ معین الدین چشتی نے۔
س۔ یہ شعر کہاں کہا گیا تھا؟
ج۔ مزار پر (مرنے کے بعد)
س۔ حضرت داتا صاحب کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ علی بن عثمانؒ۔
س۔ والد محترم کا کیا نام تھا؟
ج۔ سید عثمان جلابی غزنویؒ۔
س۔ آپ اصل کہاں کے رہنے والے تھے؟
ج۔ غزنی کے نزدیک جلاب وہجویر کے رہنے والے۔
س۔ یہ کہاں واقع ہیں؟
ج۔ افغانستان کے علاقہ غزنی میں۔
س۔ آپ کی کب ولادت ہوئی؟
ج۔ ۴۰۰ھ
س۔ آپ کی اہم تصنیف کونسی ہے؟
ج۔ کشف المحجوب۔
س۔ یہ کتاب کس زبان میں لکھی گئی تھی؟

ج۔ فارسی میں۔

س۔ آپ کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ۵۶۱ھ

س۔ آپ کا عرس کس تاریخ کو منعقد ہوتا ہے؟

ج۔ ۱۹ - ۲۰ صفرالمظفر۔ (ہر سال)

س۔ آپ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج۔ لاہور (پنجاب) بھاٹی گیٹ۔

س۔ غوث اعظمؒ کی والدہ محترم کا نام بتائیں؟

ج۔ ام الخیر فاطمہ بنت شیخ عبداللہ صومعی۔

س۔ غوث اعظم کی ولادت کب ہوئی؟

ج۔ یکم رمضان المبارک ۴۷۰ھ

❁❁❁

# حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ

س۔ آپ کا اسم مبارک کیا تھا؟
ج۔ طیفور عیسیٰؒ۔
س۔ آپ کا لقب کیا تھا؟
ج۔ سلطان العارفینؒ۔
س۔ آپ کے جد امجد کہاں کے رہنے والے تھے؟
ج۔ بسطام کے۔
س۔ بسطام کہاں واقع ہے؟
ج۔ خراسان کا ایک گاؤں ہے جو کہ کوہِ البرز کی ڈھلان پر واقع ہے۔
س۔ آپ نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۵ شعبان ۲۶۱ھ بمطابق ۸۷۴ء "مولانا جامی نے ۲۳۴ھ لکھی ہے۔ (واللہ اعلم)
س۔ آپ کے مزار کہاں ہے؟
ج۔ بسطام میں۔
س۔ آپ نے کتنے مشائخ سے کسب فیض حاصل کیا؟
ج۔ ۱۱۳ مشائخ سے۔
س۔ ان مشائخ میں سے اہم کے نام بتاؤ؟
ج۔ حضرت امام جعفر صادقؒ، یحییٰ معاذ رازی، شفیق بلخی وغیرہ۔

✿✿✿

# حضرت خواجہ باقی باللہ رحمتہ اللہ علیہ

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ کابل (افغانستان)

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ رضی الدینؒ

س۔ آپ کے والد محترم کا کیا اسم مبارک تھا؟

ج۔ قاضی عبدالسلام۔

س۔ آپ کے خلفائے کرام میں کون شامل ہیں؟

ج۔ شیخ مجدد الف ثانی، شیخ تاج الدین سنبھلی، شیخ اللہ داد، خواجہ محمد نور، مرزا حسام الدین وغیرہ مشہور ہیں۔

س۔ آپ کا کب وصال ہوا؟

ج۔ ۳۰ نومبر ۱۶۰۳ء

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۴۰ سال۔

س۔ آپ کے بیٹوں کے نام کیا تھے؟

ج۔ خواجہ عبیداللہ المعروف بہ خواجہ کلاں۔ خواجہ عبداللہ المعروف بہ خورد خواجہ۔

❁❁❁

# حضرت امیر خسرو

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ ضلع پٹیالہ (اُتر پردیش)
س۔ آپ کے باپ کا کیا نام تھا؟
ج۔ امیر سیف الدین محمود۔
س۔ آپ کس کے عہد میں مختلف عہدوں پر فائز رہے؟
ج۔ غیاث الدین بلبن' معز الدین کیقباد وغیرہ کے دربار۔
س۔ آپ کب فوت ہوئے؟
ج۔ ۷۲۵ھ۔
س۔ حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟
ج۔ وجیہہ الدین۔
س۔ شیخ رکن الدین ملتانیؒ کے والد محترم کا نام بتائیں؟
ج۔ شیخ صدر الدین محمد بن شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ۔
س۔ پیر مہر علی شاہ گولڑہ شریف کے والد محترم کا نام بتائیں؟
ج۔ سید نذر دین شاہ۔
س۔ آپ کا وصال کب ہوا؟
ج۔ مئی ۱۹۳۷ء کو۔
س۔ پیر مہر علی شاہ کو حضور ﷺ کی زیارت کہاں ہوئی؟
ج۔ مدینہ شریف میں۔

❁❁❁

# حضرت خواجہ گیسو دراز رحمتہ اللہ علیہ

س۔ آپ کی ولادت باسعادت کب ہوئی؟

ج۔ ۷ رجب المرجب ۷۲۱ھ کو۔

س۔ آپ کی ولادت کہاں ہوئی؟

ج۔ دہلی میں۔

س۔ آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج۔ سید یوسف الحسنی عرف سید راجا۔

س۔ آپ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ بی بی راتی تھا۔

س۔ آپ کا سلسلہ نسب حضور ﷺ سے کتنی پشتوں سے جاملتا تھا؟

ج۔ ۲۲ پشتوں سے۔

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ سید محمد۔

س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ ابوالفتح۔

س۔ آپ کا لقب کیا تھا؟

ج۔ صدرالدین ولی الاکبر الصادق۔

س۔ آپ دکن میں کس لقب سے مشہور ہوئے؟

ج۔ خواجہ گیسو دراز کے لقب سے۔

س۔ آٹھویں صدی ہجری میں ہندوستان کا حاکم کون تھا؟

ج۔ سلطان محمد تغلق۔

س۔ سلطان تغلق نے کون سا نیا شہر آباد کیا؟

ج۔ دولت آباد۔

س۔ دولت آباد میں کہاں کی آبادی منتقل کی گئی؟

ج۔ دہلی کی آبادی۔

س۔ آپ کے والد کہاں آ گئے؟

ج۔ دہلی سے دولت آباد میں۔

س۔ آپ کے والد کی قیام گاہ کا کیا نام ہے؟

ج۔ روضہ خلد آباد۔

س۔ آپ کی تصانیف کی تعداد کتنی ہے؟

ج۔ ۱۰۰۔

س۔ آپ کے ماموں کا کیا نام تھا؟

ج۔ سید ابراہیم۔

س۔ آپ کے بڑے بھائی کا نام کیا تھا؟

ج۔ چندن۔

س۔ چراغ دہلی کسے کہا جاتا ہے؟

ج۔ حضرت نصیر الدین چراغ دہلی تھے۔

س۔ چراغ دہلی نے کب وصال فرمایا؟

ج۔ ۱۸ رمضان المبارک ۷۵۷ھ

س۔ آپ گلبرگ کب تشریف لائے؟

ج۔ ۸۳۰ھ

س۔ یہاں کتنا قیام فرمایا؟

ج۔ ۲۲ سال۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۶ ذیقعد ۸۲۵ھ

س۔ کل کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۱۰۴ سال بارہ دن۔

س۔ دادا کا نام کیا تھا؟

ج۔ سید علی۔

س۔ آپ کے والد کا انتقال کب ہوا؟

ج۔ ۷۳۱ء

س۔ آپ نے کب بیعت کی؟

ج۔ ۱۴ رجب ۷۳۶ھ کو۔

س۔ آپ نے کس کے ہاتھ پر بیعت کی؟

ج۔ چراغ دہلی۔

س۔ آپ دہلی سے گلبرگ کب منتقل ہوئے؟

ج۔ ۸۰۱ھ میں گلبرگ (دکن)۔

س۔ آپ کا وصال کب ہوا؟

ج۔ ۴ ذیقعد ۸۲۵ھ

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۱۰۴ سال۔

س۔ گلبرگ شریف میں کتنے عرصہ زندہ رہے؟

ج۔ ۲۲ سال۔

# حضرت شاہ بلاولؒ

س۔ آپ کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ قادری خاندان سے۔
س۔ آپ کے والد کا اسم گرامی کیا تھا؟
ج۔ سید عثمانؒ۔
س۔ دادا کا اسم گرامی کیا تھا؟
ج۔ سید عیسیٰؒ۔
س۔ وہ کس بادشاہ کے ہمراہ ہندوستان آئے؟
ج۔ ہمایوں بادشاہ کے ساتھ۔
س۔ ان کا اصل وطن کون سا علاقہ تھا؟
ج۔ بھارت (ہندوستان)
س۔ ہندوستان میں کہاں آباد ہوئے؟
ج۔ شیخوپورہ میں۔ (متحدہ ہندوستان)
س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ شیخوپورہ میں۔
س۔ لاہور کب آئے؟
ج۔ اکبر بادشاہ کے دور میں۔
س۔ آپ لاہور کتنی عمر میں آئے؟
ج۔ سات سال کی عمر میں۔
س۔ آپ نے قرآن کتنی عمر میں حفظ کر لیا؟
ج۔ چھ ماہ میں۔
س۔ آپ کا کب وصال ہوا؟

ج۔ ۲۸ شعبان ۱۰۴۹ھ

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۷۰ سال۔

س۔ آپ کا روضہ مبارک کہاں ہے؟

ج۔ باغبانپورہ لاہور میں راج دنیا ناتھ کے باغ کے متصل ہے۔

س۔ پیر وارث شاہ اور بابا بلھے شاہ کے مرشد کا نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت شاہ عنایت قادری۔

س۔ حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج۔ مولانا سیف الدین۔

س۔ حضرت شاہ عنایت قادریؒ کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

ج۔ ارائیں۔

# حضرت سلطان باہوؒ

س۔ آپ کے دادا کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت بازید محمد۔
س۔ دادی کا نام بتائیں؟
ج۔ بی بی راستی۔
س۔ آپ کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ اعوان خاندان سے۔
س۔ آپ کے والد کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ شورکوٹ کے موضع اعوان میں۔
س۔ آپ کے والد کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۶۳۰ء
س۔ سلطان باہو کب پیدا ہوا؟
ج۔ ۱۰۳۹ھ
س۔ آپ نے کس خاتون سے نکاح کیا؟
ج۔ ملتان کے ہندو ساہوکار کی بیٹی سے جو کہ مسلمان ہوگئی تھی۔
س۔ آپ نے کتنے عقد کیے؟
ج۔ چار۔
س۔ چاروں عقدوں کی تفصیل لکھیں؟
ج۔ i۔ حضرت مخدوم برہان۔
ii۔ دوسری اپنے ہی اعوان گھرانے کی خاتون سے۔
iii۔ قریبی رشتہ داروں کی لڑکی سے۔
iv۔ ملتان کے ہندو ساہوکار کی بیٹی سے۔
س۔ آپ کے کتنے بیٹے تھے؟
ج۔ آٹھ۔

س۔ بیٹوں کے نام بتاؤ؟

ج۔ ۱۔نور محمد ۲۔ولی محمد ۳۔لطیف محمد ۴۔صالح محمد ۵۔اسحاق محمد ۶۔فتح محمد ۷۔شریف محمد ۸۔حیات محمد۔

س۔ آپ نے کتنی کتب لکھیں؟

ج۔ تقریباً ۴۰ کتب تصنیف کیں۔

س۔ آپ نے کن زبانوں میں کتب لکھیں؟

ج۔ فارسی، اردو اور پنجابی میں۔

س۔ آپ نے کب انتقال کیا؟

ج۔ یکم جمادی الثانی ۱۱۰۲ھ جمعہ کی رات تیسرے پہر۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۶۳ برس۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ شورکوٹ کے موضع مرگاں کے قلعہ میں۔

س۔ وہاں کتنا عرصہ لاش رہی؟

ج۔ ۷۷ سال تک۔

س۔ آپ کا دوسرا مزار کہاں بنایا گیا؟

ج۔ پیپل والی حویلی کے احاطہ میں۔

س۔ حضرت شاہ قادریؒ کا وصال کس بادشاہ کے عہد میں ہوا؟

ج۔ محمد شاہ رنگیلا کے دور میں۔

س۔ حضرت شاہ محمد غوثؒ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟

ج۔ سید حسن پشاوری۔

س۔ مولانا جلال الدین رومیؒ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ محمد بن بہاؤ الدین محمد۔

س۔ مولانا جلال الدین کا مزار کہاں ہے؟

ج۔ قونیہ میں۔

# حضرت شیخ سلیم چشتیؒ

س۔ آپ کس کی اولاد میں سے تھے؟
ج۔ حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ کی اولاد سے۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ بہاؤالدین چشتی۔
س۔ والدہ کا نام کیا تھا؟
ج۔ بی بی احد۔
س۔ آپ کا اصل وطن کونسا علاقہ تھا؟
ج۔ اجودھن۔ (پاکپتن)
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۸۷۷ھ
س۔ آپ کے بڑے بھائی کا نام کیا تھا؟
ج۔ شیخ موسیٰ۔
س۔ آپ نے علوم ظاہری کس سے حاصل کیا؟
ج۔ شیخ مجدالدین سرہندی سے۔
س۔ پہلا حج کب نصیب ہوا؟
ج۔ ۹۳۱ھ کو۔
س۔ آپ کس کے مرید بنے؟
ج۔ شیخ ابراہیم چشتی۔
س۔ آپ نے دوسرا حج کب کیا؟
ج۔ ۹۶۰ھ کو۔

س۔ آپ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج۔ فتح پور سیکری میں شاہی محلات کے پاس۔

س۔ کس بزرگ کی دعا سے جہانگیر بادشاہ پیدا ہوا؟

ج۔ حضرت شیخ سلیم چشتی کی دعا سے۔

س۔ شیخ سلیم رحمتہ اللہ علیہ کا مقبرہ کس بادشاہ نے تعمیر کرایا تھا؟

ج۔ اکبر بادشاہ نے۔

س۔ اکبر بادشاہ کے "دین الٰہی" کی مخالفت کن بزرگوں نے کی؟

ج۔ i۔ حضرت خواجہ باقی باللہ

ii۔ حضرت مجدد الف ثانی

س۔ فاضل بریلوی "کسی ہستی" کا لقب ہے؟

ج۔ امام احمد رضا خاں بریلوی کا۔

س۔ آپ نے قرآن کا ترجمہ کیا نام بتائیں؟

ج۔ کنز الایمان۔

# حضرت خواجہ ناظم الدین تونسویؒ

س۔ آپ کی ولادت کب ہوئی؟

ج۔ ۱۹۰۸ء

س۔ آپ نے وفات کب پائی؟

ج۔ ۶ صفر ۱۳۸۵ کو۔

س۔ حضرت سید مٹھا رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ سید ابی غفار۔

س۔ سید مٹھاؒ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ سید جلال الدین۔

س۔ آپ کا نام سید مٹھا کیوں مشہور ہوا؟

ج۔ آپ بڑے شیریں زبان تھے۔

باب ۱۲

# متفرق اولیاء / عارفین

## حضرت سید محمد اسمٰعیل شاہ کرمانوالہ

س۔ سید محمد اسمٰعیل شاہؒ کرمانوالے کہاں کے رہنے والے تھے؟
ج۔ تحصیل فیروز پور کے۔
س۔ آپ کے والد کا نام کیا تھا؟
ج۔ سید علی شاہ۔
س۔ آپ نے کب وفات پائی؟
ج۔ جنوری ۱۹۶۵ء کو۔
س۔ حضرت خواجہ عبدالمجید پیر دیول شریف کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ موضع دیول میں۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۷/ رمضان المبارک ۱۹۳۳ء کو۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ مولوی عبداللہ۔
س۔ حضرت پیر محمد رمضان لاڈلے کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ دہلی کے نواحی شہر بہادر گڑھ میں۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۶۳۱ء

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ شیر علی۔

س۔ آپ نے کتنی عمر میں ذکر الٰہی شروع کیا؟

ج۔ بارہ سال کی عمر میں۔

# حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی

س۔ حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ دہلی میں۔
س۔ آپ کے والد کا نام کیا تھا؟
ج۔ احمد۔
س۔ آپ کی مشہور تصانیف کونسی ہیں؟
ج۔ حواشی قرآن القرآن - سواء السبیل - مرقع کلیمی - عشرہ کاملہ - کشکول - تسنیم - انعامات - رسالہ تشریح الافلاک
س۔ آپ کے مشہور خلفاء کون تھے؟
ج۔ i۔ حضرت مولانا نظام الدین اورنگ آبادی۔
ii۔ حضرت مولانا محمد ہاشمؒ۔
iii۔ حضرت مولانا شاہ جمال الدین جے پوری۔
iv۔ حضرت شاہ نانوجن۔
v۔ حضرت مولانا عبدالمجید۔
س۔ آپ نے کب وصال کیا؟
ج۔ ۲۴ ربیع الاول ۱۱۴۲ھ کو۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ آپ کے مکان مسکونہ کے اندر۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۸۱ سال۔

# خواجہ نور محمدؒ

س۔ حضرت خواجہ نور محمد مہاروی کی والدہ کا نام بتائیں؟

ج۔ عاقل بی بی۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۱۴۲ھ ماہ رمضان المبارک کی چودہ تاریخ کو۔

س۔ آپ کا اصل نام کیا رکھا گیا تھا؟

ج۔ بابل۔

س۔ بابل کے نام کو کس نے تبدیل کیا؟

ج۔ حضرت مولانا فخر الدین صاحب دہلی نے (مرشد)

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۳/ ذوالحجہ ۱۲۰۵ھ کو۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۶۳ سال۔

س۔ حضرت شاہ محمد سلیمان تونسوی کی ولادت کب ہوئی؟

ج۔ ۱۱۸۴ھ

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ بمقام گولڑہ شریف۔

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ زکریا بن عبدالوہاب بن عمر خاں۔

س۔ آپ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

ج۔ افغان قوم کے جعفریہ قبیلہ سے۔

س۔ آپ کا خاندان کس نام سے مشہور تھا؟

ج۔ روہیلہ۔

س۔ آپ نے کب بیعت کی؟

ج۔ پندرہ برس کی عمر میں۔

س۔ آپ کس سے بیعت ہوئے؟

ج۔ حضرت مہاروی سے۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۷ ماہ صفر ۱۲۶۷ھ

س۔ آپ کا مزار کس نے تعمیر کروایا؟

ج۔ نواب بہاولپور نے۔

س۔ کتنی رقم مزار پر خرچ ہوئی؟

ج۔ ستر ہزار روپے۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۲۱۴ھ کو۔

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ حضرت میاں یار محمد۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ سیال شریف ضلع سرگودھا (پنجاب)

س۔ شمس العارفین کیوں کہلائے؟

ج۔ ذاتی استعداد اور قابلیت کے باعث۔

س۔ آپ نے کب وصال کیا؟

ج۔ ۲۴ صفر ۱۳۰۰ھ کو۔

س۔ حضرت خواجہ ضیاالدین ثالث کی ولادت کب ہوئی؟

ج۔ ۱۳۰۴ھ کو۔

س۔ آپ کا نمایاں کارنامہ کیا تھا؟

ج۔ آپ نے انگریزوں کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ سر کے بال کٹوا دیئے اور اپنے جدامجد کی ٹوپی پہن لی۔

✿✿✿

# حضرت خواجہ غلام فریدؒ

س۔ حضرت خواجہ غلام فرید کی ولادت کہاں ہوئی؟
ج۔ دریائے سندھ کے اس پار قصبہ چاچڑاں میں۔
س۔ آپ کی والدہ کب فوت ہوئی؟
ج۔ جب آپ کی عمر چار سال تھی۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ جناب خواجہ خدا بخشؒ۔
س۔ آپ کے والد کا مزار کہاں ہے؟
ج۔ مٹھن کوٹ میں۔
س۔ خواجہ غلام فرید کا شجرہ نسب کس خلیفہ کے ساتھ جا ملتا ہے؟
ج۔ حضرت عمر فاروقؓ کے ساتھ۔
س۔ آپ کے بڑے بھائی کا کیا نام تھا؟
ج۔ خواجہ غلام فخر الدین۔
س۔ آپ نے کس کے ہاتھ پر بیعت کی؟
ج۔ بڑے بھائی کے ہاتھ پر۔
س۔ آپ نے کتنی عمر میں بیعت کی؟
ج۔ چودہ سال کی عمر میں۔
س۔ آپ کی اہم شاعری میں کیا مشہور ہے؟
ج۔ کافیاں۔
س۔ آپ نے حج کب کیا؟
ج۔ ۱۲۹۲ھ
س۔ آپ نے کب وصال فرمایا؟

ج۔ ۶/ربیع الثانی ۱۳۸۲ھ بمطابق ۲۴/ جولائی ۱۹۰۱ء بروز چہار شنبہ۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ منھن کوٹ۔

س۔ آپ کا عرس کب منایا جاتا ہے؟

ج۔ ۵ ' ۶ ' ۷ ربیع الثانی کو۔

# حضرت خواجہ پیر بخشؒ

س۔ حضرت خواجہ پیر بخش شاہ خواجہ آبادیؒ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ خواجہ آباد شریف میں۔

س۔ خواجہ پیر بخشؒ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۸۶۰ء میں۔

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ شریف الدین شاہؒ۔

س۔ آپ کا شہر خواجہ آباد کہاں واقع تھا؟

ج۔ دریائے سندھ کے بالکل کنارے پر۔

س۔ آپ کے کتنے لڑکے تھے؟

ج۔ دو لڑکے۔

س۔ لڑکوں کے نام بتائیے؟

ج۔ خواجہ غلام فرید شاہ + خواجہ غلام نصیر الدین شاہ۔

س۔ ان میں کوئی خلافت کا حقدار ہوا؟

ج۔ خواجہ غلام فرید شاہ صاحبؒ۔

س۔ آپ نے وصال کب فرمایا؟

ج۔ ۲۲/صفر المظفر ۱۹۱۵ء

# حضرت سید غلام حیدر علی شاہؒ

س۔ حضرت سید غلام حیدر علی شاہ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۲۵۴ھ کو۔
س۔ آپ کی ولادت کس مبارک دن ہوئی؟
ج۔ بروز جمعۃ المبارک۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت سخی شاہ صاحب۔
س۔ آپ کی والدہ آپ کی کتنی عمر میں فوت ہوئی؟
ج۔ سترہ برس کی عمر میں۔
س۔ آپ نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۶/ جمادی الثانی ۱۳۲۶ھ کو بوقت ظہر۔
س۔ حضرت خواجہ احمد دین گانگوئی کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۸۴۳ء کو۔
س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ گانگی شریف میں (میانوالی)۔
س۔ آپؒ نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۲۸ اکتوبر ۱۹۴۰ء کو بمطابق ۴ رجب ۱۳۸۸ بروز شنبہ ایک بجے دوپہر۔
س۔ آپ کا مزار کہاں پر واقع ہے؟
ج۔ مدرسہ شمس العلوم جامع مسجد گانگی (میانوالی)
س۔ آپ کے بعد سجادہ نشین کون تھا؟
ج۔ صاحب زادہ مولانا غلام فخر الدین۔
س۔ حضرت شیخ شریف الدین بوعلی قلندر کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ شیخ شریف الدینؒ۔
س۔ آپ کا لقب کیا تھا؟
ج۔ بوعلی قلندرؒ۔
س۔ آپ کا نسب کہاں تک جاتا ہے؟
ج۔ حضرت امام ابوحنیفہؒ تک۔
س۔ آپ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟
ج۔ حضرت شیخ فخر الدینؒ۔
س۔ والدہ محترمہ کا نام بتایئے؟
ج۔ بی بی حافظہ جمالؒ۔
س۔ آپ کے والد نے کتنے عقد فرمائے؟
ج۔ دو عقد کیے۔
س۔ آپ کے والد کا پہلا نکاح کس کی بیٹی سے ہوا؟
ج۔ حضرت شیخ بہاالحق زکریاؒ ملتانی صاحبزادی۔
س۔ دوسرا نکاح کس خاتون سے کیا؟
ج۔ سید مولانا نعمت اللہ ہمدانیؒ کی دختر نیک اختر نے کیا۔
س۔ آپ کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ ۱۷/رمضان المبارک ۷۲۳ھ بمطابق ۲۵ مارچ ۱۳۲۳ء۔
س۔ آپ کا انتقال کس مقام پر ہوا؟
ج۔ بوڑھ کھیڑے میں۔
س۔ آپ کو دفن کہاں کیا گیا؟ (پہلی مرتبہ)
ج۔ کرناں شریف میں۔
س۔ آپ کو دوبارہ کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ پانی پت میں دفن کیا گیا؟

باب ۱۴

# مصلحین الاسلام

## ا۔ حضرت مولانا رومؒ

س۔ آپ کا اصلی نام کیا تھا؟
ج۔ محمد۔
س۔ لقب کیا تھا؟
ج۔ جلال الدین۔
س۔ آپ کا عرف کیا تھا؟
ج۔ مولانائے روم۔
س۔ آپ کس کی اولاد سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
س۔ آپ کا شجرہ نسب کیا ہے؟
ج۔ محمد بن محمد بن محمد بن حسن بن احمد بن قاسم بن حبیب بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر صدیقؓ۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ حضرت شیخ بہاؤالدین۔
س۔ مولانا محمد کب پیدا ہوئے؟ یا مولانا روم کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۶۰۴ھ۔
س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ بلخ (وسط ایشیا۔)
س۔ آپ کے والد نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۶۲۸ھ میں۔
س۔ آپ نے شام کا کب سفر کیا؟

ج۔ ۶۲۹ھ میں۔

س۔ آپ کی تصانیف کون سی مشہور ہیں؟

ج۔ فیہ مافیہ۔ خطوط کا مجموعہ۔

دیوان۔ جس ۵۰۰۰۰ ہزار اشعار۔

مثنوی۔ جس کے اشعار کی تعداد ۲۶۶۶۸ ہے۔

جس کی وجہ سے آپ کا نام رہتی دنیا تک قائم رہے گا۔

س۔ آپ کے کتنے فرزند تھے۔

ج۔ دو۔ (۲)

س۔ آپ نے کب وصال کیا؟

ج۔ ۶۷۲ھ میں۔

س۔ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج۔ سراج الدین قاضی نے۔

س۔ آپ کے ذمہ موت کے وقت کتنا قرض تھا؟

ج۔ پچاس دینار۔

س۔ آپ کے بیٹوں کے نام کیا تھے؟

ج۔ علاؤالدین۔ سلطان۔

س۔ آپ کے دور میں زلزلہ کتنے دن تک رہا؟

ج۔ ۴۰ دن تک۔

س۔ لوگوں سے آپ نے کیا کہا؟

ج۔ ''زمین بھوکی ہے۔ لقمہ تر چاہتی ہے۔ انشاءاللہ کامیاب ہوگی''

س۔ آپ کے نانا کا کیا نام تھا؟

ج۔ سلطان محمد خوازم شاہ۔

س۔ سلطان محمد خوازم کا آپ کے والد کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟

ج۔ ماموں تھے۔

✿✿✿

## حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ قصبہ طوس میں۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۵۷۵ھ میں۔ بمطابق ۱۱۷۲ء۔

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ شرف الدین۔

س۔ آپ نے لقب کیا پایا؟

ج۔ مصلح الدین۔

س۔ آپ کا تخلص کیا تھا؟

ج۔ سعدی۔

س۔ آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج۔ عبداللہ۔

س۔ خواجہ خضر کن کی خواب میں آیا؟

ج۔ آپ کے والد عبداللہ کی خواب میں۔

س۔ خواب میں کیا کہا گیا؟

ج۔ اس مولود کی تعلیم و تربیت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرنا۔

س۔ آپ کے جدامجد کہاں کے رہنے والے تھے؟

ج۔ مکہ کے۔

س۔ آپ کا سلسلہ نسبت کس کیفیت سے جا ملتا ہے؟

ج۔ حضرت فاطمہؓ۔

س۔ آپ نے ابتدائی تعلیم کس سے حاصل کی؟

ج۔ شرف الدین (والد سے)۔

س۔ آپ نے قرآن پاک کس سے حفظ کیا؟

ج۔ مصلح الدین۔

س۔ آپ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج۔ فاطمہ۔

س۔ وہ کس کی بیٹی تھیں؟

ج۔ رئیس ایران کی۔

س۔ آپ نے تعلیم کہاں حاصل کی؟

ج۔ مدرسہ نظامیہ بغداد سے۔

س۔ آپ کو کتنی زبانوں پر عبور حاصل تھا؟

ج۔ ۲۶ زبانوں پر۔

س۔ آپ نے کب انتقال فرمایا؟

ج۔ ۶۹۱ھ میں۔

س۔ آپ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج۔ ایران میں شہر شیراز میں۔

س۔ آپ کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

ج۔ طیبات' بدائع' خواتیم' مجموعہ غزلیات' قصائد فارسی۔ قصائد عربی' گلستان' بوستان' پندنامہ' قطعات' رباعیات' مطائبات' لمعات' ترصیعات' مثنات' مثنویات' حاجیہ وغیرہ بہت مشہور ہیں۔

❁❁❁

## iii۔ حضرت مولانا عبدالرحمان جامیؒ

س۔ آپ کا نام کیا تھا؟
ج۔ عبدالرحمٰن۔
س۔ آپ نے لقب کیا پایا؟
ج۔ نورالدین۔
س۔ آپ کہاں تولد ہوئے؟
ج۔ گاؤں ضرجرد میں۔
س۔ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۸۱۷ھ کو۔
س۔ آپ نے علوم عقلیہ کس سے پڑھا؟
ج۔ خواجہ علی سمرقندی سے۔
س۔ آپ کس کے حلقہ بیعت میں داخل ہوئے؟
ج۔ صوفی بزرگ خواجہ سعیدالدین کاشغری کے۔
س۔ خواجہ سعیدالدین کے بعد سجادہ نشین کون ہوئے؟
ج۔ عبدالرحمان جامی۔
س۔ آپ حج کے لیے کب روانہ ہوئے؟
ج۔ ۸۷۷ھ کو۔
س۔ آپ نے کب وصال فرمایا؟
ج۔ ۸۹۸ھ میں۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ مرزا خیابان میں اپنے مرشد کے قریب۔
س۔ آپ کی تصانیف کی تعداد کتنی ہے؟
ج۔ ننانوے۔ (۹۹)۔

س۔ چند مشہور کے نام بتائیں؟

ج۔ فاتحۃ الشباب' خاتمۃ الوقت مثنویوں میں۔
سلسلۃ المذہب۔ تحفۃ الاحرار وغیرہ۔

س۔ نثر میں کون سی کتابیں مشہور ہیں؟

ج۔ تفسیر فاتحہ الکتاب' رسالہ فی تحقیق' انشاہ جامی۔ بہارستان' نغمات اندلس وغیرہ۔

## iv۔حضرت امام ربانی حضرت شیخ احمد سرہندیؒ

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ عبدالاحد۔
س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ احمد۔
س۔ آپ نے لقب کیا پایا؟
ج۔ بدرالدین۔
س۔ آپ کا عرف کیا تھا؟
ج۔ امام ربانیؒ
س۔ کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابوالبرکات۔
س۔ آپ کس مسلک سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ حنفی مسلک۔
س۔ آپ کا نسب کتنے پشت سے حضرت عمر فاروقؓ سے جا ملتا ہے؟
ج۔ ۲۷ویں پشت سے۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۹۷۱ھ میں۔
س۔ آپ کس روز پیدا ہوئے؟
ج۔ جمعۃ المبارک۔
س۔ آپ کے دور میں اکبر بادشاہ کب فوت ہوا؟
ج۔ ۱۰۱۴ھ۔
س۔ اکبر کے بعد کون تخت نشین ہوا؟
ج۔ جہانگیر بادشاہ بنا۔

س۔ آپ نے سجدہ کا حکم پا کر کیا فرمایا؟
ج۔ "یہ پیشانی غیر اللہ کے آگے ہرگز نہ جھکے گی"
س۔ آپ نے کب وصال فرمایا؟
ج۔ ۲۹ صفر ۱۰۳۲ھ کو بروز بدھ۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۶۳ سال۔
س۔ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج۔ آپ کے فرزند ارجمند خواجہ سعید نے۔
س۔ آپ کی اولاد کتنی تھی؟
ج۔ سات لڑکے اور تین لڑکیاں۔

## ۷۔ علامہ سیّد جمال الدین افغانیؒ

س۔ علامہ سید جمال الدین افغانیؒ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ افغانستان کے موضع اسعد آباد میں۔
س۔ آپ کی پیدائش کے وقت اردگرد کے ممالک کی کیسی سیاسی حالت تھی؟
ج۔ عجیب سیاسی کشمکش تھی۔
س۔ ہندوستان کی کیا کیفیت تھی؟
ج۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی تجارت حکومت کی شکل اختیار کر چکی تھی۔
س۔ روس کے کیا ارادے تھے؟
ج۔ روس وسط ایشیا میں خیوا اور بخارا کی آزادی ختم کرنے کے درپے تھا۔
س۔ مصر کی حالت کیسی تھی؟
ج۔ مصر میں سلطان ترکی کے اقتدار کا خاتمہ ہو چکا تھا۔
س۔ ایران کا کیا حال تھا؟
ج۔ ایران میں یورپین طاقتیں اپنا اپنا حصہ بانٹ رہی تھیں۔
س۔ ترکی کی کیسی حالت زار تھی؟
ج۔ ترکی کی حالت سب سے ابتر ہو چکی تھی۔
س۔ علامہ نے تعلیم و تربیت کہاں حاصل کی؟
ج۔ کابل میں۔
س۔ آپ نے مکہ کا رخ کب کیا؟
ج۔ آپ نے ہندوستان میں چند روز قیام کے بعد حج کی غرض سے مکہ کا رخ کیا۔
س۔ اور حج سے کب واپس آئے؟
ج۔ ۱۸۶۱ء کو۔
س۔ آپ نے سیاست میں کب حصہ لینا شروع کیا؟
ج۔ حج سے واپسی پر۔

س۔ آپ نے کون سا اخبار نکالا؟
ج۔ شمس النہار۔
س۔ آپ جب قسطنطنیہ گئے تو وہاں کس اہم شخصیت سے ملاقات ہوئی؟
ج۔ عالی پاشا وزیر اعظم ترکی سے ملاقات ہوئی۔
س۔ مصر کا بدترین زمانہ کون سا شمار کیا جاتا ہے؟
ج۔ ۱۸۷۵ء اور ۱۸۸۰ء۔
س۔ آپ نے مصر میں کیا کام کیا؟
ج۔ آپ نے انجمنیں قائم کرنی شروع کر دیں۔
س۔ آپ نے کون سی سب سے بڑی انجمن قائم کی؟
ج۔ انجمن حیات الوطنی۔
س۔ اس انجمن کا کیا اثر ہوا؟
ج۔ انگریزوں نے خوف کھانا شروع کیا۔
س۔ لارڈ کرود نے اپنی رپورٹ میں کیا لکھا؟
ج۔ ''اگر یہ انجمن مصر میں ایک سال اور قائم رہی اور جمال الدین افغانی مصر میں مقیم رہے تو برطانوی اثرات ختم ہو جائیں گے۔''
س۔ مصر میں خدیو اسمٰعیل کی جگہ کون حکمران بنا؟
ج۔ توفیق حکمران بن گیا۔
س۔ اس نے کیا کام کیا؟
ج۔ اس نے ایک رات دو بجے آپ کی قیام گاہ ''خان خلیل'' پر چھاپہ مار کر آپ کو سوتے میں حراست میں لے کر ٹرین پر سوار کیا اور سویز بھیج دیا''
س۔ آپ ہندوستان کب پہنچے؟
ج۔ ۱۸۷۹ء کو آپ مصر سے ہندوستان پہنچے۔
س۔ حیدر آباد میں سر سالار جنگ اول کی ملاقات میں آپ نے کیا تجویز دی؟
ج۔ ایک یونیورسٹی بنانے کی۔
س۔ آپ کو کہاں نظر بند رکھا گیا؟

ج۔ کلکتہ میں۔

س۔ آپ لندن کب گئے؟

ج۔ ۱۸۸۳ء میں اور پھر پیرس چلے گئے۔

س۔ پیرس میں آپ کے ساتھ کون ملے؟

ج۔ سعد زاغلول۔ مفتی محمود عبدۃ۔ مرزا باقر ایرانی۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۹ مارچ ۱۸۹۷ء کو۔

س۔ آپ کی لاش کو افغانستان کب لایا گیا؟

ج۔ ۱۹۴۴ء کو استنبول سے۔

س۔ آپ کی سب سے بڑی کوشش کیا رہی؟

ج۔ دنیا بھر کے مسلمان متحد ہو کر ایک مرکز پر جمع رہیں۔

س۔ آپ نے کتنے ممالک کا دورہ کیا؟

ج۔ روس، جرمنی، پیرس، بغداد اور قسطنطنیہ، ترکی، مصر۔

## vi۔ مولانا عبیداللہ سندھیؒ

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ چیانوالی ضلع سیالکوٹ میں۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۸۷۲ء کو۔
س۔ آپ کس گھرانے میں پیدا ہوئے؟
ج۔ سکھ گھرانے میں۔
س۔ آپ کے والد کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ آپ کی پیدائش سے پہلے ہی۔
س۔ آپ کی والدہ نے آپ کو کہاں بھیجا؟
ج۔ آپ کے ماموں کے پاس جو جام پور ضلع ڈیرہ غازی خاں رہتے تھے۔
س۔ ڈیرہ غازی خاں سے کہاں چلے گئے؟
ج۔ سندھ میں۔
س۔ آپ نے کس کے ہاتھ اسلام قبول کیا؟
ج۔ سکھر کے ایک گاؤں بھر چونڈی میں حضرت مولانا صادقؒ کے ہاتھ پر۔
س۔ آپ کا نام کیا رکھا گیا؟
ج۔ عبیداللہ۔
س۔ آپ اسلام قبول کرنے کے بعد کہاں گئے؟
ج۔ تعلیم کی خاطر دیو بند۔
س۔ مرشد نے آپ کو کیا دعا دی؟
ج۔ ''اللہ تعالیٰ آپ کو اچھا استاد بنا دے''
س۔ آپ تعلیم سے فارغ ہو کر کہاں واپس آئے؟
ج۔ سندھ میں۔

س۔ آپ نے کن علوم میں دسترس حاصل کی؟
ج۔ عربی' قرآن کریم' تفسیر' حدیث اور دیگر علوم اسلامیہ وغیرہ۔
س۔ آپ نے کتنے عرصہ تعلیم حاصل کی؟
ج۔ چھ سات سال تک۔
س۔ آپ نے تعلیم کے لیے کیا کیا؟
ج۔ ایک مدرسہ قائم کیا۔
س۔ آپ نے کس استاد سے تعلیم حاصل کی؟
ج۔ مولانا محمود الحسن دیوبندی سے۔
س۔ دیوبند سے آپ کہاں آئے؟
ج۔ دہلی۔
س۔ آپ نے کس مدرسہ کی بنیاد رکھی؟
ج۔ نظارۃ المعارف (قرانیہ)۔
س۔ آپ کو استاد کا کیا حکم ملا؟
ج۔ ''کابل روانہ ہوجائیں''
س۔ آپ کابل کب پہنچے؟
ج۔ ۱۹۱۵ء کو۔
س۔ آپ کے ساتھ اس سفر میں کون تھا؟
ج۔ مولانا عبداللہ لغاری۔
س۔ اس وقت افغانستان پر کس کی حکومت تھی؟
ج۔ امیر حبیب اللہ خاں کی۔
س۔ مولانا محمود الحسن نے اسیری کہاں کاٹی؟
ج۔ مالٹا میں۔
س۔ انھوں نے ہندوستان میں آکر کس جماعت میں شمولیت کی؟
ج۔ کانگریس میں۔
س۔ آپ کے ساتھی کون سے حضرات تھے؟

ج۔ مولانا محمد علی جوہر، ڈاکٹر انصاری، مولانا شوکت علی، مولانا ابوالکلام وغیرہ۔

س۔ آپ کس کمیٹی کے صدر بنے؟

ج۔ کابل میں کانگریس کمیٹی۔

س۔ میر حبیب اللہ کو گولی کہاں لگی؟

ج۔ جلال آباد سرمائی پایہ تخت میں۔

س۔ آپ کو گولی کس کی لگی؟

ج۔ نامعلوم قاتل کی گولی۔

س۔ آپ کے بعد کون حاکم بنا؟

ج۔ نصر اللہ خاں (بھائی)۔

س۔ ان کے بعد کون برسر اقتدار آیا؟

ج۔ حبیب اللہ کا منجھلا بیٹا امان اللہ خان۔

س۔ میر امان اللہ نے اقتدار سنبھالتے ہی کیا کیا؟

ج۔ مولانا سندھی کے کہنے پر ہندوستان پر حملہ کر دیا؟

س۔ لڑائی میں کس کا پلہ بھاری رہا؟

ج۔ دونوں میں صلح ہو گئی۔

س۔ اس کے کیا اثرات ظاہر ہوئے؟

ج۔ افغانستان انگریزوں کے اثر سے آزاد ہو گیا۔

س۔ آپ نے افغانستان کب چھوڑا؟

ج۔ ۱۹۲۲ء۔

س۔ آپ روس سے ترکی کب گئے؟

ج۔ ۱۹۲۳ء۔

س۔ آپ کتنے عرصہ جلاوطن رہے؟

ج۔ ۲۴ برس۔

س۔ جلاوطنی کی مدت کاٹ کر کب واپس لوٹے؟

ج۔ ۷ مارچ ۱۹۳۹ء کو۔

س۔ آپ پہلے کہاں آئے؟

ج۔ کراچی۔

س۔ آپ نے ساری زندگی کس طرح گزاری؟

ج۔ جستجو، ایک ولولہ، ایک عزم اور ایک انتھک اور مسلسل جدوجہد میں گزاری۔

✿✿✿

## vii۔ حضرت مولانا حسرت موہانیؒ

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ موہان ضلع اناؤ (اودھ)۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۸۷۸ء کو۔
س۔ آپ نے کس صنف زبان میں شہرت پائی؟
ج۔ غزل کی لطیف زبان میں۔
س۔ آپ نے بی اے کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟
ج۔ علی گڑھ سے۔
س۔ آپ نے پہلے کس سیاسی جماعت میں شمولیت کی؟
ج۔ انڈین نیشنل کانگرس۔
س۔ اس کے چھوڑنے کے بعد کس جماعت میں شمولیت کی؟
ج۔ مسلم لیگ میں۔
س۔ آپ نے غزلیں کس حالت میں کہیں؟
ج۔ آپ نے تمام غزلیں سرمستی و بےخودی کی کیفیت میں ڈوب کر کہیں۔
س۔ آپ کے کلام کے کتنے حصہ ہیں؟
ج۔ چار حصے۔
س۔ آپ نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۱۹۵۱ء میں۔
س۔ آپ نے کہاں وفات پائی؟
ج۔ لکھنو میں۔
س۔ کہاں آپ کو دفن کیا گیا؟
ج۔ لکھنو میں ہی۔

س۔ آپ اپنے سال کے مہینے کیسے گزارتے تھے؟

ج۔ آپ چھ مہینے سفر حج کی غرض سے گزارتے۔اور باقی چھ مہینے ہندوستان کی سیاست میں۔

س۔ آپ کس قسم کے سیاستدان تھے؟

ج۔ آپ کٹر انتہا پسند سیاست دان تھے۔

س۔ آپ نے کون سی اذیت برداشت کیں؟

ج۔ ہندوستان کی آزادی کی تحریکوں میں کئی بار قید ہوئے برسوں جیل کی کال کوٹھڑی میں بند رہے۔

## viii۔ابن خلدون

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ عبدالرحمٰن بن محمد۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۳۳۲ء کو۔
س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ تونس (شمالی افریقہ)۔
س۔ آپ کا نسب کس جلیل القدر صحابی سے ملتا ہے؟
ج۔ حضرت اوائل رضی اللہ عنہ سے۔
س۔ حضرت اوائل کہاں پر مامور تھے؟
ج۔ حضرت اوائل یمن میں تعلیم قرآن اور تبلیغ اسلام کے لیے مامور تھے۔
س۔ آپ (حضرت اوائل) کے پوتے کا کیا نام تھا؟
ج۔ خالد بن عثمان۔
س۔ وہ اندلس کیسے آئے؟
ج۔ یمنی لشکر کے ہمراہ اندلس آئے۔اور وہیں آباد ہو گئے۔
س۔ آپ کا نام خالد سے کس طرح خلدون بنا؟
ج۔ اہل مغرب نے اپنی لسانی و ادبی روایات کے مطابق ان کے نام خالد کو خلدون سے بدل دیا۔
س۔ اس کے بعد آپ کی نسل کیا کہلائی؟
ج۔ بنو خلدون کے نام سے مشہور ہوئی۔
س۔ ابن حیان نے آپ کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟
ج۔ ”بنو خلدون اشبیلیہ میں بڑی شہرت کے مالک تھے۔
س۔ آپ نے کن علما کرام سے استفادہ حاصل کیا؟

ج۔ عبدالمہیمن اور محمد بن ابراہیم الابلی سے۔

س۔ آپ نے ان سے کون سی تعلیم حاصل کی؟

ج۔ ان سے صحاح ستہ' موطا امام مالکؒ' کتب السیر' ابن اسحاق اور حدیث میں کتاب الصلاح کی تعلیم حاصل کی۔

س۔ آپ کو کسی سلطان نے عزت بخشی؟

ج۔ سلطان غرناطہ نے۔

س۔ آپ کو کہاں کے لیے سفیر بنا کر بھیجا؟

ج۔ قشتالہ کے بادشاہ کے پاس سفیر بنا کر بھیجا۔

س۔ سلطان نے انعام میں آپ کو کیا عطا کیا؟

ج۔ ایک گاؤں جاگیر میں دیا۔

س۔ آپ اندلس میں کتنے عرصہ رہے؟

ج۔ ۳۰ سال تک۔

س۔ اندلس کے بعد کہاں چلے گئے؟

ج۔ بجایہ چلے گئے۔

س۔ وہاں آپ کے ساتھ کیسا سلوک کیا گیا؟

ج۔ آپ کی بڑی آؤ بھگت کی گئی اور معقول عہدے پر مامور کر دیا گیا۔

س۔ آپ نے کتنے سال مصیبتوں میں گزارے؟

ج۔ دو سال تک۔

س۔ آپ اپنے وطن کب آئے؟

ج۔ ۱۳۷۸ء کو۔

س۔ آپ کے وطن میں کتنے سال گزارے؟

ج۔ صرف چار سال۔

س۔ ان کے اہل و عیال کہاں آباد تھے؟

ج۔ تیونس میں۔

س۔ آپ مصر میں کتنے عرصہ رہے؟

ج۔ تیونس سے پہلے ۲۴ سال تک مصر میں رہے۔

س۔ آپ کا انتقال کب ہوا؟

ج۔ ۱۴۰۶ء کو۔

س۔ آپ کے اہل وعیال کا جہاز کہاں غرق ہوا؟

ج۔ راستے میں جہاز تیونس سے مصر آتے ہوئے۔

س۔ سلطان ملک ظاہر نے آپ کو کیا عہدہ دیا؟

ج۔ قاضی القضاۃ کا۔

س۔ آپ نے کن ممالک کا سفر کیا؟

ج۔ اندلس، بجایہ، مصر، بیت المقدس۔

س۔ آپ نے مصر میں کیا کام شروع کیا؟

ج۔ درس وتدریس کا۔

س۔ آپ کی تیمور سے کب ملاقات ہوئی؟

ج۔ جب سلطان مصر نے اپنے بیٹے کو فوج دے کر مدافعت کے لیے بھیجا تو آپ بھی اس کی فوج میں شامل تھے تو وہاں تیمور سے ملاقات ہوئی۔

❁❁❁

## ix۔ حکیم الامت ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ سیالکوٹ کے بازار چوڑی گراں (اقبال بازار)۔
س۔ کس خاندان میں جنم لیا؟
ج۔ کشمیری خاندان میں۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ شیخ نور محمد۔
س۔ آپ کے والد صاحب کب انتقال ہوا؟
ج۔ ۱۹۳۰ء کو سیالکوٹ میں۔
س۔ آپ کے والد کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ سیالکوٹ میں ہی۔
س۔ آپ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج۔ امام بی بی۔
س۔ آپ کی والدہ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۷۸ سال۔
س۔ آپ کی والدہ کب فوت ہوئیں؟
ج۔ ۹ نومبر ۱۹۱۴ء کو۔
س۔ آپ کے بڑے بھائی کا کیا نام تھا؟
ج۔ شیخ عطا محمد۔
س۔ آپ کے بڑے بھائی نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۱۹۴۰ء کو (۲۲ دسمبر ۱۹۴۰ء)۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۹ نومبر ۱۸۷۸ء کو بروز جمعۃ المبارک۔

س۔ یہ جملہ کس عظیم شخصیت کا ہے؟
"اقبال ہمیشہ دیر سے ہی آتا ہے"

ج۔ علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کا۔

س۔ یہ آپ نے کب کہا؟

ج۔ جب آپ سکول میں تعلیم حاصل کر رہے تھے تو استاد نے ایک دن دیر سے سکول آنے کی وجہ پوچھی تو جواب یُوں دیا۔

س۔ آپ لیکچرار کہاں مقرر ہوئے؟

ج۔ اورنٹیل کالج لاہور میں/گورنمنٹ کالج

س۔ آپ انگلستان کب گئے؟

ج۔ ۱۹۰۵ء کو۔

س۔ آپ نے پی ایچ ڈی کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟

ج۔ جرمنی سے۔

س۔ تادمِ موت کہاں وقت گزارہ؟

ج۔ لاہور میں۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ بادشاہی مسجد کے بڑے دروازے کے سامنے لاہور میں۔

س۔ آپ کے استاد محترم کا کیا نام تھا؟

ج۔ مولوی سیّد میر حسن صاحب سیالکوٹی۔

س۔ آپ نے کن گھرانوں میں شادیاں کیں؟

ج۔ گجرات' لاہور' لدھیانہ کے گھرانوں میں۔

س۔ پہلی بیوی سے اولاد کون سی ہوئی؟

ج۔ بیرسٹر آفتاب اقبال۔

س۔ پہلی بیوی کا انتقال کب ہوا؟

ج۔ مارچ ۱۹۴۲ء۔
س۔ پہلی بیوی کہاں کی رہنے والی تھی؟
ج۔ گجرات کی۔
س۔ دوسری بیوی نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۱۹۲۴ء کو۔
س۔ دوسری بیوی کہاں کی تھی؟
ج۔ لدھیانہ کی۔
س۔ تیسری بیوی کہاں کی تھی؟
ج۔ لاہور کی۔
س۔ ان کی اولاد کون سی تھی؟
ج۔ جاوید اور منیرہ تھی۔
س۔ تیسری اہلیہ کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ ۲۳ مئی ۱۹۳۵ء کو۔
س۔ تیسری بیوی کے انتقال پر دونوں بچوں کی عمریں کیا تھیں؟
ج۔ جاوید کی عمر ۱۱ سال' منیرہ کی عمر ۵ برس تھی۔
س۔ یہ دونوں بہن بھائی کب پیدا ہوئے؟
ج۔ جاوید اقبال ۱۹۲۴ء۔ اور منیرہ ۱۹۳۰ء کو۔
س۔ آپ کی مشہور تصانیف کون سی ہیں؟
ج۔ i۔ ایران میں فلسفہ الٰہیات کا ارتقاء۔

ii۔ خطبات مدراس۔ iii۔ اسرار خودی۔
iv۔ بال جبریل۔ v۔ رموز بے خودی۔
vi۔ پیام مشرق۔ vii۔ بانگ درا۔
viii۔ زبور عجم۔ ix۔ جاوید نامہ۔
x۔ ضرب کلیم۔ xi۔ ارمغان حجاز
پس چہ باید کرد اے اقوام مشرق معہ مسافر۔

س۔ آپ کے پسندیدہ کھانے پینے کیا تھے؟
ج۔ رات کو دودھ پینا' آم' انگور اور خربوزے کھانا وغیرہ۔
س۔ آپ کی زندگی کا ساتھی کون شمار ہوتا تھا؟
ج۔ حقہ۔
س۔ آپ زیادہ دیر کس مرض میں مبتلا رہے؟
ج۔ دردِ گردہ اور نقرس میں۔
س۔ آپ کی نمازِ جنازہ کہاں ادا کی گئی؟
ج۔ شاہی مسجد میں۔
س۔ آپ کے مزار کا کب کام شروع ہوا؟
ج۔ ۱۹۴۶ء کو۔
س۔ کتنے سالوں میں مزار کا کام مکمل ہوا؟
ج۔ آٹھ سالوں میں۔
س۔ تعمیر پر کتنی رقم خرچ ہوئی؟
ج۔ ایک لاکھ صرف۔
س۔ مزار کا نقشہ کس ماہرِ فنِ تعمیر نے تیار کیا تھا؟
ج۔ حیدرآباد دکن کے نواب زین یار جنگ نے۔
س۔ مزار کا کتبہ اور تعویذ کس نے پیش کیا؟
ج۔ حکومت افغانستان نے۔
س۔ اس وقت کتبے کی قیمت کیا تھی؟
ج۔ ایک لاکھ سے کم نہ تھی۔

✿✿✿

## x۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء کو۔

س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟

ج۔ جناح پونجا۔

س۔ آپ کے والد کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

ج۔ راجکوٹ کے معزز خواجہ خاندان سے۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ کراچی میں۔

س۔ آپ کے والد کا کیا کاروبار تھا؟

ج۔ چرم کا (چمڑے کا)۔

س۔ آپ پہلے کس سکول میں داخل ہوئے؟

ج۔ سندھ ہائی سکول میں۔

س۔ میٹرک تک تعلیم کس سکول میں حاصل کی؟

ج۔ سندھ ہائی سکول سے۔

س۔ آپ کی اس وقت کتنی عمر تھی؟

ج۔ ۱۶ سال (سولہ)۔

س۔ آپ کے والد نے اعلیٰ تعلیم کے لیے کہاں بھیجا؟

ج۔ انگلستان۔

س۔ آپ کب واپس لوٹے؟

ج۔ ۱۸۹۶ء کو۔

س۔ آپ کی اس وقت عمر کتنی تھی؟

ج۔ بیس برس۔

س۔ آپ کی والدہ کا کب انتقال ہوا؟

ج۔ ۱۸۹۶ء کو۔

س۔ آپ بمبئی کب گئے؟

ج۔ ۱۸۹۷ء کو۔

س۔ آپ ریڈر کہاں مقرر ہوئے؟

ج۔ ایڈووکیٹ جنرل بمبئی کی عدالت میں۔

س۔ آپ کب پریزیڈنسی مجسٹریٹ مقرر ہوئے؟

ج۔ تین سال بعد۔

س۔ آپ کی عوامی زندگی کا آغاز کب ہوا؟

ج۔ ۱۹۰۹ء سے۔

س۔ وہ کب امپیریل کونسل کے ممبر منتخب ہوئے؟

ج۔ قائداعظم محمد علی جناح ۱۹۰۹ء کو بمبئی کے حلقے سے ممبر منتخب ہوئے۔

س۔ اس وقت ہندوستان میں کون سی سیاسی جماعتیں تھیں؟

ج۔ i۔ کانگرس۔ ii۔ مسلم لیگ۔

س۔ کانگریس کے کون سے اہم اراکین تھے؟

ج۔ نوروز جی' دادابھائی' گوکھلے' نہرو' مہاتما گاندھی وغیرہ۔

س۔ مسلم لیگ کے ممبر کون حضرات تھے؟

ج۔ خان بہادروں' نوابوں اور جاگیرداروں کی جماعت تھی۔

س۔ آپ نے پہلے کس جماعت میں شمولیت اختیار کی؟

ج۔ کانگرس میں۔

س۔ وہ مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟

ج۔ ۱۹۱۳ء میں۔

س۔ کس کے ایما پر قائداعظم مسلم لیگ میں شامل ہوئے؟

ج۔ مولانا محمد علی جواہر۔

س۔ حکومت برطانیہ نے ہندوستان میں کب اصلاحات جاری کیں؟

ج۔ ۱۹۱۴ء۔

س۔ ۱۹۳۹ء میں قائداعظم نے کیا اعلان کیا؟

ج۔ ''انگریز کے علاوہ ایک اور پارٹی بھی ہے اور وہ ہے مسلم لیگ''

س۔ پاکستان کب معرض وجود میں آیا؟

ج۔ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو۔

س۔ یہ ملک کس جماعت کی کوششوں سے حاصل ہوا؟

ج۔ مسلم لیگ کی کوششوں سے۔

س۔ پاکستان کے پہلے سربراہ کون بنے؟

ج۔ قائداعظم محمد علی جناح۔

س۔ آپ نے رحلت کب فرمائی؟

ج۔ ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کو۔

س۔ آپ کی پہلی شادی کب ہوئی؟

ج۔ سولہ سال کی عمر میں۔

س۔ دوسری شادی کس خاتون سے ہوئی؟

ج۔ ''رتنا پیسٹ''

س۔ وہ کس کی بیٹی تھی؟

ج۔ بمبئی کے مشہور برونیٹ سر ونسا پیسٹ کی صاحبزادی۔

س۔ آپ کی دوسری بیوی کی شادی کے وقت عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۱۸ برس۔

س۔ وہ کس خاندان سے تعلق رکھتی تھی؟

ج۔ پارسی خاندان سے۔

س۔ کیا پارسی مسلمان کہلاتے ہیں؟

ج۔ قطعاً نہیں۔

س۔ کیا وہ بعد میں مسلمان ہو گئیں؟

ج۔ ہاں' بعد میں اسلام قبول کر لیا۔

س۔ ان کا کب انتقال ہوا؟

ج۔ ۱۹۲۹ء کو۔

س۔ آپ کی اولاد کتنی تھی؟

ج۔ صرف ایک بیٹی۔

❁❁❁

## xi۔ حضرت امام شاہ ولی اللہ محدث دہلوی

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۲۵ محرم ۱۱۱۴ھ کو۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ دہلی میں۔

س۔ آپ کا شجرہ نسب کس خلیفہ کے ساتھ جا ملتا ہے؟

ج۔ حضرت عمر فاروقؓ سے۔

س۔ آپ کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج۔ حضرت شاہ وجیہ الدینؒ۔

س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟

ج۔ شاہ عبدالرحیمؒ۔

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ قطب الدین احمد۔

س۔ آپ نے قرآن کتنی عمر میں حفظ کر لیا؟

ج۔ سات سال کی عمر میں۔

س۔ تمام دینی علوم سے کتنی عمر میں فارغ ہو گئے؟

ج۔ پندرہ سال کی عمر میں۔

س۔ جب آپ کے والد کا انتقال ہوا تو آپ کی عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۱۷ برس۔

س۔ آپ نے دہلی کے مدرسہ رحیمیہ میں کب تک درس دیا؟

ج۔ بارہ سال تک۔

س۔ آپ حج کرنے کے بعد دوبارہ وطن کب واپس آ گئے؟

ج۔ ۱۱۴۶ھ میں۔

س۔ آپ نے تصنیف و تالیف میں عمر کا کتنا حصہ گزارہ؟

ج۔ ۳۰ سال۔

س۔ آپ نے کتنی کتابیں لکھیں؟

ج۔ ۴۰ کتب۔

س۔ آپ نے قرآن حکیم کا ترجمہ کس زبان میں کیا؟

ج۔ فارسی میں۔

س۔ آپ کی گرانقدر تصانیف کون سی ہیں؟

ج۔ فیصلہ وحدت الوجود والشہود' القول الجمیل' تفہیمات الٰہیہ' الطاف القدس' انفاس العارفین' فیوض الحرمین' الخیر الکثیر' لمعات وغیرہ۔

❁❁❁

## سر سید احمد خاں

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۷ اکتوبر ۱۸۱۷ء کو۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ دہلی (ہندوستان میں)۔

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ میر تقی۔

س۔ آپ نے ابتدائی تعلیم کس سے حاصل کی؟

ج۔ حضرت غلام علی شاہ سے۔

س۔ آپ کے والد کا کب انتقال ہوا؟

ج۔ بائیس برس میں۔

س۔ اس وقت دہلی کا حکمران کون تھا؟

ج۔ بہادر شاہ ظفر۔

س۔ بادشاہ نے آپ کو کیا خطاب دیا؟

ج۔ جوادالدولہ عارف جنگ کا خطاب دیا۔

س۔ آپ کا تبادلہ دہلی میں کب ہوا؟

ج۔ ۱۸۴۶ء کو۔

س۔ آپ نے کون سی تصنیف لکھی؟

ج۔ آثار الصنادید۔

س۔ یہ کس شاہی عمارت کی تاریخ ہے؟

ج۔ یہ کتاب دہلی کی قدیم اور شاہی عمارات کی تاریخ ہے۔

س۔ تحریک آزادی کب شروع ہوئی؟

ج۔ ۱۸۵۷ء۔

س۔ وہ اس وقت کہاں تعین تھے؟

ج۔ بجنور میں مجسٹریٹ درجہ اول تھے۔

س۔ سرسید احمد خاں کو سی۔ ایس۔ آئی کا خطاب کب ملا؟

ج۔ جب ۱۸۶۹ء میں وہ اپنے لڑکے کو لندن میں داخل کروانے گئے۔

س۔ یہ خطاب کس نے عطا کیا؟

ج۔ ملکہ وکٹوریہ نے۔

س۔ آپ نے لندن میں کون سی کتاب لکھی؟

ج۔ خطبات احمدیہ۔

س۔ علی گڑھ کالج کی بنیاد کب رکھی گئی؟

ج۔ ۱۸۷۵ء۔

س۔ اب اس کالج کا درجہ کہاں تک بڑھ چکا ہے؟

ج۔ یونیورسٹی تک۔

س۔ آپ نے کب دنیا سے رحلت فرمائی؟

ج۔ ۱۸ مارچ ۱۸۹۸ء کو۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ اپنے مدرسہ کی مسجد میں۔

❁❁❁

# حضرت شاہ اسمٰعیل شاہ

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۲ ربیع الثانی ۱۱۹۳ھ۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ اپنے ننھیال پھلت ضلع مظفر نگر۔

س۔ آپ کے والد محترم کا اسم گرامی کیا تھا؟

ج۔ شاہ عبدالغنیؒ۔

س۔ آپ کس کے پوتے تھے؟

ج۔ شاہ ولی اللہؒ کے۔

س۔ آپ کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج۔ شاہ ولی اللہؒ۔

س۔ آپ کس کے پڑپوتے تھے؟

ج۔ شاہ عبدالرحیمؒ کے۔

س۔ آپ کن صاحبان کے بھتیجے تھے؟

ج۔ شاہ عبدالقادر اور شاہ رفیع الدین کے۔

س۔ آپ کا شجرہ کس خلیفہ سے جا ملتا ہے؟

ج۔ حضرت عمر فاروقؓ سے۔

س۔ آپ نے ابتدائی تعلیم کس سے حاصل کی؟

ج۔ اپنے والد محترم شاہ عبدالغنی سے۔

س۔ اپنے والد کی وفات کے بعد کون آپ کا ذمہ دار بنا؟

ج۔ چچا مولانا شاہ عبدالعزیزؒ۔

س۔ آپ نے قرآن کتنی عمر میں حفظ کر لیا تھا؟

ج۔ آٹھ سال کی عمر میں۔

س۔ تعلیم کے بعد آپ نے کون کون سے فن سیکھے؟

ج۔ گھوڑا سواری کا فن، کشتی کا فن، گولی کا نشانہ درست کیا۔ تیرنا سیکھا وغیرہ۔

س۔ آپ نے کس سے بیعت حاصل کی؟

ج۔ حضرت سید احمد بریلوی سے۔

س۔ آپ کتنی عمر میں حج کے لیے گئے؟

ج۔ ۳۸ سال کی عمر میں۔

س۔ آپ حج کے لیے کب گئے؟

ج۔ یکم شوال ۱۸۲۰ء (۱۸۲۰)

س۔ آپ کا قافلہ کب مکہ پہنچا؟

ج۔ ۲۸ شوال ۱۸۲۰ء جدہ سے مکہ پہنچے۔

س۔ حج سے فارغ ہو کر جدہ کب واپس آئے؟

ج۔ ۱۸۲۲ء کو۔

س۔ وطن واپس کب پہنچے؟

ج۔ ۲۹ شعبان ۱۸۲۳ء کو۔

س۔ آپ کے بارے میں ڈاکٹر اقبال کیا کہا کرتے تھے؟

ج۔ ''ہندوستان نے صرف ایک ہی مولوی پیدا کیا ہے اور وہ بھی مولوی اسمٰعیلؒ کی ذات ہے''

س۔ آپ کی مشہور تصنیف کون سی ہے؟

ج۔ i۔ تقویۃ الایمان۔

ii۔ ''تنویر العینین فی اثبات الرفع الیدین''

س۔ آپ نے سکھوں کے خلاف پہلی جنگ کب لڑی؟

ج۔ ۲ جمادی الاول ۱۲۴۲ھ اور ۲۱ دسمبر ۱۸۲۶ء میں۔

س۔ یہ جنگیں کہاں لڑی گئیں؟

ج۔ نوشہرہ میں (اکوڑہ کے مقام پر)۔

س۔ آپ نے کس مقام پر شہادت پائی؟

ج۔ بالاکوٹ۔

س۔ بالاکوٹ کہاں واقع ہے؟

ج۔ بالاکوٹ مانسہرہ کشمیر روڈ کے مقام پر واقع ہے۔

س۔ آپ کب شہید ہوئے؟

ج۔ ۶ مئی ۱۸۳۱ء کو۔

س۔ آپ کا مرقد کہاں واقع ہے؟

ج۔ دریائے کہنر کے قریب۔

❁❁❁

## حضرت علامہ شبلی نعمانیؒ

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ اعظم گڑھ کے نواحی گاؤں بندول میں۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ شیخ حبیب اللہ صاحب۔
س۔ آپ کے والد کا اعظم گڑھ میں کیا مقام تھا؟
ج۔ اعظم گڑھ کے رئیس تھے۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۸۵۷ء میں۔
س۔ آپ کے والد کا ذریعہ معاش کیا تھا؟
ج۔ آپ کے والد وکیل تھے۔
س۔ آپ کا باپ کی اولاد میں کیا مقام تھا؟
ج۔ سب سے بڑے تھے۔
س۔ آپ کے باپ نے کتنی شادیاں کیں؟
ج۔ دوشادیاں۔
س۔ آپ کی والدہ پر اس دوسری شادی کا کیا اثر ہوا؟
ج۔ غم سے فوت ہوگئی۔
س۔ آپ نے تعلیم کا آغاز کب کیا؟
ج۔ چھ برس کی عمر میں۔
س۔ آپ حج پر کب گئے؟
ج۔ ۱۸۷۶ء میں۔
س۔ والد نے تعلیم کی غرض سے کہاں بھیج دیا؟
ج۔ مولانا محمد فاروق صاحب چڑیا کوٹی کے ہاں غازی پور۔
س۔ فقہ اور اصول دین کی تعلیم کس سے حاصل کی؟
ج۔ مولانا ارشاد حسین سے۔

س۔ ترمذی شریف کی تعلیم کس سے حاصل کی؟
ج۔ مولانا احمد علی سہارن پوری سے۔
س۔ مولانا فاروق اپنے ہونہار شاگرد کو کیا کہا کرتے تھے؟
ج۔ وہ اپنے آپ کو علوم ودانش کا سد اور شاگرد کو بچہ شیر کہا کرتے تھے۔
س۔ آپ نے وکالت کے امتحان میں کب شرکت کی؟
ج۔ ۱۸۷۹ء میں۔
س۔ آپ کب وکالت کے امتحان میں کامیاب ہوئے؟
ج۔ پہلی مرتبہ ناکام ہوئے دوسری مرتبہ کامیاب ہوئے۔
س۔ علی گڑھ کالج میں کب کام شروع کیا؟
ج۔ یکم فروری ۱۸۸۳ء کو۔
س۔ آپ کو شمس العلما کا خطاب کب ملا؟
ج۔ ۱۸۹۴ء کو۔
س۔ کس نے یہ خطاب دیا؟
ج۔ گورنمنٹ کی طرف سے۔
س۔ آپ کی عمر اس وقت کتنی تھی؟
ج۔ ۳۷ سال کی عمر۔
س۔ آپ نے کب وصال فرمایا؟
ج۔ ۱۸ نومبر ۱۹۱۴ء کو بروز چہار شنبہ صبح ساڑھے آٹھ بجے۔
س۔ آپ کی اصل اولاد کیا تھی؟
ج۔ سلیمان، مسعود علی ندوی، عبدالباری۔
س۔ پروفیسر ٹی۔ ڈبلیو۔ آرنلڈ اور مولانا شبلی کے مراسم کیسے تھے؟
ج۔ خوشگوار تھے۔
س۔ انھوں نے کہاں کام کیا؟
ج۔ محمڈن کالج میں کئی سالوں تک۔

❁❁❁

## حضرت مولانا محمد علی جوہرؒ

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۸۷۸ء کو۔
س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ بجنور میں۔
س۔ آپ نے میٹرک کا امتحان کس ادارے سے پاس کیا؟
ج۔ بریلی کے ہائی سکول سے۔
س۔ بی اے کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟
ج۔ علی گڑھ کالج سے۔
س۔ آپ نے بی اے کس عمر میں پاس کیا؟
ج۔ بیس برس کی عمر میں۔
س۔ آکسفورڈ یونیورسٹی سے آپ نے کون سی ڈگری حاصل کی؟
ج۔ بی اے کی ڈگری۔
س۔ آپ نے کہاں ملازمت حاصل کی؟
ج۔ ریاست رام پور کے محکمہ تعلیم میں ملازمت۔
س۔ آپ کو اعلیٰ عہدہ کہاں ملا؟
ج۔ ریاست بڑودہ میں۔
س۔ آپ نے انگریزی کا کون سا اخبار نکالا؟
ج۔ ''کامریڈ''
س۔ آپ نے اردو کا کون سا اخبار نکالا؟
ج۔ ''ہمدرد''
س۔ آپ کس سیاسی جماعت میں شامل ہوئے؟
ج۔ مسلم لیگ میں۔

س۔ آپ ہمیشہ کیا کہا کرتے تھے؟
ج۔ ''میں اسلام کا سپاہی ہوں''
س۔ ۱۹۲۰ء کو آپ کہاں گئے؟
ج۔ لندن میں حکومت برطانیہ کے بلانے پر۔
س۔ آپ کب فوت ہوئے؟
ج۔ ۱۹۳۰ء کو۔
س۔ آپ نے کہاں وفات پائی؟
ج۔ لندن میں۔
س۔ آپ کا جنازہ لندن سے کہاں لایا گیا؟
ج۔ فلسطین میں۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ بیت المقدس میں مسجد عمر میں۔
س۔ آپ کے جنازے میں کن اُمرا اور حکماَ نے شرکت کی؟
ج۔ تمام حکومتوں کے سفیروں، وزرا، مدبرّ وں اور اعلیٰ حکام نے۔
س۔ پورے ہندوستان میں کیا حالت تھی؟
ج۔ ہندوستان میں سوگ کے عالم میں ہڑتال کی گئی تھی۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۵۲ سال۔
س۔ آپ نے لندن میں جو تقریر کی اس کا متن کیا تھا؟
ج۔ ''میں جس مقصد کے لیے یہاں آیا ہوں وہ یہ ہے کہ میں اپنے ملک کو واپس جاؤں تو آزاد ہندوستانی کی حیثیت سے جاؤں۔ میں غلام ملک میں لوٹ کر نہیں جاؤں گا۔ اگر آپ مجھے ہندوستان کی آزادی نہیں دیں گے تو آپ کو مجھے یہاں قبر کے لیے جگہ دینی پڑے گی''

❁❁❁

## حضرت محمد بن عبدالوہابؒ

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۷۵۳ء کو۔
س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟
ج۔ عبدالوہاب بن سلیمان۔
س۔ آپ کے چچا کا کیا نام تھا؟
ج۔ ابراہیم بن سلیمان۔
س۔ آپ نے قرآن کتنی عمر میں حفظ کر لیا؟
ج۔ دس برس کی عمر میں۔
س۔ آپ نے حج کتنی عمر میں کیا؟
ج۔ بیس برس میں۔
س۔ آپ نے کن علماء سے فیض درس حاصل کیا؟
ج۔ نجد کے مقام مجمعہ کے مشہور عالم عبداللہ بن ابراہیم بن سیف، شیخ محمد حیات سندھیؒ شیخ علی داغستانی۔ شیخ محمد مجموعی۔ وغیرہ۔
س۔ آپ کے والد نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۱۱۵۳ھ میں۔
س۔ امیر ابن مسعود نے کس کے ہاتھ پر بیعت کی؟
ج۔ شیخ محمد بن عبدالوہاب کے ہاتھ پر۔
س۔ امیر عینیہ نے کب بیعت کی؟
ج۔ ۱۱۵۸ھ۔
س۔ آپ نے کتنے سال تک دعوت و تبلیغ کا کام کیا؟
ج۔ پچاس سال تک۔
س۔ آپ نے رحلت کب فرمائی؟

ج۔ ۱۱۶۴ھ میں۔

س۔ آپ کے کتنے بیٹے تھے؟

ج۔ چار۔

س۔ ان کے بیٹوں کے نام بتایئے؟

ج۔ i۔ حسین۔ ii۔ عبداللہ۔
iii۔ علی iv۔ ابراہیم۔

س۔ آپ کے بڑے صاحبزادے کا کیا نام تھا؟

ج۔ حسین۔

س۔ ان کو کون سا عہدہ دیا گیا؟

ج۔ درعیہ میں قضاۃ کا عہدہ۔

س۔ آپ کی مشہور تصانیف کون سی ہے؟

ج۔ "کتاب التوحید"

س۔ دوسری کتاب کا کیا نام ہے؟

ج۔ "کشف الشبہادت"

س۔ آپ کی تیسری اہم کتاب کون سی تھی؟

ج۔ اصول الثلاثہ۔

س۔ آپ کی چوتھی کتاب کا نام کیا تھا؟

ج۔ شروط الصلوٰۃ۔

س۔ آپ کی اور کون سی کتب تھیں؟

ج۔ اربع قواعد، مجمع قواعد، اصول الایمان، فضل الاسلام، کتاب الکبائر، تفسیر الفاتحہ، مسائل الجباہیہ، تفسیر الشہادۃ، تفسیر علیٰ، بعض سور القرآن، کتاب المنیر وغیرہ۔

# حضرت شیخ علویؒ

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ ابوالعباس احمد۔
س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ مستغنیم میں۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۸۶۹ء میں۔
س۔ آپ کے والدین کی اولاد کیا تھی؟
ج۔ صرف آپ ہی نرینہ اولاد میں تھے۔
س۔ مستغنیم کہاں واقع ہے؟
ج۔ الجزائر کا ایک پرانا قصبہ ہے۔
س۔ آپ کی رہائش کہاں واقع ہے؟
ج۔ آپ کی رہائش ''زاویہ'' میں تھی۔
س۔ آپ نے ساری تعلیم کہاں حاصل کی؟
ج۔ گھر پر ہی اپنے والد سے۔
س۔ آپ نے کیا ذریعہ معاش اختیار کیا؟
ج۔ کفن دوزی کا۔
س۔ آپ کے والد کا انتقال کب ہوا؟
ج۔ (۱۸۸۵ء کو۔
س۔ آپ کی اس وقت کتنی عمر تھی؟
ج۔ سولہ برس کی۔
س۔ آپ کی والدہ کا کب انتقال ہوا؟
ج۔ ۱۹۱۰ء کو۔

س۔ آپ کی اس وقت کتنی عمر تھی؟

ج۔ ۴۱ سال۔

س۔ آپ کے مرشد کا کیا نام تھا؟

ج۔ مراکش کے مشہور بزرگ شیخ سدی بن بوزیدی۔

س۔ ان کا علاقے میں کیا نام مشہور تھا؟

ج۔ مرشد شیخ حمو۔

س۔ آپ کا کب انتقال ہوا؟

ج۔ ۱۹۰۶ء کو۔

س۔ آپ نے سیاحت میں کتنا عرصہ گزارہ؟

ج۔ دس سال۔

س۔ آپ نے کتنے ممالک کی سیر کی؟

ج۔ طرابلس، تیونس، استنبول، قاہرہ، دمشق، تہران وغیرہ کا سفر کیا۔

س۔ آپ کن عیسائی پادریوں کی تعلیمات سے آگاہ تھے؟

ج۔ سینٹ پال اور سینٹ جان وغیرہ۔

س۔ شیخ محمد نے آپ کو کیا کہا؟

ج۔ ''یہ سانپ انسان کا اپنا نفس ہے جس نے اسے مسحور کر لیا اس نے میدان مار لیا''

س۔ آپ کا ان الفاظ کا کیا اثر ہوا؟

ج۔ آپ کی یکسر زندگی بدل گئی۔

س۔ آپ نے کتنے برس تبلیغ و دعوت کا کام کیا؟

ج۔ پندرہ برس تک۔

س۔ آپ کی دکان کی نگرانی کون کرتا تھا؟

ج۔ آپ کا رفیق کار سیدی الحاج بن عودہ۔ کیونکہ آپ تبلیغ میں مصروف رہتے تھے۔

❁❁❁

# حضرت سید عطا اللہ شاہ بخاریؒ

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ پٹنہ میں۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۸۹۲ء کو۔

س۔ آپ کا نام دودھیال نے کیا رکھا تھا؟

ج۔ عطا اللہ۔

س۔ نھیال کی طرف سے کیا نام رکھا گیا تھا؟

ج۔ شرف الدین احمد۔

س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ ابوالعطا یہ۔

س۔ آپ کو خطاب کیا ملا؟

ج۔ امیر شریعت۔

س۔ تخلص کیا پایا؟

ج۔ ندیم۔

س۔ آپ کے والد ماجد کا کیا نام تھا؟

ج۔ سید ضیا الدین۔

س۔ آپ کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج۔ سید نور الدین بخاری۔

س۔ آپ مجلس احرار کے کس منصب پر فائز رہے؟

ج۔ صدر منتخب ہوئے۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۷۱ سال ۹ دن۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۹ ربیع الاول ۱۳۸۱ھ بمطابق ۲۱ اگست ۱۹۶۱ء۔

س۔ آپ کس روز فوت ہوئے؟

ج۔ بروز پیر سہ پہر بوقت عصر (چھ بج کر چھپن منٹ پر)۔

س۔ آپ کی شعلہ بیانی اور تقریر کے اثر بیانی کے بارے میں مختلف علما نے کیا بیانات دیے تھے؟

ج۔ مولانا محمد علی مرحوم نے کہا:۔

"یہ شخص جادوگر ہے اسے تقریر کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ اس کا وجود بڑا خطرناک ہے۔ کیونکہ اس کی تقریر سے لوگ مبہوت و مسحور ہو جاتے ہیں۔ اگر یہ چاہے تو انھیں اچھائی کی بجائے کسی غلط کام پر آسانی سے آمادہ کر سکتا ہے۔ میرا بس چلے تو میں اسے تقریر کبھی نہ کرنے دوں"

س۔ مولانا اشرف علی تھانوی نے کیا فرمایا؟

ج۔ "عطاءاللہ بخاری کی کیا بحث کرتے ہو ان کی باتیں تو عطائے الٰہی ہیں"

س۔ پرشوتم داس کون تھے؟

ج۔ کانگرس کے صدر تھے۔

س۔ انھوں نے جلسے میں کیا کہا؟

ج۔ "تلاوت قرآن پاک کریں میری آتما پرانت ہوتی ہے"

س۔ آپ کو کب "گرفتار کیا" گیا؟

ج۔ ۱۹۳۹ء کو۔

س۔ اس وقت پنجاب کا وزیرِاعلیٰ کون تھا؟

ج۔ سرسکندر حیات۔

س۔ آپ کس کے ایما پر گرفتار ہوئے؟

ج۔ سرسکندر حیات کے ایما پر۔

س۔ آپ کے خلاف کیا مقدمہ بنایا گیا؟

ج۔ بغاوت کا۔

س۔ آپ کو کیا سزا دی گئی؟
ج۔ پھانسی کی۔
س۔ سی آئی ڈی کے رپورٹر کا کیا نام تھا؟
ج۔ لالہ لدھارام۔
س۔ لالہ لدھارام نے کیا شہادت دی؟
ج۔ ''سر سکندر حیات کے ایما پر مجھے ایس۔ پی گجرات نے حکم دیا تھا کہ ایسے جملے شاہ جیؒ کی تقریر میں اضافہ کیے جائیں جن کی وجہ سے انھیں سزائے موت دلوائی جا سکے''
س۔ لدھارام کی اس شہادت کا کیا نتیجہ برآمد ہوا؟
ج۔ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے انھیں رہا کر دیا۔
س۔ چیف جسٹس کا کیا نام تھا؟
ج۔ مسٹر ینگ۔
س۔ رہائی کے بعد آپ نے کیا رباعی کہی؟
ج۔ اوج بخت ملاقی ان کا۔ چرخ ہفت طباقی ان کا۔
محفل ان کی ساقی ان کا۔ آنکھیں میری باقی ان کا۔
س۔ جب کسی سے آپ جھوٹ سنتے تو کیا کہتے؟
ج۔ لعنة اللّٰه علی الکذ بین۔
''اللہ کی لعنت جو جھوٹ بولے''
س۔ آپ نے میرٹھ میں کتنے گھنٹے تقریر کی؟
ج۔ ۸ ½ گھنٹے

✿✿✿

# حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ اشرف علی۔
س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟
ج۔ عبدالحقؒ۔
س۔ آپ کہاں کے رہائش پذیر تھے؟
ج۔ قصبہ تھانہ بھون ضلع مظفر نگر کے رئیس تھے۔
س۔ آپ کے ماموں کا کیا نام تھا؟
ج۔ پیر جی امداد علیؒ۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۵ ربیع الثانی ۱۲۸۰ھ کو بروز چہارشنبہ بوقت صبح صادق۔
س۔ آپ کی والدہ نے کب انتقال کیا؟
ج۔ ۱۲۸۵ھ۔
س۔ آپ نے قرآن کی تعلیم کس سے حاصل کی؟
ج۔ حافظ حسین علی سے۔
س۔ فارسی کی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟
ج۔ میرٹھ میں مختلف اساتذہ سے۔
س۔ آپ مدرسہ دیوبندیہ کب داخل ہوئے؟
ج۔ ۱۲۹۵ھ کو۔
س۔ دیوبندیہ میں کتنا عرصہ تعلیم حاصل کی؟
ج۔ پانچ سال تک۔
س۔ آپ دیوبند سے کب فارغ ہوئے؟
ج۔ ۱۳۰۱ھ کو۔

س۔ آپ نے کس استاد محترم سے فیض حاصل کیا؟

ج۔ مولانا محمد یعقوب صاحب سے۔

س۔ وہ آپ کے بارے میں کیا فرماتے تھے؟

ج۔ ''کہ اقلیدس بھی اگر ذہین ہوگا تو بس اتنا ہی ہوگا ان سے زیادہ نہیں''

س۔ آپ کی دستار بندی کب ہوئی؟

ج۔ ۱۳۰۰ھ میں۔

س۔ آپ کی دستار بندی کس کے ہاتھوں ہوئی؟

ج۔ حضرت مولانا محمد رشید گنگوہی سے۔

س۔ آپ کان پور کب تشریف لائے؟

ج۔ صفر ۱۳۰۱ھ میں۔

س۔ آپ نے کتنے برس درس وتدریس کا کام کیا؟

ج۔ چودہ برس تک۔

س۔ آپ کا نکاح کب ہوا تھا؟

ج۔ طالب علمی کے زمانے میں ہی۔

✿✿✿

## حضرت شاہ مفتی محمد حسنؒ

س۔ آپ کا نام کیا تھا؟

ج۔ محمد حسن۔

س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟

ج۔ اللہ داد۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۲۹۶ھ۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ فل پور ضلع کمیل پور۔

س۔ آپ نے قرآن پاک کی تعلیم کس سے حاصل کی؟

ج۔ قاضی نور محمد۔

س۔ آپ نے صرف ونحو کی تعلیم کس سے لی؟

ج۔ قاضی گوہر دین سے۔

س۔ آپ کے اساتذہ میں سب سے برگزیدہ ہستی کون سی تھی؟

ج۔ حضرت مولانا معصوم صاحب۔

س۔ آپ نے درس وتدریس کا کام کہاں شروع کیا؟

ج۔ امرتسر میں ہی۔

س۔ آپ مدرسہ نعمانیہ کے کس عہدے پر منتخب ہوئے؟

ج۔ صدر کے عہدے پر۔

س۔ آپ کتنے سال اس عہدے پر فائز رہے؟

ج۔ چالیس سال تک۔

س۔ آپ نے جامع اشرفیہ کی کب بنیاد رکھی؟

ج۔ ۱۶ شعبان ۱۳۶۶ھ بروز ہفتہ بعد نماز عصر۔

س۔ آپ کے صاحبزادے کا کیا نام تھا؟
ج۔ حافظ ولی اللہ۔
س۔ آپ نے کتنے نکاح کیے؟
ج۔ دو نکاح۔
س۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے کتنی اولاد عطا فرمائی؟
ج۔ سات صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں۔
س۔ آپ کس بزرگ کے بیعت ہوئے؟
ج۔ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ۔
س۔ آپ نے کب وفات پائی؟
ج۔ جون ۱۹۶۱ء۔
س۔ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج۔ مولانا شاہ عبدالغنیؒ بوقت چھ بجے شامؒ۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ لانڈی کے قبرستان میں دارالعلوم کے قریبی جگہ میں۔
س۔ آپ کب خلیفہ بنے؟
ج۔ ۱۳۴۷ھ۔
س۔ جناب شورش کاشمیری نے آپ کے بارے میں کیا فرمایا؟
ج۔ آپ نے فرمایا:۔
''میاں: ہم لوگ تو دین کی روٹی کھاتے ہیں۔ اصل دیندار تو وہ لوگ ہیں جنھیں دین کی حیا اور دین کا پاس ہے''
س۔ آپ کے شاگردوں میں اہم شخصیات کون سی ہیں؟
ج۔ حضرت مولانا الحاج فقیر محمد صاحب۔
مفتی محمد نعیمؒ لدھیانوی' سید عطاء اللہ شاہ بخاری' سید محمد داؤد غزنوی' صدر مجلس حجتہ اہل حدیث' مفتی محمد شفیع ناظم سراج العلوم سرگودھا وغیرہ۔

✿✿✿

# حضرت حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ

س۔ آپ کا اصل وطن کون سا علاقہ تھا؟

ج۔ قصبہ جلال ضلع گوجرانوالہ۔

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ شیخ حبیب اللہ۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۲ رمضان المبارک ۱۳۰۴ھ کو۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ قصبہ جلال ضلع گوجرانوالہ میں (بروز جمعہ)۔

س۔ آپ نے قرآن کی تعلیم کس سے حاصل کی؟

ج۔ والدین سے۔

س۔ آپ کے والد کے ذریعہ معاش کیا تھا؟

ج۔ تجارت۔

س۔ آپ کو پہلے کس عالم کے سپرد کیا گیا؟

ج۔ مولانا عبدالحقؒ۔

س۔ ان کے بعد کس کے حوالے کر دیا گیا؟

ج۔ مولانا عبیداللہ سندھی کے۔

س۔ جب آپ کو عبیداللہ سندھی کے حوالے کیا گیا تو آپ کے والد نے کیا فرمایا؟

ج۔ ”یہ بچہ میں نے دین کے لیے وقف کیا ہے اسے قبول کیجئے“

س۔ آپ کو قرآن مجید، حدیث کی تعلیم کس نے دی؟

ج۔ مولانا عبیداللہ سندھی نے۔

س۔ مولانا عبیداللہ سندھی نے آپ کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج۔ ”سعادت مند مولوی احمد علی لاہوری کو میں نے اس نذر کی وجہ سے اپنی تربیت میں

پہلے لیا ہے جو آپ کے والدین نے دین کی خدمت کے لیے کافی تھی"

س۔ آپ کے والد نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۳۱۴ھ کو۔

س۔ آپ نے کس مدرسہ میں تدریس کا کام شروع کیا؟

ج۔ مدرسہ دارالارشاد گوٹھ پیر جھنڈا۔

س۔ آپ کی پہلی بیوی کس کی بیٹی تھی؟

ج۔ مولانا عبید اللہ سندھی کی۔

س۔ آپ کی بیوی کا کیا نام تھا؟

ج۔ مریم بیگم۔

س۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے پہلی اولاد کیا دی؟

ج۔ ایک بیٹا۔

س۔ بیٹے کا کیا نام رکھا گیا؟

ج۔ حسن۔

س۔ آپ کے بیٹے کا انتقال کب ہو گیا؟

ج۔ سات دن کے بعد۔

س۔ آپ کی پہلی بیوی کا کب انتقال ہوا؟

ج۔ بیٹے کے دوسرے ہی دن۔

س۔ آپ لاہور کب تشریف لائے؟

ج۔ ۱۹۱۷ء کو۔

س۔ آپ نے حج کب کیا؟

ج۔ ۱۹۱۷ء کو۔

س۔ آپ نے انجمن خدام الدین کب بنائی؟

ج۔ ۱۹۲۲ء کو۔

س۔ اس انجمن کے صدر کون مقرر ہوئے؟

ج۔ حضرت مولانا احمد علی لاہوری صاحب۔

س۔ آپ نے قرآن کا ترجمہ لکھنا کب شروع کیا؟

ج۔ ۱۹۳۵ء کو۔

س۔ اس کے بعد آپ کہاں چلے گئے؟

ج۔ واہ میں۔

س۔ قرآن پاک کا ترجمہ کب مکمل کیا؟

ج۔ ۱۹۳۷ء کو۔

س۔ آپ نے مدرسہ کب قائم کیا؟

ج۔ ۱۹۴۴ء کو۔

س۔ مدرسہ کا نام کیا رکھا گیا؟

ج۔ قاسم العلوم۔

س۔ انجمن نے مدرسہ البنات قائم کیا وہ کہاں واقع ہے؟

ج۔ شیرانوالہ دروازہ میں۔

س۔ آپ نے رسالہ خدام الدین کب جاری کیا؟

ج۔ ۱۹۵۵ء کو۔

✿✿✿

# حضرت حافظ محمد لکھویؒ

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ حافظ بارک اللہؒ۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۲۲۱ھ۔

س۔ آپ نے کن علوم میں تعلیم حاصل کی؟

ج۔ فقہ' اصول فقہ' قرات تجوید' منطق' صرف ونحو' فارسی میں۔

س۔ آپ نے کس عالم سے علوم پڑھے؟

ج۔ اپنے والد محترم حافظ بارک اللہ سے۔

س۔ آپ نے کس کی بیعت کی؟

ج۔ اپنے والد محترم (بارک اللہ)۔

س۔ تعلیم سے فراغت کے بعد کہاں چلے گئے؟

ج۔ سہارن پور اور دہلی۔

س۔ وہاں حدیث کا علم کس سے حاصل کیا؟

ج۔ مولانا احمد علی سہارن پوری اور حضرت شاہ عبدالغنی مہاجر سے۔

س۔ آپ کی اولاد کتنی ہوئی؟

ج۔ آپ کے ہاں کئی بچے ہوئے مگر کوئی زندہ نہ رہا۔

س۔ آپ نے اللہ تعالیٰ سے کیا دعا کی؟

ج۔ ''اگر ان کو اللہ تعالیٰ بیٹے کی نعمت سے نوازے تو وہ اسے اللہ کی عبادت اور دین کی خدمت کے لیے وقف کر دیں گے''

س۔ اس دعا کا کیا اثر ہوا؟

ج۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں ایک چاند سا بیٹا دیا۔

س۔ اس بیٹے کا کیا نام رکھا؟

ج۔ عبدالحی۔

س۔ آپ نے اپنے بیٹے کو تعلیم کے لیے کس کے پاس بھیجا؟

ج۔ عبداللہ غزنوی کے ہاں۔

س۔ آپ نے کس نام سے مدرسہ جاری کیا؟

ج۔ مدرسہ محمدیہ۔

س۔ یہ مدرسہ کہاں واقع ہے؟

ج۔ اوکاڑہ میں۔

س۔ آپ نے تفسیر کا کیا نام رکھا؟

ج۔ تفسیر محمدی۔

س۔ اس کی کتنی جلدیں ہیں؟

ج۔ سات جلدیں۔

س۔ آپ کی دوسری کون سی مشہور تصنیف ہے؟

ج۔ احوال الآخرت۔

س۔ یہ کس زبان میں لکھی گئی ہے؟

ج۔ پنجابی میں (نظم کی صورت میں)۔

س۔ آخری عمر میں آپ کس عارضہ میں مبتلا ہوئے؟

ج۔ پتھری کے مرض میں۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۳۱۱ھ کو۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۹۰ برس۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ گاؤں لکھو میں ہی۔

# خان لیاقت علی خاں شہید ملتؒ

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۸۹۵ء کو۔
س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ کرنال میں۔
س۔ آپ کے والد محترم کا کیا اسم گرامی تھا؟
ج۔ نواب رستم علی خاں۔
س۔ آپ کے آباؤ اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟
ج۔ ایران کے۔
س۔ آپ کے آباؤ اجداد نے کب ہجرت کی؟
ج۔ تقریباً پانچ سو سال قبل ایران سے ہندوستان ہجرت کر کے آئے۔
س۔ آپ نے اپنا بچپن کہاں گزارہ؟
ج۔ یو۔ پی۔ کے علاقہ میں۔
س۔ آپ نے ابتدائی تعلیم کہاں حاصل کی؟
ج۔ کرنال میں۔
س۔ آپ نے بی اے کا امتحان کب پاس کیا؟
ج۔ ۱۹۱۸ء۔
س۔ ایم اے کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟
ج۔ علی گڑھ سے۔
س۔ آپ نے قانون کی ڈگری کب حاصل کی؟
ج۔ انگلستان سے ۱۹۲۱ء میں۔
س۔ آپ انگلستان میں کب تک رہے؟
ج۔ ۱۹۲۳ء تک۔

س۔ آپ نے یو۔ پی۔ کے انتخابات میں کب حصہ لیا؟

ج۔ ۱۹۲۶ء۔

س۔ آپ کتنے عرصہ تک اسمبلی کے رکن رہے؟

ج۔ چودہ سال تک۔

س۔ آپ اسمبلی کے نائب صدر کتنے سال رہے؟

ج۔ چھ سال تک۔

س۔ آپ یو پی میں کس پارٹی کے رکن تھے؟

ج۔ ڈیموکریٹک پارٹی Democratic

س۔ مرکزی اسمبلی میں کون رہنما تھے؟

ج۔ قائداعظم محمد علی جناح۔

س۔ آپ کل ہند مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری کب منتخب ہوئے؟

ج۔ ۱۹۳۷ء۔

س۔ آپ مرکزی اسمبلی کے رکن کب بنے؟

ج۔ ۱۹۴۰ء۔

س۔ آپ عارضی حکومت میں کب شریک ہوئے؟

ج۔ ۱۹۴۶ء میں مسلم لیگ ہندوستانی عارضی حکومت میں۔

س۔ آپ پاکستان کے وزیراعظم کب مقرر ہوئے؟

ج۔ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو۔

س۔ قائداعظم کے بعد مسلم لیگ کا کون صدر منتخب ہوا؟

ج۔ خان لیاقت علی خان۔

س۔ آپ کو کب گولی مار کر شہید کیا گیا؟

ج۔ ۱۶ اکتوبر ۱۹۵۱ء کو۔

س۔ کس شخص نے گولی ماری؟

ج۔ اکبر نامی نے۔

س۔ آپ اس وقت کیا کر رہے تھے؟
ج۔ جلسے کو خطاب کر رہے تھے۔
س۔ یہ جلسہ کہاں ہو رہا تھا؟
ج۔ راولپنڈی میں۔
س۔ زندگی میں آپ کا کیا لقب تھا؟
ج۔ قائد ملت۔
س۔ شہادت کے بعد کیا کہلائے؟
ج۔ شہید ملت۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ کراچی میں۔
س۔ کس کے پہلو میں دفن کیا گیا؟
ج۔ قائداعظم محمد علی جناح کے مقبرے کے پہلو میں۔
س۔ آپ کے جنازے میں کتنے لوگوں نے شرکت کی؟
ج۔ تقریباً لاکھوں افراد نے۔

# مولانا فضل حق خیر آبادیؒ

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ فضل حق۔
س۔ آپ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟
ج۔ مولانا فضل امام۔
س۔ آپ کے والد کس عہدے پر فائز تھے؟
ج۔ دہلی میں صدر الصدور کے عہدے پر۔
س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۷۹۶ء کو۔
س۔ آپ نے کب تعلیم کو مکمل کر لیا تھا؟
ج۔ تیرہ چودہ سال کی عمر میں۔
س۔ آپ نے کن علوم میں دسترس حاصل کی؟
ج۔ علوم عقلیہ اور علوم نقلیہ میں۔
س۔ آپ نے پورا قرآن کتنی مدت میں حفظ کر لیا؟
ج۔ چار ماہ میں۔
س۔ آپ نے علمی فیض کن علما سے حاصل کیا؟
ج۔ شاہ عبدالقادرؒ دہلوی اور شاہ عبدالعزیز دہلویؒ سے۔
س۔ یہ دونوں کس اہم شخصیت کے فرزند تھے؟
ج۔ حضرت امام شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے۔
س۔ آپ کس قسم کے گھرانے سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ متمول اور علمی گھرانے سے۔
س۔ آپ نے انگریزی حکومت کی مخالفت کیوں کی؟
ج۔ انگریز مسلمانوں میں عیسائیت کی تبلیغ کرتے اسلام ترک کر کے ان کو عیسائیت قبول کرنے کی تلقین کرتے۔ مسلمانوں کو ختنہ کرنے سے روکتے تھے۔ پردہ دار خواتین کو پردہ ترک کراتے۔ اسلامی رسومات واحکام پر عمل کرنے کی راہ میں رکاوٹیں ڈالتے۔

س۔ انگریزی فوج نے دہلی شہر کو کب فتح کیا؟
ج۔ ۱۹ ستمبر ۱۸۵۷ء کو خونریزی کا بازار گرم کر دیا۔
س۔ اس وقت کے حالات کے بارے میں انھوں نے کیا کہا ہے؟
ج۔ انھوں نے کہا ہے کہ:۔
''دہلی فتح ہونے کے پانچ دن مکان میں بند رہے۔ انہیں کھانے پینے کی کوئی چیز نہ ملی۔ پانچ روز کے بعد رات کی تاریکی میں چھپ چھپا کر نکلے۔
س۔ آپ دہلی سے نکل کر کہاں پہنچے؟
ج۔ علی گڑھ کے مقام بھیکن پور میں۔
س۔ وہاں ان کے کون آباد تھے؟
ج۔ اہل وعیال آباد تھے۔
س۔ آپ کے ہمراہ کون تھے؟
ج۔ آپ کے صاحبزادے عبدالحق۔
س۔ بھیکن پور سے کہاں روانہ ہوئے؟
ج۔ خیرآباد چلے گئے۔
س۔ آپ کے خلاف بغاوت کا مقدمہ کب چلایا گیا؟
ج۔ انگریز نے ۱۹۵۵ء میں۔
س۔ آپ نے عدالت میں کیا بیان دیا؟
ج۔ ''اس وقت جب کہ میں عدالت میں کھڑا ہوں۔ وہی رائے ہے جو فتوے میں ظاہر کی گئی ہے۔ میں انگریزی حکومت کا باغی ہوں اور ہمیشہ باغی۔ رہوں گا''
س۔ آپ کو اس بیان پر کیا سزا دی گئی؟
ج۔ جلاوطنی اور عمر قید۔
س۔ اس کے علاوہ کیا نقصانات دیئے گئے؟
ج۔ کتابیں ضبط کر لی گئیں۔
جائیداد پر قبضہ کر لیا گیا۔
مال ومتاع سے محروم کر دیا گیا۔
اہل وعیال کو رہائشی مکان سے محروم کر دیا گیا۔

س۔ آپ کے مرزا غالب سے کیسے تعلقات تھے؟
ج۔ بہت اچھے اور وسیع تعلقات تھے۔
س۔ آپ کے فیصلے کے خلاف کس نے اپیل دائر کی؟
ج۔ مرزا غالب نے۔
س۔ اس کا کیا نتیجہ برآمد ہوا؟
ج۔ اپیل نامنظور ہوئی۔
س۔ اپیل کے نامنظور ہونے پر کیا کیا گیا؟
ج۔ مولانا فضل حق خیرآبادی کو کالے پانی میں جلد بھیج دیا جائے۔ اور سخت سزا دی جائیں۔
س۔ آپ کا کب وصال ہوا؟
ج۔ ۱۹ اگست ۱۸۶۱ء بمطابق ۱۲ صفر ۱۲۷۸ھ کو۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۶۶ برس۔
س۔ آپ نے ملازمت کے علاوہ کون سا کام کیا؟
ج۔ امیر اور منتہی طلبہ کو درس دیتے تھے۔
س۔ آپ کے جذبات انگریزوں کے خلاف کب بھڑکے؟
ج۔ جب آپ کو انگریزوں کے مظالم کا علم ہوا۔
س۔ اس وقت آپ کے دل میں کیسے جذبات ابھرے؟
ج۔ انگریزی سامراج کے خلاف سخت نفرت پیدا ہوگئی؟
س۔ اس کا کیا نتیجہ ہوا؟
ج۔ آپ نے سکون کی زندگی کو خیرباد کہہ کر جفاکشی کو اپنا لیا۔
س۔ کیا آپ کو سیاست سے دلچسپی تھی؟
ج۔ بالکل نہیں۔

✿✿✿

## شیخ محمد عبداللہ شیر کشمیر

س۔ آپ کے والدین کہاں کے رہنے والے تھے؟
ج۔ راجوڑہ کشمیر۔
س۔ بعد میں وہ کہاں آباد ہو گئے؟
ج۔ سورہ نامی بستی میں واقع سری نگر۔
س۔ آپ کس نسل سے تعلق رکھتے تھے؟
ج۔ برہمن نسل۔
س۔ آپ کے دادا کا کیا نام تھا؟
ج۔ امیر عبدالرشید۔
س۔ انھوں نے اسلام کب قبول کیا تھا؟
ج۔ ۱۷۷۲ء میں۔
س۔ انھوں نے کس کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا؟
ج۔ باہتھی کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔
س۔ وہ کون تھے؟ (باہتھی)
ج۔ وہ ایک دینی بزرگ اور مذہبی پیشوا تھے۔
س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ محمد ابراہیم۔
س۔ وہ کیا کام کرتے تھے؟
ج۔ وادی کشمیر میں پشمینہ کا کاروبار کرتے تھے۔
س۔ آپ کے کتنے بھائی تھے؟
ج۔ پانچ بھائی۔
س۔ آپ کا ان میں کون سا درجہ تھا؟
ج۔ سب سے چھوٹے تھے۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۹۰۵ء میں۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ سورہ بستی میں۔

س۔ آپ کا باپ آپ کی پیدائش پر زندہ تھا؟

ج۔ نہیں، پہلے فوت ہو چکا تھا۔

س۔ آپ نے کہاں تک تعلیم حاصل کی؟

ج۔ ایم ایس سی تک۔

س۔ آپ کی تربیت کس نے کی؟

ج۔ والدہ نے۔

س۔ آپ کے بڑے بھائی کا کیا نام تھا؟

ج۔ شیخ محمد مقبول۔

س۔ وہ کہاں ملازم تھے؟

ج۔ دوسری امر سنگھ ٹینڈیکال مشن ڈومباڑی گمر میں ڈرائنگ ٹیچر تھے۔

س۔ آپ نے میٹرک کا امتحان کب پاس کیا؟

ج۔ ۱۹۲۲ء کو۔

س۔ آپ کی پہلی گرفتاری کس عمل میں ہوئی؟

ج۔ ایک مظلوم کشمیری مسلمان پر ظلم کرنے کی سرکوبی کی وجہ سے۔

س۔ تعلیم سے فراغت پر آپ نے کیا کام کیا؟

ج۔ آپ گورنمنٹ ہائی سکول سری نگر میں ٹیچر بنائے گئے۔

س۔ آپ کی تنخواہ کتنی مقرر ہوئی؟

ج۔ تنخواہ ۶۰ روپے صرف ماہوار اور ۲۲ روپے الاؤنس تھا۔

س۔ آپ نے ملازمت کے ساتھ کیا کام شروع کیا؟

ج۔ سیاست میں حصہ لینا شروع کر دیا۔

س۔ اس کا کیا ردعمل ہوا؟

ج۔ آپ کا تبادلہ مظفر آباد کر دیا گیا۔

س۔ حکومت نے کس ردِ عمل کا اظہار کیا؟

ج۔ ملازمت سے برطرف کر دیا گیا۔

س۔ لوگوں نے کیا ردِ عمل ظاہر کیا؟

ج۔ لوگ آپ کے گرد جمع ہو گئے۔

س۔ مذہبی پیشوا نے کیا حمایت کی؟

ج۔ کشمیر کے سب سے بڑے مذہبی پیشوا میر واعظ نے آپ کی حمایت کا اعلان کر دیا۔

س۔ کیا آپ قرآن پاک کے حافظ تھے؟

ج۔ ہاں۔ قرآن پاک کے حافظ تھے۔

س۔ آپ نے کون سے فلاحی کام کیے؟

ج۔ آپ نے چندے سکول کھلوائے۔
درگاہ حضرت بلؒ کی از سرِ نو تعمیر کروائی۔
کشمیر یونیورسٹی کی علم دوستی کا ثبوت دیا۔

س۔ آپ نے آزادی کی خاطر کیا تکالیف اٹھائیں؟

ج۔ i۔ گرفتار ہوئے۔
ii۔ کئی بار زبان بندی کا حکم ہوا۔
iii۔ کئی بار نظر بند کیے گئے۔
iv۔ قید میں رہے۔

س۔ آپ نے ۱۹۴۹ء میں کیا کیا؟

ج۔ عجائب گھر جموں میں ۱۹۴۹ء میں ریاست جموں کشمیر کے چیف ایڈیٹر کی حیثیت سے سنگ دل ہندوؤں کو ڈانٹا اور شیخ عبداللہ نے کہا کہ:۔

''اے جموں کے ہندوؤ! تم نے مسلمانوں کو دھوکے فریب سے موت کے گھاٹ اتارا ہے۔ تم نے ان کی عورتوں کی بے حرمتی کی ہے۔ اس پر قدرت تم کو کبھی معاف نہیں کرے گی۔ یاد رکھو درون کشمیر یہی حالات غیر مسلموں سے بھی پیش آ سکتے ہیں۔

س۔ آپ نے پونچھ میں کیا بیان دیا؟

ج۔ ''پونچھ میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ سب مہاراجہ کشمیر کے ظلم و تعدی کا ردعمل ہے۔ آج عوام نے مہاراجہ کے خلاف جو قدم اٹھایا ہے۔ وہ وہاں کے عوام کا پیدائشی حق ہے۔ اور کوئی بھی اس حق کو سلب نہیں کر سکتا۔ مہاراجہ کی فوجیں اس جذبہ حریت کو پامال نہیں کریں۔''
(دہلی اکتوبر ۱۹۴۷ء)

س۔ آپ کس قسم کے لیڈر تھے؟

ج۔ آپ بڑے بے باک اور نڈر لیڈر تھے۔

س۔ آپ کیسی تقاریر کیا کرتے تھے؟

ج۔ بڑی روانی اور جوش سے تقریر کرتے تھے۔ برمحل اور باموقع محاورات اور فقرات کا استعمال جانتے تھے۔

❁❁❁

باب ۱۴

# تاریخی معلومات (پاکستان کی سرزمین)

## (۱ءسنہ ۲۰۰۰ءتک)

### i۔ قبل مسیح سے ۸۷ءتک

س۔ دوسری صدی قبل مسیح میں کوشانی خاندان کے افراد کہاں سے پاکستان میں آئے؟

ج۔ چین سے۔

س۔ کوشانی کے سربراہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ کرنسیز۔

س۔ اس نے کس حکمت عملی کے ذریعے قبضہ حاصل کیا؟

ج۔ کرنسیز نے باختر میں یورہ چی کے پانچ قبیلوں کو متحد کر کے پہلی صدی قبل مسیح میں وادی کابل کے آس پاس کے علاقوں میں قبضہ کرلیا۔

س۔ اس کے بیٹے نے کن علاقوں کو فتح کیا؟

ج۔ شمالی مغربی ہندوستان کو فتح کرلیا۔

س۔ سندھ پر کلہوڑہ خاندان نے کتنے برس حکومت کی؟

ج۔ ۸۰ برس۔

س۔ کوشانیوں نے کس تہذیب کو فروغ دیا؟

ج۔ گندھارا تہذیب کو فروغ دیا۔

س۔ کوشانیوں کے اس دور کو کس کا نام دیا جاتا ہے؟

ج۔ سنہری دور کا نام۔

س۔ شجرکاری کا تصور کس تہذیب سے ملا؟

ج۔ گندھارا تہذیب سے۔

س۔ یہ کوشانیوں کا کون سا خاندان تھا؟

ج۔ پہلا خاندان۔

## ii۔ ۷۸ء تا ۱۷۶ء تک

س۔ دوسرے کوشانی حکمران کے سلسلے کا بانی کون تھا؟
ج۔ کنشک۔
س۔ وہ کب تخت نشین ہوا؟
ج۔ ۷۸ عیسوی کے قریب۔
س۔ اس کی حکومت کہاں تک وسیع تھی؟
ج۔ کابل سے بنارس تک۔
جنوبی سمت میں وندھیاچل تک۔
س۔ اس کا دارالحکومت کہاں واقع تھا؟
ج۔ پشاور میں۔
س۔ کنشک کے بعد کتنے بادشاہوں نے حکومت کی؟
ج۔ پانچ حکمران گزرے۔
س۔ اس خاندان نے کب تک یہاں حکومت کی؟
ج۔ ۱۷۶ عیسوی تک۔
س۔ کیا یہ بڑے حکمران تھے؟
ج۔ نہیں' چھوٹے چھوٹے حکمران تھے۔

## iii۔ ۳۲۰ عیسوی تا ۶۴۸ عیسوی تک

س۔ کنشک خاندان کے بعد کس خاندان کی حکومت آئی؟
ج۔ گپت خاندان کی۔
س۔ ان کا اقتدار کب تک قائم رہا؟
ج۔ ۳۲۰ عیسوی تا ۶۴۸ عیسوی تک (۳۲۸)
س۔ اس خاندان کا بانی کون تھا؟
ج۔ چندر گپت۔
س۔ اس خاندان کی حکومت کہاں تک پھیلی ہوئی تھی؟
ج۔ شمالی ہندوستان، پنجاب اور افغانستان کے علاقوں پر۔
س۔ مسلمان اس خطے میں کب داخل ہوئے؟
ج۔ آٹھویں صدی عیسوی میں۔
س۔ ان سے قبل ہندوستان میں کون سے مذاہب رائج تھے؟
ج۔ بدھ مت ہندوازم
س۔ جب مسلمان ہندوستان میں آئے تو بدھ مت ماننے والوں کی تعداد کتنی تھی؟
ج۔ بڑی تعداد تھی۔
س۔ جب مسلمان آئے تو لوگوں نے اس کو کیسا پایا؟
ج۔ بدھ مت کے مقابلے میں زیادہ روشن خیال اور ترقی یافتہ مذہب پایا۔
س۔ لوگوں کا کیا ردعمل ہوا؟
ج۔ وہ جوق در جوق اسلام میں داخل ہوئے۔
س۔ مسلمانوں کی آمد سے قبل برصغیر کی کیا حالت تھی؟
ج۔ پورے برصغیر کی طرح سندھ، پنجاب اور بلوچستان میں چھوٹی چھوٹی خود مختار ریاستیں تھیں۔
س۔ ان ریاستوں پر کون حکمران تھے؟

ج۔ ہندو راجے اور مہاراجوں کی حکومت تھی۔

س۔ برصغیر میں کس جگہ پر مرکزی حکومت کا تصور تھا؟

ج۔ کسی بھی جگہ پر مرکزی حکومت کا تصور نہ تھا۔

س۔ اس خاندان نے کتنے عرصہ حکومت کی؟

ج۔ ۳۲۸ سال تک۔

## iv۔ ۷۱۲ء (عربوں کی سندھ میں آمد)

س۔ محمد بن قاسم نے سرزمین ہند میں کب قدم رکھا؟

ج۔ ۷۱۲ عیسوی میں۔

س۔ محمد بن قاسم نے کس کو شکست دی؟

ج۔ راجہ داہر کو۔

س۔ راجہ داہر کو شکست دے کر کون سا علاقہ فتح کیا؟

ج۔ سندھ کا علاقہ۔

س۔ سندھ میں مسلم حکومت کب شائع ہوئی؟

ج۔ ۷۱۲ عیسوی کو۔

س۔ کس عرب مسلمان نے حکومت قائم کی؟

ج۔ محمد بن قاسم نے۔

س۔ سندھ میں حکومت قائم رکھنے کے بعد کدھر کا رخ کیا؟

ج۔ ملتان شہر کا۔

س۔ اسلام سے قبل کون سے مذاہب رائج تھے؟

ج۔ بدھ مت اور ہندوازم۔

س۔ مقامی آبادی نے اسلام کو کیسے پایا؟

ج۔ عدل وانصاف، رواداری اور مساوات کا علمبردار۔

س۔ عربوں نے اپنی سرگرمیوں کو کہاں تک وسیع کیا؟

ج۔ عربوں نے پنجاب، بلوچستان، شمال مغربی سرحدی صوبہ اور قبائلی علاقہ جات تک پھیلایا۔

س۔ ۷۱۲ عیسوی سے ۷۵۰ تک ان علاقوں پر کس کی حکمرانی تھی؟

ج۔ اس دوران سندھ، ملتان اور منصورہ پر اموی خلفاء کے نامزد گورنر کی حکمرانی رہی۔

س۔ ۷۵۰ تا ۸۵۵ تک کس خاندان کے لوگوں نے حکومت کی؟

ج۔ عربی۔فارسی۔انگریزی۔اردووغیرہ۔

س۔ قطر نے آزادی کب حاصل کی؟

ج۔ یکم ستمبر ۱۹۷۱ء۔

س۔ قطر کی اہم معدنی پیداوار کیا ہے؟

ج۔ پیٹرولیم کی مصنوعات۔

س۔ قطر کی طبعی حالت پر روشنی ڈالیے؟

ج۔ قطر ریگستانی ملک اور تیل پیدا کرنے والا اہم ملک ہے۔

س۔ قطر خلیج فارس کے مغربی ساحل پر واقع ہے؟

اس کے مغرب میں سعودی عرب۔

مشرق عرب امارات۔

جنوب متحدہ عرب امارات۔

س۔ قطر کی زرعی پیداوار کیا ہے؟

ج۔ گندم۔مکئی۔جو وغیرہ۔

س۔ قطر کس براعظم کا حصہ ہے؟

ج۔ براعظم ایشیاء۔

## سعودی عرب

س۔ سعودی عرب کا دارالحکومت کہاں ہے؟

ج۔ ریاض میں۔

س۔ سعودی عرب کا کل رقبہ کتنے میلوں پر پھیلا ہوا ہے؟

ج۔ ۸۷۳،۰۰۰ مربع میل۔

س۔ سعودی عرب کی آبادی کتنے نفوس پر مشتمل ہے؟

ج۔ ۱۶.۹۰ ملین۔

س۔ سعودی عرب کی آبادی میں کون سے قبائل شامل ہیں؟

ج۔ عرب (جو کہ مختلف ریاستوں سے ہجرت کر کے آئے ہیں)

س۔ سعودی عرب کی کرنسی کا کیا نام ہے؟

ج۔ ریال۔

س۔ سعودی عرب کی سرکاری زبان کیا ہے؟

ج۔ عربی۔

س۔ سعودی عرب کا سرکاری مذہب کیا ہے؟

ج۔ اسلام۔

س۔ سعودی عرب میں کن مذاہب کے لوگ شامل ہیں؟

ج۔ مسلمان ۹۹ فیصد

دیگر ۱ فیصد

س۔ عرب کی معدنیات بتائی؟

ج۔ سونا۔ چاندی۔ تیل۔ لوہا۔ گیس۔ وغیرہ۔

س۔ سعودی عرب کی زرعی پیداوار کون سی اہم ہے؟

ج۔ کھجور۔

س۔ سعودی عرب کے مشہور شہروں کا نام بتائیں؟

ج۔ مکہ معظمہ۔مدینہ منورہ۔طائف۔ریاض اور جدہ۔

س۔ مسلمانوں کا کعبہ کس ملک میں واقع ہے؟

ج۔ سعودی عرب میں۔

س۔ مسلمانوں کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جائے پیدائش کون سی جگہ ہے؟

ج۔ مکہ معظمہ۔

س۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہاں ہجرت فرمائی؟

ج۔ مدینہ منورہ میں۔

س۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زندگی کے آخری ایام کہاں گزارے؟

ج۔ مدینہ منورہ میں۔

س۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ مدینہ منورہ میں وہیں دفن ہوئے۔

# سینگال

س۔ سینگال کے دارالحکومت کا نام بتائیے؟

ج۔ ڈاکر۔

س۔ سینگال کی آبادی کتنی ہے؟

ج۔ ۸.۲۰ ملین۔

س۔ سینگال کا کل رقبہ کتنے مربع میل ہے؟

ج۔ ۷۵,۷۵۰ مربع میل۔

س۔ سینگال کا سرکاری مذہب کون سا ہے؟

ج۔ اسلام۔

س۔ سینگال میں کون سے بڑے مذاہب ہیں؟

ج۔ اسلام۔عیسائیت۔

س۔ سینگال میں بڑے مذاہب کے لوگوں کی کیا نسبت ہے؟

ج۔ مسلمان ۹۲ فیصد

عیسائی ۲ فیصد

دیگر ۶ فیصد

س۔ سینگال کی آبادی میں کون سے قبائل شامل ہیں؟

ج۔

| | |
|---|---|
| ولوف (Wolof) | ۴۲.۰۰ فیصد |
| فولانی | ۱۷ فیصد |
| سیر (Sere) | ۱۷ فیصد |
| ٹوکوایر (Toucovieur) | ۹ فیصد |
| ڈائیلا (Diala) | ۹ فیصد |

منڈیگو (Mandigo) ۱

س۔ سینگال کی کرنسی کا نام کیا ہے؟

ج۔ فرانک (CFA)

س۔ سینگال کا سرکاری مذہب کا نام بتایئے؟

ج۔ اسلام۔

س۔ سینگال کے عوام کی مذہبی لحاظ سے تقسیم بتایئے؟

ج۔ مسلمان ۹۲ فیصد

عیسائی ۰۲ فیصد

دیگر ۶ فیصد

س۔ سینگال کی سرکاری زبان کون سی ہے؟

ج۔ فرانسیسی۔

س۔ سینگال میں کون کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج۔ فرانسیسی، مقامی زبانیں، افریقی۔

س۔ سینگال پہلے کس کی کالونی میں شامل تھا؟

ج۔ فرانس۔

س۔ کب آزادی حاصل ہوئی؟

ج۔ ۲۰ جون ۱۹۶۰ء۔

س۔ مالی فیڈریشن سے کب نکلا؟ ۱

ج۔ ۲۰ اگست ۱۹۶۰ء۔

س۔ سینگال کے قدرتی وسائل کون سے ہیں؟

ج۔ امونیا اور سلفیٹ۔

س۔ سینگال کے مشہور شہروں کے نام بتایئے؟

ج۔ ڈاکٹر کاؤ مک۔ تھیس۔

س۔ سینگال کی مشہور صنعت کون سی ہیں؟

ج۔ سیمنٹ کے کارخانے' مونگ پھلی کا تیل وغیرہ۔

س۔ سینگال کس قسم کی پیداوار کے لیے مشہور ہے؟

ج۔ مونگ پھلی۔

س۔ سینگال کس براعظم کا حصہ ہے؟

ج۔ براعظم افریقہ۔

## صومالیہ

س۔ صومالیہ کا دارالحکومت کون سا ہے؟
ج۔ موغا ڈیشو۔
س۔ صومالیہ کا رقبہ کتنے مربع میل ہے؟
ج۔ ۲۴۶,۳۰۰ مربع میل یا کلومیٹر۔
س۔ صومالیہ کی آبادی کتنے افراد پر مشتمل ہے؟
ج۔ ۷.۲۳ ملین۔
س۔ آبادی میں کون سے قبائل شامل ہیں؟
ج۔ صومالی ۹۸.۸ فیصد۔
بان ٹس۔عرب اور ایشیائی افراد: ۱.۲ فیصد
س۔ صومالیہ کا سرکاری مذہب کون سا ہے؟
ج۔ اسلام۔
س۔ مذہبی لحاظ سے لوگوں کی تقسیم کیا ہے؟
ج۔ مسلمان ۹۹ فیصد
دیگر ۱ فیصد
س۔ صومالیہ کی سرکاری زبان کون سی ہے؟
ج۔ صومالی۔
س۔ سرکاری زبان کے علاوہ کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
ج۔ اٹلی۔عربی۔انگریزی وغیرہ۔
س۔ صومالیہ کی طبعی حالت بتایئے؟
ج۔ صومالیہ کا ساحل ۱۷۰۰ میل لمبا ہے۔
شمالی علاقہ جات پہاڑی ہیں۔
جبکہ درمیانی قطعہ اور جنوبی حصہ ہموار ہیں۔

س۔ صومالیہ کس کی کالونی میں شامل تھا؟
ج۔ برطانیہ۔
س۔ برطانیہ سے کب آزادی حاصل کی؟
ج۔ ۲۶ جون ۱۹۶۰ء۔
س۔ صومالیہ کی کرنسی کا نام بتائیں؟
ج۔ شلنگ۔
س۔ صومالیہ کے مشہور شہر کون سے ہیں؟
ج۔ موغادیشو، برگیسا۔
س۔ صومالیہ کے قدرتی وسائل کون سے ہیں؟
ج۔ لوہا۔
س۔ صومالیہ کی مشہور صنعت کون سی ہیں؟
ج۔ چینی کے کارخانے۔
س۔ صومالیہ کی مشہور پیداوار کون سی ہے؟
ج۔ پھل، مکئی اور گنا۔ گندم وغیرہ۔
س۔ صومالیہ کس براعظم میں شامل ہے؟
ج۔ براعظم افریقہ میں۔

## سوڈان

س۔ سوڈان کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟
ج۔ خرطوم۔
س۔ سوڈان کا رقبہ کتنا ہے؟
ج۔ ۹۶۶,۷۵۷ مربع میل۔
س۔ سوڈان کی آبادی کتنی ہے؟
ج۔ ۲۸.۳۰ ملین۔
س۔ سوڈان کی آبادی کن قبائل پر مشتمل ہے؟
ج۔ i۔ عرب Arab
ii۔ نیوبینز (Nubains)
iii۔ نیلوٹک (Nilotic)
iv۔ سوڈان (Sudanic)
v۔ نیگرو قبیلہ (Negro)
س۔ سوڈان کی کرنسی کا نام بتائیں؟
ج۔ دینار۔
س۔ سوڈان کی سرکاری زبان کیا ہے؟
ج۔ عربی۔
س۔ سوڈان میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
ج۔ i۔ عربی Arabic
ii۔ ڈنکا Dinka
iii۔ نیوبین Nubain
iv۔ نور Nuer
v۔ بیجا Beja

vi۔ دیگر

س۔ سوڈان میں سرکاری مذہب کون سا ہے؟
ج۔ اسلام۔
س۔ سوڈان میں مذہبی لحاظ سے تقسیم بتایئے؟
ج۔ مسلمان ۷۰ فیصد
عیسائی ۵ فیصد
مقامی ۱۸ فیصد
س۔ سوڈان کے مشہور شہروں کے نام بتائیں؟
ج۔ خرطوم۔ ام درمان۔ پورٹ سوڈان۔ العبید۔
س۔ سوڈان کے قدرتی وسائل کیا ہیں؟
ج۔ جنگلات۔ نمک۔
س۔ سوڈان میں کن چیزوں کی پیداوار ہوتی ہے؟
ج۔ چاول۔ کافی۔ کھجور۔ کپاس۔ تل۔ گوند۔ کھالیں۔ وغیرہ۔
س۔ سوڈان کس براعظم کا حصہ ہے؟
ج۔ افریقہ۔

❁❁❁

## سائبیریا (ایشیاء)

س۔ سائبیریا کے صدر مقام کا نام بتایئے؟
ج۔ Damascus ڈاماس کس۔
س۔ سائبیریا کا کل رقبہ کتنے مربع میل ہے؟
ج۔ ۷۱.۴۹۸ مربع میل۔
س۔ سائبیریا کی آبادی کتنی ہے؟
ج۔ ۱۳.۷۳ملین۔
س۔ سائبیریا کی آبادی کن قبائل پر مشتمل ہے؟
ج۔ عرب ۹۰ فیصد
کرد۔آرمینائی۔ترکی۔سائرن (Assyrians)
سرکاسین (Circassians)=۱۰.۰ فیصد
س۔ سائبیریا کی کرنسی کا نام بتائیں؟
ج۔ پونڈ۔
س۔ سائبیریا کی سرکاری زبان کون سی ہے؟
ج۔ عربی۔
س۔ سائبیریا میں کون سی زبانیں استعمال ہوتی ہیں؟
ج۔ عربی۔انگریزی۔فرانسیسی۔کردی۔آرمینائی وغیرہ۔
س۔ سائبیریا کا سرکاری مذہب کون سا ہے؟
ج۔ اسلام۔(مسلمان ۹۰ فیصد + عیسائی ۱۰ فیصد)
س۔ سائبیریا ی نے آزادی کب حاصل کی؟
ج۔ یکم جنوری ۱۹۴۴ء کو۔

# تاجکستان

س۔ تاجکستان کا دارالحکومت کہاں واقع ہے؟

ج۔ دوشانبے۔

س۔ تاجکستان کی آبادی کتنی ہے؟

ج۔ ۶.۸ ملین۔

س۔ تاجکستان کی آبادی کن لوگوں پر مشتمل ہے؟

ج۔ i۔ تاجک ۶۲ فیصد

ii۔ ازبک ۲۳ فیصد

iii۔ روسی ۸ فیصد

iv۔ دیگر ۷ فیصد

س۔ تاجکستان کی کرنسی کا نام کیا ہے؟

ج۔ روبل۔

س۔ تاجکستان کی سرکاری زبان کون سی ہے؟

ج۔ تاجک زبان۔

س۔ تاجکستان میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج۔ تاجکستانی۔ روسی زبان۔ فارسی۔

س۔ تاجکستان کا سرکاری مذہب کون سا ہے؟

ج۔ اسلام۔

س۔ تاجکستان میں آزادی کا اعلان کب ہوا تھا؟

ج۔ ۹ ستمبر ۱۹۷۷ء کو۔

س۔ باقاعدہ آزادی کب ظہور پذیر ہوئی؟

ج۔ ۲۶ دسمبر ۱۹۹۱ء روس کے ٹوٹنے پر۔

س۔ تاجکستان کس براعظم میں شامل ہے؟

ج۔ براعظم ایشیا میں۔

س۔ تاجکستان میں کتنے فیصد مسلمان ہیں؟

ج۔ ۸۰ فیصد۔

س۔ تاجکستان کو جمہوریہ کب قرار دیا گیا تھا؟

ج۔ ۱۹۲۹ء کو۔

س۔ تاجکستان کے صدر مقام دوشانبے کی آبادی کتنی ہے؟

ج۔ ۵ لاکھ سے زائد۔

س۔ تاجکستان کے دارالحکومت میں کون سی زبان زیادہ بولی جاتی ہے؟

ج۔ فارسی۔

س۔ تاجکستان کی شہری اور دیہاتی آبادی کی نسبت کیا ہے؟

ج۔ شہری آبادی ۶۴ فیصد

دیہاتی آبادی ۳۶ فیصد

س۔ تاجکستان میں کون سی زرعی پیداوار ہوتی ہے؟

ج۔ پھل۔ سبزیاں۔ گندم۔ تربوز۔ خربوز۔ وغیرہ۔

س۔ تاجکستان کی مشہور دستکاریاں کون سی ہیں؟

ج۔ زیورات۔ سوزن کاری۔ کشیدہ کاری وغیرہ۔

س۔ تاجکستان کی مشہور صنعتیں کون سی ہیں؟

ج۔ سوتی کپڑا۔ ریشمی کپڑا۔ ٹریکٹر سازی۔ وغیرہ۔

س۔ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان کون سا علاقہ واقع ہے؟

ج۔ ڈاخان کا علاقہ۔

س۔ تاجکستان کا رقبہ کتنے مربع میل ہے؟

ج۔ ۵۴,۰۱۹ مربع میل۔

س۔ تاجکستان کی جنوبی سرحدیں کس ملک کے ساتھ ملتی ہیں؟

ج۔ افغانستان کے ساتھ۔

س۔ تاجکستان میں کم از کم کتنے صنعتی یونٹ کام کر رہے ہیں؟

ج۔ چار سو سے زائد۔

# تیونس

س۔ تیونس کا صدر مقام کہاں واقع ہے؟
ج۔ تیونس شہر۔
س۔ تیونس کا کل رقبہ کتنا ہے؟
ج۔ ۶۳,۱۷۰ مربع میل۔
س۔ تیونس کی آبادی کتنی ہے؟
ج۔ ۸.۴۴ ملین۔
س۔ تیونس کی آبادی میں کون لوگ شامل ہیں؟
ج۔ بربری (Berbers)
یورپین (Yuropeans)
س۔ تیونس کی کرنسی کا نام بتایئے؟
ج۔ دینار۔
س۔ تیونس کی سرکاری زبان کون سی ہے؟
ج۔ عربی۔
س۔ تیونس میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
ج۔ عربی۔فرانسیسی۔
س۔ تیونس کا سرکاری مذہب کون سا ہے؟
ج۔ اسلام۔
س۔ تیونس کی طبعی حالت کیسی ہے؟
ج۔ جنوبی حصہ بنجر اور ریگستانی ہے۔
س۔ کب آزادی ملی؟
ج۔ ۲۰ مارچ ۱۹۵۶ء۔
س۔ تیونس کس براعظم میں شامل ہے؟
ج۔ افریقہ۔

✿✿✿

## ترکی

س۔ ترکی کا صدر مقام کس شہر میں واقع ہے؟

ج۔ انقرہ میں۔

س۔ ترکی کا رقبہ کتنا ہے؟

ج۔ ۳۰۱,۳۸۱ مربع میل۔

س۔ ترکی کی آبادی کتنی ہے؟

ج۔ ۵۹.۶۴ ملین۔

س۔ ترکی کی آبادی کن لوگوں پر مشتمل ہے؟

ج۔ ترک ۸۰ فیصد

کرد ۱۷ فیصد

عرب۔ آرمینائی۔ یونانی۔ جیورگین (Geogians)

اور یہودی ۳ فیصد

س۔ ترکی کی کرنسی کا نام بتایئے؟

ج۔ لیرا (Lira)

س۔ ترکی کی سرکاری زبان کون سی ہے؟

ج۔ ترکی۔

س۔ ترکی میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج۔ ترکی۔ عربی۔ کردی زبان وغیرہ۔

س۔ ترکی کا سرکاری مذہب کون سا ہے؟

ج۔ اسلام۔

س۔ ترکی میں کتنے فیصد مسلمان آباد ہیں؟

ج۔ ۹۸ فیصد۔

س۔ مسلمانوں کے علاوہ کتنے فیصد لوگ آباد ہیں؟

ج۔ عیسائی۔ یہودی صرف ۲ فیصد۔

س۔ ترکی طبعی حالت کیسی ہے؟

ج۔ عمومی طور پر ہر طرف پہاڑوں سے گھرا ہوا ہے۔
سوائے مغربی طرف کے۔
مرکزی ترکی کی سطح مرتفع ہے۔
میدانی علاقہ صرف مغربی اور جنوبی سمت ہے۔

س۔ ترکی نے آزادی کب حاصل کی؟

ج۔ ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۳ء۔

س۔ آزادی کس رہنما نے حاصل کی؟

ج۔ مصطفےٰ کمال اتاترک نے۔

س۔ ترکی کس براعظم میں شامل ہے؟

ج۔ ترکی براعظم یورپ اور ایشیا میں شامل ہے۔

س۔ ترکی کا براعظم ایشیا کون سا ہے؟

ج۔ جنوب مغربی حصہ۔

س۔ براعظم یورپ کا کون سا حصہ ہے؟

ج۔ مغرب کی سمت کیریا اور یونان کے ساتھ۔

## ترکمانستان (Turkmenistan)

س۔ ترکمانستان کا صدر مقام کہاں واقع ہے؟

ج۔ آشک آباد۔

س۔ ترکمانستان کہاں واقع ہے؟

ج۔ ایرانی سرحد کے ساتھ ساتھ بحیرہ کیسپئن کے مشرق میں۔

س۔ ترکمانستان کو جمہوری ملک کب قرار دیا گیا تھا؟

ج۔ ۱۹۲۴ء۔

س۔ ترکمانستان کی آبادی کتنی ہے؟

ج۔ ۳.۸۴ ملین۔

س۔ ترکمانستان کا رقبہ کتنا ہے؟

ج۔ ۱۸۸۴۱۷ مربع میل۔

س۔ ترکمانستان کی سرکاری زبان کیا ہے؟

ج۔ ترکی (Turkmen)

س۔ ترکمانستان کی سرکاری زبان کے علاوہ کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج۔ ترکی۔ روسی۔ زبان۔ فارسی۔ وغیرہ۔

س۔ ترکمانستان میں سرکاری مذہب کون سا رائج ہے؟

ج۔ اسلام۔

س۔ مسلمانوں کی تعداد کتنے فیصد ہے؟

ج۔ ۹۵ فیصد۔

س۔ ترکمانستان میں کس تہذیب کے آثار ملتے ہیں؟

ج۔ دو ہزار قبل مسیح کی تہذیب۔

س۔ ترکمانستان میں کس نسل کے لوگ آباد ہیں؟

ج۔ ترک نسل کے۔

س۔ ترکمانستان کی طبعی حالت کیسی ہے؟

ج۔ قراقرم ریگستان کا ۸۰ فیصد ترکمانستان میں شامل ہے۔

یہ آئینی طور پر روس کی ریاست تھی۔

س۔ ترکمانستان کی علیحدگی کا اعلان کب ہوا؟

ج۔ ۲۷ اکتوبر ۱۹۹۱ء کو۔

س۔ یہ کب آزاد ملک کی حیثیت کب حاصل ہوئی؟

ج۔ روس کے ٹوٹنے پر دسمبر ۱۹۹۱ء۔

س۔ ترکمانستان کس براعظم میں شامل ہے؟

ج۔ براعظم ایشیاء میں۔

س۔ ترکمانستان کے پڑوسی ممالک کون سے ہیں؟

ج۔ شمال میں ازبکستان۔ تازقستان۔

شمال مشرق میں افغانستان۔

جنوب میں ایران۔

مشرق میں۔ افغانستان۔

## متحدہ عرب امارات

س۔ متحدہ عرب امارات کا صدر مقام کہاں ہے؟

ج۔ دوبئی۔

س۔ متحدہ عرب امارات کا رقبہ کتنے مربع میل ہے؟

ج۔ ۳۲۰۰۰ مربع میل کلومیٹر۔

س۔ متحدہ عرب امارات کی آبادی کتنی ہے؟

ج۔ ۲.۵۲ ملین۔

س۔ متحدہ عرب امارات کی آبادی میں کون سے قبیلے آباد ہیں؟

ج۔ عرب ۷۲ فیصد

ایرانی۔ پاکستانی۔ ہندوستانی ۲۶ فیصد

دیگر ۲ فیصد

س۔ متحدہ عرب امارات کی کرنسی کا نام کیا ہے؟

ج۔ درہم۔

س۔ متحدہ عرب امارات میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج۔ عربی۔ فارسی۔ اردو۔ ہندی۔ انگریزی وغیرہ۔

س۔ متحدہ عرب امارات کی سرکاری زبان کون سی ہے؟

ج۔ عربی۔

س۔ متحدہ عرب امارات کا سرکاری مذہب کیا ہے؟

ج۔ اسلام۔

س۔ مسلمانوں کے علاوہ متحدہ عرب امارات میں کس مذاہب کے لوگ آباد ہیں؟

ج۔ ہندو۔ عیسائی وغیرہ۔

س۔ متحدہ عرب امارات میں مسلمان کتنے فیصد آباد ہیں؟

ج۔ ۹۶.۷ فیصد۔

س۔ متحدہ عرب امارات کب آزادی کے لیے متحد ہوئیں؟

ج۔ ۲ دسمبر ۱۹۷۱ء کو۔

س۔ متحدہ عرب امارات کی معدنی پیداوار کیا ہے؟

ج۔ تیل۔ پیٹرولیم۔

س۔ متحدہ عرب امارات میں کتنی ریاستیں شامل ہیں؟

ج۔ سات۔ خلیج فارس کی ریاستیں۔

س۔ متحدہ عرب امارات کی طبعی حالت کیسی ہے؟

ج۔ زیادہ تر ہموار علاقہ ہے مگر بنجر اور ریگستانی ہے اور مشرقی سمت میں پہاڑ بھی ہیں۔

س۔ متحدہ عرب امارات کس براعظم کا حصہ ہیں؟

ج۔ براعظم ایشیاء کا۔

# ازبکستان

س۔ ازبکستان کا صدر مقام کہاں ہے؟
ج۔ تاشقند۔
س۔ ازبکستان کا رقبہ کتنے مربع میل ہے؟
ج۔ ۱۷۲,۷۰۰ مربع میل۔
س۔ ازبکستان کی آبادی کتنی ہے؟
ج۔ ۲۱.۶۲ ملین۔
س۔ ازبکستان کی آبادی میں کون لوگ شامل ہیں؟
ج۔ ازبک ۷۰ فیصد
روسی ۱۱ فیصد
دیگر ۱۰ فیصد
تاتاری اور تاجک ۹ فیصد
س۔ ازبکستان کی کرنسی کا نام کیا ہے؟
ج۔ سوم (Som)
س۔ ازبکستان کی سرکاری زبان کون سی ہے؟
ج۔ ازبک زبان۔
س۔ ازبکستان میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
ج۔ ازبک اور روسی۔
س۔ ازبکستان کا سرکاری مذہب کون سا ہے؟
ج۔ اسلام۔
س۔ ازبکستان کا حدود اربعہ کیا ہے؟
ج۔ تازکستان شمال مغرب۔
مشرق میں کرغزستان اور تاجکستان۔

جنوب میں افغانستان اور ترکمانستان۔
شمال میں تازکستان۔

س۔ ازبکستان کی طبعی حالت کیسی ہے؟
ج۔ ملک کا بیشتر حصہ میدانی اور ریگستانی ہے؟
س۔ یہ آزاد ملک کب بنا؟
ج۔ ۲۶ دسمبر ۱۹۹۱ء روس ٹوٹ گیا۔
س۔ علیحدگی کا اعلان کب ہوا؟
ج۔ ۲۹ اگست ۱۹۹۱ء۔
س۔ ازبکستان روس کی کس سمت میں واقع ہے؟
ج۔ جنوب میں۔
س۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ شہنشاہ بابر کس خطہ کا رہنے والا تھا؟
ج۔ ازبکستان۔
س۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۲۴ء سے پہلے ازبکستان کن ریاستوں پر مشتمل تھا؟
ج۔ موجودہ ازبکستان۔ برطانیہ۔ تاجکستان۔ کرغزیا اور قازقستان پر مشتمل تھا۔
س۔ ۱۹۲۴ء سے قبل اس کا نام کیا تھا؟
ج۔ ترکستان۔
س۔ تاشقند کی آبادی کتنی ہے؟
ج۔ ۲۰ لاکھ۔
س۔ ازبکستان کی آبادی کتنی ہے؟
ج۔ ایک کروڑ پچاس لاکھ۔
س۔ ازبکستان میں تاتاری اور تاجک آباد کتنے فیصد ہیں؟
ج۔ تاتاری ۵ فیصد
تاجک ۴ فیصد
س۔ ازبکستان کے مشہور شہر کون سے ہیں؟
ج۔ تاشقند۔ بخارا۔ فرغانہ۔ سمرقند۔

س۔ ازبکستان کی شہری اور دیہاتی آبادی کی کیا نسبت ہے؟

ج۔ شہری آبادی ۶۰ فیصد

دیہاتی آبادی ۴۰ فیصد

س۔ ازبکستان کی صنعتیں کون سی ہیں؟

ج۔ لوہے اور فولاد کی صنعتیں، کیمیکلز اور ٹریکٹر سازی۔

س۔ ازبکستان کی زرعی پیداوار کون سی ہے؟

ج۔ گندم۔ کپاس۔ پھل۔ سبزیاں۔ جو۔ مکئی۔ وغیرہ۔

## یمن

س۔ یمن کا دارالخلافہ کہاں واقع ہے؟
ج۔ صنا (Sana)
س۔ یمن کا رقبہ کتنے مربع میل ہے؟
ج۔ ۲۰۳,۷۹۶ مربع میل۔
س۔ یمن کی آبادی کتنی ہے؟
ج۔ ۱۰,۳۹۷ ملین۔
س۔ یمن کی آبادی میں کون سے لوگ شامل ہیں؟
ج۔ عرب۔ نیگرو۔ ہندوستانی۔ صومالی اور دیگر اقوام کے لوگ وغیرہ۔
س۔ یمن کی کرنسی کا نام کیا ہے؟
ج۔ ریال۔
س۔ یمن کی سرکاری زبان کیا ہے؟
ج۔ عربی۔
س۔ یمن کا سرکاری مذہب کیا ہے؟
ج۔ اسلام۔
س۔ یمن کے پہلے کتنے حصے تھے؟
ج۔ ۲(دو)
س۔ دونوں حصے کب تک الگ الگ رہے؟
ج۔ ۲۲ مئی ۱۹۶۷ء۔
س۔ ان دونوں حصوں کے نام کیا تھے؟
ج۔ جنوبی یمن اور شمالی یمن۔
س۔ اب دونوں حصوں کی کیفیت کیا ہے؟
ج۔ دونوں اکٹھے ہو چکے ہیں۔

س۔ اس کے جنوبی حصہ کی کیفیت کیسی تھی؟

ج۔ یمن کا جنوبی حصہ ۳۰ نومبر ۱۹۶۵ء سے آزاد تھا۔

س۔ یمن کی تباہی سے اس کی کیا حالت تھی؟

ج۔ جنوبی مارکسسٹ سٹیٹ تھی۔

س۔ شمالی یمن کی کیسی حالت تھی؟

ج۔ شمالی یمن میں شہنشاہیت تھی۔

س۔ یمن کی تباہی کے بعد کیا حالت منظر عام پر آئی؟

ج۔ یمن کے دونوں حصے یکجا ہو گئے اور ایک ملک بن گیا۔

س۔ یمن میں کون سے قدرتی وسائل ہیں؟

ج۔ قیمتی پتھر۔ تارکول۔ تیل۔

س۔ یمن کی زرعی پیداوار کے نام بتایئے؟

ج۔ گندم۔ جو۔ کھجور۔ کافی۔ جڑی بوٹیاں۔ سبزیاں وغیرہ۔

✿✿✿

## الجیریا

س۔ الجیریا کا صدر مقام کہاں ہے؟
ج۔ الجیر کے مقام پر۔
س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ طبرستان میں۔

س۔ آپ کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

ج۔ طبیب کا کام کرتے تھے۔

✿✿✿

# یعقوب الکندی ۸۰۲ء تا ۸۷۳ء

س۔ الکندی کہاں پیدا ہوا؟

ج۔ بصرہ میں۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۸۰۲ء میں۔

س۔ آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج۔ اسحاق بن صباح۔

س۔ آپ کا والد کہاں کا حاکم تھا؟

ج۔ کوفہ کا۔

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ یعقوب بن اسحاق بن مسام کندی۔

س۔ آپ کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج۔ حسام۔

س۔ وہ کون سا مسلمان مفکر تھا جس نے موسیقی پر سائنس کا اطلاق کیا؟

ج۔ الکندی۔

س۔ کس عربوں میں فلسفی کا لقب سب سے پہلے پایا؟

ج۔ الکندی نے سب سے پہلے فلسفی کا لقب پایا۔

س۔ بتائیے حکیم عرب کس مسلمان سائنسدان کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ الکندی کو۔

س۔ آپ نے کب رحلت فرمائی؟

ج۔ ۸۷۳ء کو۔

س۔ آپ نے کل کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۷۱ سال تقریباً۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ بصرہ میں۔

✿✿✿

## ابونصر الفارابی ۸۷۰ء تا ۹۵۰ء

س۔ ابونصر الفارابی کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۸۷۰ء کو۔

س۔ آپ کی پیدائش کا ہجری سال کون سا ہے؟

ج۔ ۲۵۹ھ۔

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ ابونصر بن محمد۔

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ محمد بن اوزلغ۔

س۔ آپ کے دادا کا اسم گرامی کیا تھا؟

ج۔ اوزلغ بن طرخان۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ فاراب میں۔

س۔ فاراب کہاں واقع ہے؟

ج۔ ترکستان میں۔

س۔ ابونصر فاراب کا آبائی پیشہ کیا تھا؟

ج۔ سپہ گری۔

س۔ ابونصر الفارابی کو کتنی زبانوں پر عبور حاصل تھا؟

ج۔ ستر سے زائد۔

س۔ آپ کو فاراب کیوں کہا گیا؟

ج۔ چونکہ آپ ترکستان کے شہر فاراب میں پیدا ہوئے تھے اس نسبت سے فارابی کہلائے۔

س۔ دنیا میں کتنے حکیم پیدا ہوئے ہیں؟

ج۔ (۴) چار حکیم بقول حکماء۔

س۔ وہ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ دو اسلام سے قبل اور دو اسلام کے زمانے میں۔

س۔ اسلام سے قبل جو دو حکیم پیدا ہوئے ان کے نام بتائیے؟

ج۔ I۔ حکیم لقمان۔ II۔

س۔ جو دو حکیم اسلام کے دوران پیدا ہوئے ان کے نام کیا تھے؟

ج۔ I۔ بوعلی سینا۔

II۔ الفارابی۔

س۔ شارح ارسطو کس مسلمان سائنسدان کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ الفارابی کو۔

س۔ الفارابی کا یہ نام کیوں مشہور ہوا؟

ج۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ الفارابی نے ارسطو کی بہت سی کتابوں کے ترجمے اور شرح لکھی ہیں۔

س۔ موسیقی کے ساز ''رباب اور قانون'' کا موجد کون ہے؟

ج۔ ابونصر فارابی۔

س۔ مشرق میں آپ کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج۔ معلم ثانی یا ارسطو ثانی۔

س۔ ابونصر کس علم کا ماہر تھا؟

ج۔ علم طب کا۔

س۔ کیا اس نے طب عملاً بھی اختیار کی؟

ج۔ جی نہیں۔

س۔ آپ نے پیشہ ورانہ زندگی کیسے گزاری؟

ج۔ قاضی کی حیثیت سے۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۹۵۰ء میں۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ تقریباً ۸۰ سال۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ دمشق میں باب صغیر کے باہر۔

✿✿✿

## ابن الہیثم ۹۶۵ء تا ۱۰۴۳ء

س۔ ابن الہیثم کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۹۶۵ء کو۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ بصرہ میں۔

س۔ آپ کا پورا نام کیا تھا؟

ج۔ ابو علی محمد ابن الحسنی ابن الہیثم۔

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ الہیثم۔

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ الحسن۔

س۔ آپ کو مغرب میں کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج۔ الہیزن۔ (Alhazen)

س۔ آپ نے کس دریا پر بند باندھنے کا منصوبہ بنایا؟

ج۔ دریائے نیل پر۔

س۔ آپ نے اس بند کا منصوبہ کس بادشاہ کے کہنے پر بنایا تھا؟

ج۔ خلیفہ فاطمی حاکم۔

س۔ ابن الہیثم کی مشہور تصنیف کون سی ہے؟

ج۔ کتاب المناظر۔

س۔ یہ کتاب کس علم کے بارے میں ہے؟

ج۔ روشنی کی ماہیت کے بارے میں۔

س۔ بتایئے کیمرے کا اصول کس مسلمان سائنسدان نے دریافت کیا تھا؟

ج۔ ابن الہیثم نے۔

س۔ اس مسلمان کا کیا نام ہے جس نے سب سے پہلے بینائی کے عمل کی صحیح تشریح کی؟

ج۔ ابن الہیثم نے۔

س۔ کیا ابن الہیثم کو کچھ عرصہ پاگل خانے میں بھی رہنا پڑا؟

ج۔ جی ہاں۔

س۔ علم المناظر کا امام کس مسلمان سائنسدان کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ ابن الہیثم کو۔

س۔ وہ کون سے مسلمان سائنسدان ہیں جنھوں نے روشنی کے انعکاس اور انعطاف کے قانون وضع کیے؟

ج۔ ابن الہیثم۔

س۔ ابن الہیثم نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۰۴۳ء کو۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ تقریباً ۷۸ سال کی عمر میں۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ بصرہ میں۔

❁❁❁

## شیخ ابوالقاسم ۹۳۶ء تا ۱۰۰۴ء

س۔ شیخ ابوالقاسم کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۹۳۶ء۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ قرطبہ کے مضافات میں آباد شہر "صدینۃ الہرا" میں۔

س۔ "مدینۃ الہرا" کس اموی خلیفہ نے آباد کیا؟

ج۔ خلیفہ عبدالرحمٰن نے۔

س۔ خلیفہ عبدالرحمٰن کون سا خلیفہ تھا؟

ج۔ آٹھواں خلیفہ تھا۔

س۔ آپ کا پورا نام کیا تھا؟

ج۔ شیخ ابوالقاسم بن ابن عباس الزھراوی۔

س۔ آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج۔ ابن عباس الزاھراوی۔

س۔ آپ کس علم کے ماہر تھے؟

ج۔ علم جراحت کے۔

س۔ آپ کو یورپ میں کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

ج۔ ابول کاسس (Abvl Casis)

س۔ دنیا کے اس سرجن کا کیا نام ہے جس نے فضائی تحقیق کے لیے پوسٹ مارٹم پر زور دیا؟

ج۔ ابوالقاسم الزھراوی۔

س۔ ابوالقاسم کی مشہور تصنیف کون سی ہے؟

ج۔ التصریف۔

س۔ کیا یہ کتاب مغربی درس گاہوں کے نصاب میں بھی شامل رہی؟

ج۔ جی ہاں ایک مدت تک شامل نصاب رہی۔

س۔ آپ کی اس کتاب کا لاطینی زبان میں ترجمہ کب ہوا؟

ج۔ ۱۴۹۷ء۔

س۔ یہ ترجمہ کہاں سے شائع ہوا؟

ج۔ وینس سے۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۰۰۴ء۔

س۔ آپ نے کہاں وفات [illegible]؟

ج۔ مدینتہ الہرا۔

س۔ آپ کو [illegible] کیا گیا؟

ج۔ مد[illegible] میں۔

س۔ [illegible] نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ [illegible]یباً ۶۸ سال کی عمر میں۔

س۔ [illegible]پ کس فن کے بانی کہلاتے ہیں؟

ج۔ علم جراحت کے۔

✿✿✿

## ابن خلدون ۱۳۳۲ء تا ۱۴۰۶ء

س۔ ابن خلدون کب پیدا ہوا؟

ج۔ ۱۳۳۲ء میں۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ تونس میں۔

س۔ تونس کس براعظم میں واقع ہے؟

ج۔ شمالی افریقہ میں۔

س۔ آپ کا پورا نام کیا تھا؟

ج۔ ابوزید عبدالرحمٰن بن خلدون۔

س۔ عبدالرحمٰن کو یورپ میں کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

ج۔ ابن خلدون کے نام سے ہی۔

س۔ ابن خلدون کی کس کتاب کا مقدمہ انسائیکلوپیڈیا کا مقام رکھتی ہے؟

ج۔ کتاب العبر۔

س۔ اس کتاب کی کل کتنی جلدیں ہیں؟

ج۔ سات جلدیں۔

س۔ ابن خلدون کس جامعہ میں کام کرتے رہے؟

ج۔ جامعہ ازھر میں۔

س۔ آپ کے نظریے کی رو سے کس فلاسفر کا پیش رو کہا جاتا ہے؟

ج۔ کارل مارکس اور ہیگل کا۔

س۔ پیش رو کہلانے کی کیا وجہ ہے؟

ج۔ محض نظریہ کی وجہ سے۔

س۔ آپ کی کتاب العبر کا مقدمہ آج کل بھی یورپ اور امریکہ کی یونیورسٹیوں میں کس مضمون کے طور پر پڑھایا جاتا ہے؟

ج۔ پولیٹیکل سائنس کے طور پر۔

س۔ فلسفہ تاریخ کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج۔ ابن خلدون کو۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۴۰۶ء کو۔

س۔ آپ نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ قاہرہ میں۔

س۔ آپ نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

ج۔ ۷۴ برس۔

س۔ آپ کو زندگی میں کیا صدمہ لاحق ہوا؟

ج۔ آپ کے اہل وعیال تونس سے قاہرہ آ رہے تھے کہ راستے میں جہاز کے غرق ہونے سے وہ بھی تمام ہلاک ہو گئے آپ کو منہ دیکھنا بھی نصیب نہ ہوا۔

## محمدؒ ابن رُشد ۱۱۲۶ء تا ۱۱۹۸ء

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ محمد۔

س۔ آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ ابوالولید۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۱۲۶ء کو۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ قرطبہ میں۔

س۔ آپ کو ابن رشد کس وجہ سے کہا جاتا ہے؟

ج۔ چونکہ آپ کے پردادا کا نام ابن رشد تھا۔ اس کنیت سے آپ کو ابن رشد کہا جانے لگا۔

س۔ یورپ میں آپ کو کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

ج۔ اوہروز (Averroes)

س۔ آپ نے فلسفے پر کون سی کتاب لکھی؟

ج۔ تہافہ التہافتہ الفلاسفہ۔

س۔ ابن رشد نے یہ کتاب الغزالی کی کس تصنیف کے جواب میں تحریر کی؟

ج۔ تہافتہ الفلاسفہ۔

س۔ یہ کس نے تحقیق کے ذریعے ثابت کیا کہ اگر کسی شخص کو ایک بار چیچک نکل آئے تو وہ ہمیشہ کے لیے اس مرض سے محفوظ ہو جاتا ہے؟

ج۔ ابن رشد نے۔

س۔ ابن رشد کی کتاب ''کتاب المعقولات'' ارسطو کی کس کتاب کی تلخیص ہے؟

ج۔ کیٹے گوریز (Cate Gories)

س۔ ابن رشد کی کتاب المعقولات'' کب شائع ہوئی؟

ج۔ ۱۹۳۲ء۔

س۔ یہ کتاب کہاں سے شائع ہوئی؟

ج۔ بیروت سے۔

س۔ اس کتاب کو کس نے شائع کروایا تھا؟

ج۔ مایں بائی جس نے۔

س۔ ابن رشد نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۱۹۸ء کو۔

س۔ ابن رشد نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ مراکش میں۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ تقریباً ۷۲ سال۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا تھا؟

ج۔ مراکش میں ہی۔

## ابو محمد عبداللہ بن البیطار ۱۱۸۱ء تا ۱۲۴۸ء

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ ابو محمد عبداللہ بن احمد البیطار۔

س۔ ابو محمد عبداللہ ابن البیطار کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۱۸۱ء کو۔

س۔ ابن البیطار نے کون سی شہرہ آفاق کتاب لکھی؟

ج۔ کتاب الجامع فی الادویہ المفردا۔

س۔ آپ کی اس شہرہ آفاق کتاب کے بارے میں یہ کس نے کہا کہ:۔

''ابن بیطار کی یہ شہرہ آفاق تصنیف سائنس پر ایک یادگار تصنیف ہے''

ج۔ مشہور مبصر میئر۔

س۔ ابن البیطار کی اس تصنیف کے بارے میں یہ الفاظ کس نے کہے کہ:۔

''کہ یہ تصنیف غیر معمولی مطالعے اور مشاہدے پر مبنی ہے اور علم نباتات پر عربی زبان میں اہم ترین تصنیف ہے''

ج۔ یکس میر ہاف نے۔

س۔ یہ کتاب ''الجامع فی الادویہ المفردا'' کس زبان میں لکھی گئی تھی؟

ج۔ عربی زبان میں۔

س۔ اس کتاب کا پہلا لاطینی ترجمہ کب شائع ہوا؟

ج۔ ۱۷۵۸ء میں۔

س۔ لاطینی زبان کا ترجمہ کس نام پر شائع کیا گیا؟

ج۔ سمپلیکا۔

س۔ اس کتاب ''الجامع فی الادویہا لمفردا'' کا ترجمہ جرمن زبان میں کب شائع ہوا؟

ج۔ ۱۹۴۰۔۴۲ء میں۔

س۔ یہ ترجمہ کس نے شائع کیا؟

ج۔ جوزف دی سانتھمیر نے۔

س۔ اس کتاب کا فرانسیسی میں ترجمہ کب شائع ہوا؟

ج۔ ۸۱۔۱۸۷۷ء۔

س۔ یہ ترجمہ کس نے شائع کیا؟

ج۔ اوسین لک لرک نے۔

س۔ ابن البیطار کا انتقال کب ہوا؟

ج۔ ۱۲۴۸ء کو۔

س۔ ابن البیطار کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ دمشق میں۔

س۔ آپ کا انتقال کہاں ہوا؟

ج۔ دمشق میں۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ تقریباً ۶۷ سال۔

س۔ آپ نے کتنی جڑی بوٹیاں دریافت کیں؟

ج۔ ۱۴۰۰ جڑی بوٹیاں۔

س۔ کیا ان جڑی بوٹیوں کا کسی کو اس سے قبل علم تھا؟

ج۔ جی نہیں۔ قطعاً علم نہیں تھا۔

س۔ ابن البیطار نے کن ممالک کا سفر کیا؟

ج۔ دمشق۔

س۔ آپ کس علم کے ماہر شمار کیے جاتے تھے؟

ج۔ ماہر نباتات۔

## محمد ابن طفیل ۱۱۱۳ء تا ۱۱۸۵ء

س۔ محمد بن طفیل کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ محمد۔

س۔ ابن الطفیل کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ غرناطہ میں۔

س۔ غرناطہ کس ملک کا شہر ہے؟

ج۔ اندلس کا۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۱۱۳ء۔

س۔ ابن طفیل کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ ابوبکر۔

س۔ آپ نے کن حیثیتوں میں شہرت حاصل کی؟

ج۔ i۔ طبیب کی حیثیت۔

ii۔ فلسفی کی حیثیت۔

iii۔ ادیب کی حیثیت۔

س۔ ابن طفیل نے فلسفہ پر کون سی شہرہ آفاق کتاب لکھی؟

ج۔ حسی ابن یقطان۔

س۔ اس کتاب کا سب سے پہلے لاطینی میں ترجمہ کب ہوا؟

ج۔ ۱۶۷۱ء میں۔

س۔ یہ ترجمہ کس شخص نے کیا؟

ج۔ ایڈورڈ پوکوک نے۔

س۔ یہ ترجمہ کہاں سے شائع ہوا؟

ج۔ آکسفورڈ سے۔

س۔ ابن طفیل کی تصنیف حسی ابن یقظان'' کا ترجمہ کس زبان میں ہوا؟

ج۔ ولندیزی زبان میں ترجمہ ہوا۔

س۔ ابن طفیل کی تصنیف ''حسی ابن یقظان'' کا ترجمہ روسی زبان میں کب ہوا؟

ج۔ ۱۹۲۰ء۔

س۔ اسی کتاب کا ہسپانوی زبان میں ترجمہ کب ہوا؟

ج۔ ۱۹۳۴ء۔

س۔ بتایئے انگریزی کے کس مشہور ناول کو حسی ابن یقظان'' کی تصنیف کی نقل قرار دیا جاتا ہے۔

ج۔ رابنسن کروسو۔

س۔ ابن طفیل کے علاوہ کس مصنف نے اسی نام سے دوسری کتاب لکھی؟

ج۔ بوعلی سینا نے۔

س۔ کیا یہ کتاب مقبولیت حاصل کر سکی؟

ج۔ خاص مقبولیت حاصل نہ کر سکی۔

س۔ بتایئے نقادوں کے نزدیک دانتے کی ڈلوائن کومیڈی ابن طفیل کی کس کتاب کا چربہ ہے؟

ج۔ حسی ابن یقظان کا۔

س۔ ابن طفیل کو یورپ میں کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج۔ ابوبصیر (Abu Basir)

س۔ آپ کا انتقال کب ہوا؟

ج۔ ۱۱۸۵ء میں۔

س۔ ابن طفیل نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ مراکش میں۔

س۔ آپ کو دفن کہاں کیا گیا؟

ج۔ مراکش میں ہی۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۲۷سال تقریباً۔

س۔ آپ نے کن فنون کی وجہ سے شہرت پائی؟

ج۔ i۔ مسلمان طبیب کی حیثیت۔

ii۔ فلسفی کی حیثیت۔

س۔ ابن طفیل کی شہرہ آفاق کتاب حسی ابن یقظان کا کن زبانوں میں ترجمہ ہوا؟

ج۔ i۔ لاطینی زبان میں سب سے پہلے ترجمہ ہوا۔

ii۔ ولندیزی۔

iii۔ روس زبان میں۔

iv۔ ہسپانوی زبان میں۔

## حضرت ابو حامد امام غزالیؒ ۱۰۵۹ء تا ۱۱۱۱ء

س۔ آپ امام غزالیؒ کب پیدا ہوئے؟
ج۔ ۱۰۵۹ء۔
س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ خراسان میں۔
س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ ابو حامد محمد۔
س۔ آپ کے والد کا کیا ذریعہ معاش تھا؟
ج۔ جولاہے کا کام کرتے تھے؟
س۔ آپ کو غزالی کیوں کہا جاتا ہے؟
ج۔ آپ کے باپ کا پیشہ سوت کاتنے والا تھا۔ اس لیے آپ کو اس نسبت سے غزالی کہا جاتا ہے۔ یعنی ''سوت کاتنے والا''
س۔ نیشاپور کی نظامیہ یونیورسٹی کی بنیاد کب رکھی گئی؟
ج۔ ۱۰۶۶ء۔
س۔ یہ عالم اسلام کی کون سی یونیورسٹی تھی؟
ج۔ عالم اسلام کی پہلی یونیورسٹی تھی۔
س۔ امام غزالی کس اسلامی یونیورسٹی کے پرنسپل رہے؟
ج۔ بغداد کی نظامیہ یونیورسٹی۔
س۔ بغداد کی نظامیہ یونیورسٹی کس نے قائم کی؟
ج۔ نظام الملک طوسی نے۔
س۔ نظام الملک طوسی نے یہ یونیورسٹی کب قائم کی؟
ج۔ ۶۷-۱۰۶۵ء۔
س۔ امام غزالی کتنے عرصہ تک نظامیہ یونیورسٹی میں پرنسپل رہے؟

ج۔ چار سال تک۔

س۔ امام غزالی کب سے کب تک نظامیہ یونیورسٹی کے پرنسپل رہے؟

ج۔ ۱۰۹۱ء تا ۱۰۹۵ء تک۔

س۔ اسلامی فلسفے کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج۔ حضرت امام غزالیؒ کو۔

س۔ آپ نے کون سی مشہور شہرت آفاق تصنیف کی جس میں پیش رووں کے خیالات پر تنقید کی گئی ہے؟

ج۔ احیاء علوم الدین۔

س۔ یہ الفاظ کس شخصیت کے ہیں؟

''علم ہمارے اللہ تعالیٰ کا خزانہ ہے اور میں اس خزانے سے اپنا اپنا حصہ لینے کے لیے علم حاصل کر رہا ہوں''

ج۔ حضرت امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ۔

س۔ حضرت امام غزالی نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۱۱۱ء کو۔

س۔ آپ نے کہاں وفات پائی۔

ج۔ بغداد۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا تھا؟

ج۔ بغداد میں ہی۔

س۔ آپ کی کون کون سی اہم تصانیف ہیں؟

ج۔ احیاء علوم الدین۔

س۔ غزالی کے لفظی معنی کیا ہیں؟

ج۔ سوت کاتنے والا۔

✿✿✿

## ابوبکر محمد ابن ماجہ

س۔ ابن ماجہ کا اصل نام کیا تھا؟
ج۔ ابوبکر محمد ابن یحییٰ۔
س۔ ابن ماجہ کہاں پیدا ہوئے؟
ج۔ سرقسطہ میں (Saragosa)
س۔ سرقسطہ کہاں واقع ہے؟
ج۔ اندلس میں۔
س۔ ابن ماجہ کو یورپ میں کس نام سے پکارا جاتا ہے؟
ج۔ ایون پیس (Even Pace)
س۔ آپ مشرق کے کس فلسفی کے پیروکار تھے؟
ج۔ ابونصر بن محمد الفارابی کے۔
س۔ ابن ماجہ کی سب سے مشہور تصنیف کون سی ہے؟
ج۔ تدبیر المتواحد۔
س۔ آپ نے یہ کتاب کتنی عمر میں مکمل کی؟
ج۔ بیس برس کی عمر میں۔
س۔ یہ کتاب کن موضوعات سے بحث کرتی ہے؟
ج۔ فلسفیانہ افکار پر لکھی گئی کتاب ہے۔
س۔ آپ نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۱۱۳۸ء۔
س۔ آپ کی کب ولادت ہوئی؟
ج۔ اس سلسلے میں کوئی درست معلومات نہیں ملتیں۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ چونکہ آپ کی پیدائش کا علم نہیں لہٰذا کل عمر بھی معلوم نہیں ہو سکی۔

س۔ آپ نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ اندلس۔

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ اندلس۔

س۔ آپ کی تصانیف کون سی ہے؟

ج۔ تدبیر المتواحد۔

# علی بن العباس المجوسی

س۔ العباس المجوسی کا پورا نام کیا تھا؟

ج۔ علی بن العباس المجوسی۔

س۔ ابن العباس کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ اہواز میں۔

س۔ اہواز کس شہر میں واقع ہے؟

ج۔ جندی شاہ پور کے قریب (ایران)

س۔ آپ کو مجوسی کس وجہ سے کہا جاتا ہے؟

ج۔ چونکہ آپ کے والدین زرتشتی مذہب کے پیروکار تھے؟ اس لیے مجوسی کہا جاتا ہے؟

س۔ آپ کو یورپ میں کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج۔ Majues مجوس۔

س۔ آپ کی مشہور ترین تصنیف کون سی ہے؟

ج۔ الملکی۔

س۔ یہ علی بن العباس المجوسی کی طب پر مشہور کتاب ہے اس کتاب کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ کامل الصاعتہ۔

س۔ بتایئے کامل الصاعنہ کتاب کا نام الملکی کیوں ہوا۔

ج۔ کیونکہ بادشاہ عضد الدولہ کے نام پر ممنون تھی اور بادشاہ کو ملک کہتے ہیں۔ لہٰذا یہاں سے کتاب کا نام الملکی پڑ گیا۔

س۔ مسلمان طبیب علی بن العباس المجوسی کی کتاب الملکی کا ترجمہ لاطینی زبان میں کس نے کیا؟

ج۔ مشہور فلسفی اسٹیفن نے۔

س۔ الملکی کتاب لاطینی ترجمہ کب شائع ہوا؟

ج۔ ۱۵۲۳ء میں۔

س۔ یہ ترجمہ کس نے شائع کیا؟

ج۔ لبزر تجیس نے۔

س۔ ابو ماہر اور علی بن عباس کے درمیان کیا رشتہ تھا؟

ج۔ ابو ماہر، علی بن عباس کا استاد تھا۔
استاد اور شاگرد کا رشتہ تھا۔

س۔ آپ کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

ج۔ کامل الصناعۃ (الملکی)

## شیخ بوعلی الحسین بوعلی سینا ۹۸۰ء تا ۱۰۳۷ء

س۔ بوعلی سینا کب پیدا ہوئے؟

ج۔ اگست ۹۸۰ء کو بمطابق صفر ۳۷۰ھ۔

س۔ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ خرمیثن قصبے میں جو کہ بخارا کے قریب واقع ہے۔

س۔ آپ کے والد بخارا آنے سے پہلے کہاں رہائش پذیر تھے؟

ج۔ بلخ میں رہتے تھے۔

س۔ بوعلی سینا کا پورا نام کیا تھا؟

ج۔ بوعلی الحسین ابن عبداللہ ابن سینا۔

س۔ آپ کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

ج۔ طبیب کا کام کرتے تھے۔

س۔ بخارا کے اس سلطان کا کیا نام تھا۔ جو کہ بیمار ہوا اور اس نے بخارا کے تمام طبیبوں سے علاج کروایا مگر شفا نہ ہوئی تو بوعلی سینا کو بلایا تو انھوں نے علاج کیا تو اللہ تعالیٰ نے شفا دی؟

ج۔ سلطان فرخ ابن منصور۔

س۔ بوعلی سینا کو شاعری سے دلچسپی تھی؟

ج۔ ہاں ضرور۔

س۔ کیا ان کے اشعار کا مجموعہ بہت اہمیت حاصل کر چکا ہے؟

ج۔ جی ہاں۔

س۔ بوعلی سینا کی شہرہ آفاق کتابوں کے نام بتائیں؟

ج۔ i۔ کتاب الشفا۔

ii۔ القانون فی الطب۔

س۔ بوعلی سینا کی کتاب ''القانون فی الطب'' کا لاطینی زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

ج۔ کریلوفا کے جرارڈ نے۔

س۔ یہ ترجمہ کب کیا گیا تھا؟

ج۔ بارھویں صدی عیسوی میں۔

س۔ بتایئے بوعلی سینا کی کون سی کتاب مغرب میں طبی انجیل تصور کی جاتی ہے؟

ج۔ القانون فی الطب۔

س۔ بوعلی سینا یورپ میں کس نام سے مشہور ہوا؟

ج۔ بوعلی سینا۔

س۔ معلم ثانی کس مسلمان سائنسدان کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ بوعلی سینا کو۔

س۔ تھرمامیٹر کا موجد کون ہے؟

ج۔ بوعلی سینا۔

س۔ بوعلی سینا کے القابات کون سے ہیں؟

ج۔ i۔ امام الحکمت۔

ii۔ شیخ الرئیس۔

س۔ مسلم دنیا کا ارسطو کس مسلمان سائنسدان کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ شیخ بوعلی سینا کو۔

س۔ بوعلی سینا نے کس مرض سے وفات پائی؟

ج۔ قولنج کی بیماری سے۔

س۔ بوعلی سینا نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۰۳۷ء۔

س۔ آپ نے کسی مسلمان کا سائنسدان کی کتاب صرف ایک بار پڑھی تو سب کچھ واضح ہو گیا جو ارسطو کی کتاب مابعد الطبیعات کو چالیس مرتبہ پڑھنے سے سمجھ میں نہ آیا؟

ج۔ فارابی کی کتاب۔

✿✿✿

## جابر بن حیان ۷۲۱ء تا ۸۰۶ء

س۔ جابر بن حیان کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۷۲۱ء میں۔

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ احمد حیان۔

س۔ آپ کا والد کہاں کا رہائش پذیر تھا؟

ج۔ کوفہ کا۔

س۔ آپ کو یورپ میں کس نام سے یاد کیا جا سکتا ہے؟

ج۔ جبر (Geber)

س۔ بابائے کیمیا کس مسلمان سائنسدان کو کہا جاتا ہے؟

ج۔ جابر بن حیان۔

س۔ کیا یہ درست ہے کہ جابر بن حیان کے بعد میں کیمیا دان سونا بنانے کے جنون میں بری طرح مبتلا تھے؟

ج۔ جی ہاں۔

س۔ بتائیے گندھک اور شورے کا تیزاب کس مسلمان کیمیا دان کی ایجاد ہے؟

ج۔ جابر بن حیان۔

س۔ کون سے نامور انگریز کیمیا دان اپنے آپ کو جابر بن حیان کا باورچی کہلانے میں فخر محسوس کرتا تھا؟

ج۔ ٹامس مارٹن۔

س۔ جابر بن حیان کی مدت کے دو سو سال بعد کس شہر کی ایک گلی کی کھدائی کے دوران جابر بن حیان کی تجربہ گاہ برآمد ہوئی جس سے پتہ چلا کہ جابر بن حیان یہاں رہتا تھا؟

ج۔ بغداد۔

س۔ بتائیے کس مسلمان سائنس دان نے سب سے پہلے یہ نظریہ پیش کیا کہ زمین میں مختلف

قسم کی دھاتیں سیاروں کے اثر سے وجود میں آئی ہیں؟

ج۔ جابر بن حیان۔

س۔ قدیم کیمیا دانوں میں اس پہلے سائنس دان کا نام بتایئے جس نے معدنیات کو تین گروہوں میں تقسیم کیا؟

ج۔ جابر بن حیان۔

س۔ اس مسلمان کیمیا دان کا نام بتایئے جس کے وضع کردہ اصولوں سے یورپ کے اٹھارہویں صدی کے کیمیادان بھی استفادہ کرتے رہے؟

ج۔ جابر بن حیان۔

س۔ جابر بن حیان نے کب وفات پائی؟

ج۔ صحیح سن وفات معلوم نہیں لیکن بعض شہادتوں کے مطابق اس نے ۸۰۶ء میں وفات پائی۔

س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۸۵ سال۔

س۔ آپ نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ کوفہ

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ کوفہ

# ابوالفتح عمر خیام ۱۰۳۹ء تا ۱۱۳۷ء

س۔ عمر خیام کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ ابوالفتح عمر بن ابراہیم الخیامی۔

س۔ آپ کب پیدا ہوئے؟

ج۔ ۱۰۳۹ء۔

س۔ آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ ابراہیم۔

س۔ عمر خیام کے والد کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

ج۔ خیمے سینے کا کام کرتا تھا۔ اس لیے خیام کہلاتا تھا۔

س۔ کیا عمر خیام بھی خیمے سینے کا کام کرتا تھا؟

ج۔ نہیں۔

س۔ کیا یہ درست ہے کہ دنیا مسلمانان عالم عمر خیام کو ایک شاعر کی حیثیت سے زیادہ پہنچانتی ہے۔

ج۔ جی ہاں۔

س۔ بتائیے فلسفے اور ہیت کا امام کن مسلمان سائنسدان کو تصور کیا جاتا ہے؟

ج۔ عمر خیام کو۔

س۔ کیا یہ درست ہے کہ عمر خیام فلسفے کا ریاضی اور ہیت میں بوعلی سینا کے شاگرد تھے؟

ج۔ جی نہیں۔

س۔ عمر خیام کس کے شاگرد تھے؟

ج۔ بوعلی سینا کے شاگرد کے شاگرد تھے۔

س۔ کیا یہ درست ہے کہ عمر خیام نے اپنی تصنیف الجبر المقابلہ سات سال میں مکمل کی؟

ج۔ جی ہاں۔

س۔ عمر خیام کی مشہور کتاب ''الجبر المقابلہ'' کا فرانسیسی ترجمہ کب کیا گیا؟

ج۔ ۱۸۵۱ء۔

س۔ کیا یہ درست ہے کہ عمر خیام نے ایک کیلنڈر بھی ترتیب دیا؟

ج۔ جی ہاں۔

س۔ بتایئے عمر خیام کا کیلنڈر کس نام سے مشہور ہے؟

ج۔ التاریخ الجلالی۔

س۔ عمر خیام کے کیلنڈر الجلالی کس کے نام کی رعایت سے مشہور ہوا؟

ج۔ جلال الدین ملک شاہ۔

س۔ قدیم یونانی حکما ایک سال کو ۳۶۵ دنوں کے برابر سمجھتے تھے۔ بطلیموس نے اس مدت میں ۵ گھنٹے ۵ فی منٹ کا اضافہ کیا بتایئے عمر خیام نے اپنی تحقیقات کے بعد یہ مدت کتنی نکالی؟

ج۔ ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۹ منٹ۔

س۔ جدید تحقیق کے مطابق زمین کتنے وقت میں سورج کے گرد ایک چکر مکمل کرتی ہے؟

ج۔ ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۴۸۶۷ سیکنڈ میں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عمر خیام کی نکالی ہوئی مدت درست ہے۔

س۔ بتایئے لیمپ کا سال کس مسلمان سائنسدان نے اختراع کیا؟

ج۔ عمر خیام نے۔

س۔ عمر خیام نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۱۳۱ء۔ بعض نے ۱۱۲۳ لکھا ہے (واللہ اعلم)

س۔ عمر خیام نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۸۲ برس بعض نے ۷۳ سال عمر بتائی ہے (واللہ اعلم)

س۔ آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ نیشاپور میں۔

س۔ عمر خیام کی مشہور کتاب الجبر المقابلہ کس زبان میں چھپی؟

ج۔ عربی۔

✿✿✿

باب ۲۶

# قرآنی معلومات

س۔ قرآن پاک کتنی مدت میں نازل ہوا؟

ج۔ ۲۲ سال ۵ ماہ ۱۴ دن۔

س۔ قرآن میں کتنے نقطے ہیں؟

ج۔ ایک لاکھ پانچ ہزار چھ سو چواسی۔(۱,۰۵۶۸۴)

س۔ قرآن پاک کے رکوع کتنے ہیں؟

ج۔ پانچ سو اٹھاون۔(۵۵۸)

س۔ قرآن پاک کی آیات کتنی ہیں؟

ج۔ چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ آیات۔(۶۶۶۶)

س۔ قرآن پاک کی سورتیں کتنی ہیں؟

ج۔ ۱۱۴ سورتیں۔

س۔ قرآن حکیم کی منزلیں کتنی ہیں؟

ج۔ سات منزلیں۔

س۔ قرآن پاک میں آیات سجدہ کتنے ہیں؟

ج۔ ۱۴ آیات سجدہ۔

س۔ قرآن کے کل سپارے یا جزو کتنے ہیں؟

ج۔ ۳۰ سپارے۔

س۔ قرآن پاک میں نماز پڑھنے کا حکم کتنی مرتبہ دیا ہے؟

ج۔ ۷۰۰ مرتبہ۔

س۔ خیرات کرنے کا حکم قرآن حکیم میں کتنی مرتبہ دیا گیا ہے؟

ج۔ ۱۵۰ مرتبہ۔

س۔ قرآن مجید میں ''اللہ'' کا لفظ کتنی بار آیا ہے؟

ج۔ ۲۶۹۸ مرتبہ۔

س۔ قرآن پاک میں ''رحمان رحمٰن'' کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج۔ ۵۷ مرتبہ۔

س۔ قرآن پاک میں ''رحیم'' کا لفظ کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

ج۔ ۱۴ مرتبہ۔

س۔ قرآن پاک میں سب سے لمبی سورت کون سی ہے؟

ج۔ سورہ بقرہ۔

س۔ قرآن پاک میں سب سے چھوٹی سورت کون سی ہے؟

ج۔ سورہ کوثر۔

س۔ قرآن پاک میں سب آیات کی سردار آیت کون سی ہے؟

ج۔ آیت الکرسی۔

س۔ قرآن پاک میں کس خاتون کے نام سے سورۃ شامل ہے؟

ج۔ سورہ مریم۔

س۔ قرآن پاک کی کون سی سورت ہے جو بسم اللہ سے شروع نہیں ہوتی؟

ج۔ سورہ توبہ۔

س۔ قرآن پاک میں کتنی مساجد کا ذکر آیا ہے؟

ج۔ چار مساجد کا ذکر۔

س۔ قرآن پاک میں مذکور مساجد کے نام بتایئے؟

ج۔ i۔ مسجد الحرام (خانہ کعبہ)
ii۔ مسجد الاقصیٰ (بیت المقدس)
iii۔ مسجد ضرار
iv۔ مسجد قبا۔

س۔ قرآن پاک میں کس خوش نصیب صحابی کا نام آیا ہے؟

ج۔ زید بن حارث کا۔

س۔ قرآن پاک کی کون سی سورت قرآن کا دل کہلاتی ہے؟

ج۔ ''سورہ یٰسین''

س۔ یہ کس سپارے میں وارد ہے؟

ج۔ ۲۲اور۲۳ سپارے میں۔

س۔ اس کے کتنے رکوع ہیں؟

ج۔ ۵رکوع۔

س۔ اس سورت کی کتنی آیات ہیں؟

ج۔ ۸۳۔

س۔ یہ سورہ کہاں نازل ہوئی؟

ج۔ مکہ شریف میں۔

س۔ اور قرآن مجید کی دلہن سورت کون سی کہلاتی ہے؟

ج۔ ''سورہ رحمٰن''

س۔ یہ کس سپارے میں واقع ہے؟

ج۔ ۲۷ویں سپارے میں۔

س۔ سورہ رحمٰن کے کتنے رکوع ہیں؟

ج۔ ۳رکوع۔

س۔ سورہ رحمٰن کی کتنی آیات ہیں؟

ج۔ ۷۸آیات۔

س۔ سورہ رحمٰن کہاں نازل ہوئی؟

ج۔ مکہ میں۔

س۔ سورہ رحمٰن کا ذکر قرآن پاک میں کتنی بار آیا ہے؟

ج۔ ۳۱مرتبہ۔

س۔ سورہ رحمٰن میں کون سی آیت کا ذکر بار بار آیا ہے؟

ج۔ فَبِاَیِّ اٰلَاءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ. ۳۱مرتبہ۔

س۔ سب سے پہلے کون سی سورت نازل ہوئی؟

ج۔ سورہ علق۔

س۔ قرآن پاک کے کس سپارے میں شامل ہے؟
ج۔ تیسویں سپارے میں۔
س۔ قرآن پاک کی سب سے آخری سورت کون سی ہے؟
ج۔ ''سورۃ الناس''
س۔ سورہ الناس قرآن پاک کے کس سپارے میں شامل ہے؟
ج۔ تیسویں سپارے میں۔
س۔ سورہ الناس کہاں نازل ہوئی؟
ج۔ مکہ میں۔
س۔ یہ سورہ الناس کی کتنی آیات ہیں؟
ج۔ چھ آیات۔
س۔ مکی سورتوں کی تعداد بتایئے؟
ج۔ ۸۶۔
س۔ قرآن پاک کی مدنی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟
ج۔ ۲۸۔
س۔ قرآن پاک کی کل سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟
ج۔ ۱۱۴۔
س۔ مقام قبا میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کب پہنچے۔
ج۔ ۸ ربیع الاول ۱۳ نبوت ۱ھ دوشنبہ (سوموار)
س۔ عیسوی کے سال کی کون سی تاریخ تھی؟
ج۔ ۲۳ ستمبر ۶۳۲ء۔
س۔ آپ قبا کے مقام کس وقت پہنچے؟
ج۔ صبح کے وقت۔
س۔ مسلمانوں نے کن نعروں سے آپ کا استقبال کیا؟
ج۔ اللہ اکبر کے نعروں سے۔
س۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس دن تک قبا میں قیام کیا؟

ج۔ پنج شنبہ جمعرات۔

س۔ آپ نے قبا میں سب سے پہلا کام کون سا کیا؟

ج۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے مسجد کی بنیاد رکھی۔

س۔ آپ قبا سے کس دن کو روانہ ہوئے؟

ج۔ جمعتہ المبارک کے دن۔

س۔ ہجری کی کون سی تاریخ تھی؟

ج۔ ۱۲ ربیع الاول۔

س۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبا سے سوار ہو کر کہاں پہنچے؟

ج۔ بنی سالم کے گھر۔

س۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جمعہ کی نماز کہاں ادا کی؟

ج۔ بنی سالم کے گھر۔

س۔ سب سے پہلا جمعہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہاں پڑھا؟

ج۔ بنی سالم کے گھر۔

س۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قتل کا منصوبہ کس جگہ بنایا گیا؟

ج۔ دارالندوہ (مکہ) میں۔

س۔ کن لوگوں نے اس جلسے میں شرکت کی؟

ج۔ تمام اکابرین قریش نے۔

س۔ کس کی تجویز کو اکابرین نے پسند کیا؟

ج۔ ابوجہل کی تجویز کو۔

س۔ ابوجہل کی تجویز کیا تھی؟

ج۔ i۔ عرب کے مشہور قبائل میں سے ایک ایک جوانمرد کا انتخاب کیا جائے۔

ii۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر کو گھیر لیں۔

iii۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کو نماز کے لیے نکلیں تو یہ سب تلواروں سے ان پر حملہ کر دیں۔ اور شہید کر ڈالیں۔

س۔ اس تدبیر میں قریش مکہ نے کیا مصلحت دیکھی؟

ج۔ اس تدبیر کی یہ مصلحت سمجھی گئی کہ چونکہ اس قتل میں قریش کے تمام قبائل کے افراد شامل ہوں گے اس لیے کوئی ان سے بدلہ نہیں لے سکے گا۔

س۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان ناپاک عزائم کا علم کیسے ہوا؟

ج۔ وحی کے ذریعے۔

س۔ آپؐ نے وحی کے ذریعہ علم پا کر کیا کیا؟

ج۔ آپؐ اپنے گھر سے سورہ یٰسین پڑھتے ہوئے نکل گئے۔

س۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بستر پر کس کو لٹایا؟

ج۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو۔

س۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بستر پر لٹانے کا کیا مقصد تھا؟

ج۔ تاکہ لوگوں کی امانتیں واپس کر دیں۔

س۔ آپؐ اپنے گھر سے نکل کر کہاں چلے گئے؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے گھر۔

س۔ جب آپؐ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے گھر پہنچے تو ہجری کی کون سی تاریخ تھی؟

ج۔ صفر ۲۷/۱۳ نبوت بروز ہفتہ بمطابق ۱۲ ستمبر[1] ۶۲۲ء۔

س۔ حضرت ابوبکر صدیق کی کس بیٹی نے سفر کا سامان باندھا؟

ج۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے۔

س۔ آپؐ کس وقت روانہ ہوئے؟

ج۔ رات کی تاریکی میں۔

س۔ آپ کہاں تک پہنچے؟

ج۔ غار ثور تک۔

س۔ مکہ سے کتنی دور یہ غار واقع ہے؟

ج۔ چار یا پانچ کوس (میل) تک۔

س۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا کیا؟

ج۔ ا۔ اندر جا کر غار کو صاف کیا۔

---

1۔ قرآن پاک از رفیع الدین صاحب دہلوی میں ہے۔

ii۔ غار کے سوراخ اپنے کپڑوں سے بند کیے۔

س۔ اس کے بعد کیا انھوں نے عمل کیا؟

ج۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غار کے اندر لے گئے۔

س۔ عام الحزن کا سال کون سا کہلاتا ہے؟

ج۔ ۱۰ نبوی کا سال۔

س۔ کیا واقعات ظاہر ہوئے؟

ج۔ i۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا فوت ہو گئے؟

س۔ چچا کا کیا نام تھا؟

ج۔ ابو طالب۔

س۔ ii۔ دوسرا کون سا غمناک واقعہ پیش آیا؟

ج۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات ہوئی؟

س۔ طائف کے سفر میں آپؐ کے ہمراہ کون تھے؟

ج۔ زید بن حارث۔

س۔ آپؐ پر معراج کب واقع ہوئی؟

ج۔ ۱۰ نبوی کو۔

س۔ آپؐ نے کہاں تک سفر کیا؟

ج۔ مسجد حرام سے بیت المقدس تک۔

س۔ آپؐ نے وہاں کیا اہم کام سرانجام دیا؟

ج۔ تمام انبیاء کرام کو نماز پڑھائی (جماعت کرائی)۔

س۔ انبیاء کرام کے امام کون تھے؟

ج۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

س۔ آپ کو امام الانبیاء کب سے کہنا شروع ہوا؟

ج۔ معراج کے روز سے۔

س۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہاں تک سیر کی؟

ج۔ آسمان تک۔

س۔ آپ آسمانوں میں کہاں تک گئے؟

ج۔ سدرۃ المنتھیٰ اور بیت المعمور تک اور وہاں سے قرب حضوری حاصل ہوا۔

س۔ حضرت عمرؓ نے کب ہجرت کی؟

ج۔ ۱ھ کو۔

س۔ آپ کے ساتھ کتنے سوار تھے؟

ج۔ بیس سوار۔

س۔ بیس سواروں کے علاوہ حضرت عمرؓ کے ساتھ کون تھے؟

ج۔ حضرت عیاشؓ بن ربیعہ۔

س۔ حضرت عمر مکہ سے کس وقت نکلے؟

ج۔ دن کے وقت۔

س۔ حضرت عمرؓ نے روانگی کے وقت کیا کہا؟

ج۔ آپ نے کہا۔

''جس کسی نے اپنی بیوی کو رنڈی کروانا ہو اور اپنے بچوں کو یتیم کرنا ہو تو وہ مجھ سے اس پہاڑ کے پیچھے مل لے''

س۔ کفار مکہ نے کیا جرات کی؟

ج۔ کسی کو جرات نہ ہوئی۔

س۔ حضرت عمرؓ نے کس حالت میں ہجرت فرمائی؟

ج۔ علی الاعلان اور روز روشن کی حالت میں۔

س۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خلفاء میں کون سا نمبر ہے؟

ج۔ خلیفہ ثانی ہیں یعنی دوسرے نمبر پر۔

س۔ آپ سے پہلے خلیفہ کون تھے؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

✿✿✿

باب ۲۷

# مسلمان اہم شخصیات

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ آپ کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ عبداللہ۔

س۔ آپ کس نمبر کے خلیفہ تھے؟

ج۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد پہلے خلیفہ تھے۔

س۔ آپ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عمر میں کتنے چھوٹے تھے؟

ج۔ ۲ سال چھوٹے۔

س۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہجرت کے وقت کون تھے؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیماری میں امامت کس نے کروائی؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

س۔ حضرت عائشہ کن کی بیٹی تھیں؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی۔

س۔ حضرت عائشہ کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟

ج۔ حضرت عائشہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ مطہرہ تھیں۔

س۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا قبل از اسلام نام کیا تھا؟

ج۔ عبدالکعبہ۔

س۔ سب صدیقوں میں افضل مقام کس کا ہے؟

ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا۔

س۔ آپ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

ج۔ بنی تیم بن مرہ بن کعب۔

س۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تبلیغ سے کون سے افراد ایمان لائے؟

ج۔ i۔ حضرت عثمانؓ بن عفان۔
ii۔ حضرت زبیر بن العوامؓ۔
iii۔ حضرت طلحہؓ بن عبیداللہ۔
iv۔ حضرت ابی وقاصؓ۔
v۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ علیہم اجمعین۔

س۔ سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معراج کی تصدیق کس نے کی؟
ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔

س۔ آپؓ کی والدہ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ام الخیر۔

س۔ آپؓ کا پیشہ کیا تھا؟
ج۔ تجارت۔ (کپڑے کی تجارت)

س۔ سجاع نامی عورت نے کس خلیفہ کے عہد میں نبوت کا دعویٰ کیا؟
ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وصال کے وقت عمر کتنی تھی؟
ج۔ ۶۳ سال۔

س۔ حضرت ابوبکر صدیق کو کہاں دفن کیا گیا؟
ج۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک کے پاس دائیں طرف۔

س۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال کب ہوا؟
ج۔ ۲۲ جمادی الآخر ۱۳ھ۔

س۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے عہد خلافت میں پہلی مسجد کہاں بنوائی؟
ج۔ مکہ معظمہ میں۔

س۔ حجتہ الوداع کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امیر حج کس کو مقرر فرمایا؟
ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو۔

س۔ زکوٰۃ کے منکرین کس خلیفہ کے عہد میں پیدا ہوئے؟
ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں۔

س۔ شرابی کے لیے ۴۰ کوڑے یا درے کی سزا کس خلیفہ نے مقرر کی؟
ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ حضرت ابوبکر صدیق ؓ کا لقب کیا تھا؟
ج۔ عتیق۔
س۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کتنی شادیاں کیں۔
ج۔ چار شادیاں۔
س۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خلیفہ بننے کے بعد کون سا کام سب سے پہلے کیا؟
ج۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو شام کی مہم پر سالار لشکر بنا کر بھیجا۔
س۔ قرآن پاک کو ترتیب سے جمع کرنے کی ابتدا کس نے کی؟
ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو غسل کس نے دیا؟
ج۔ حضرت اسماء بنت عمیس اور بیٹے عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س۔ نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س۔ حضرت ابوبکر کی پیدائش واقعہ فیل کے کتنے عرصہ بعد ہوئی؟
ج۔ دو سال چار ماہ بعد۔
س۔ حضرت ابوبکر کی مدت خلافت کتنی تھی؟
ج۔ ۲ سال تین ماہ۔
س۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت کی مخالفت مرتے دم تک کون کرتے رہے؟
ج۔ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ۔
س۔ جنگ بدر میں کفار قیدیوں کی رہائی کے لیے سفارش کس نے کی تھی؟
ج۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔
س۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ازدواج مطہرات کے نام کیا تھے؟
ج۔ i۔ قتیلہ بنت عبدالعزیٰ۔　ii۔ ام رومان بنت عامر بن عوطیہ۔
iii۔ حبیبہ بنت خارجہ۔　iv۔ اسما بنت عمیس۔

✿✿✿

## حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟
ج۔ فاروق اعظم۔
س۔ حضرت عمر فاروق کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ خطاب بن نفیل بن عبدالعزای۔
س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج۔ حنتمہ بنت ہشام بن مغیرہ۔
س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ واقعہ فیل کے بعد کتنے عرصہ بعد پیدا ہوئے؟
ج۔ تیرہ سال۔
س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بعثت کے کتنے عرصہ بعد اسلام لائے؟
ج۔ چھٹے سال۔
س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کب خلیفہ بنے؟
ج۔ ہجرت کے تیرھویں سال بعد ۲۳ جمادی الآخر شنبہ کے روز۔
س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کتنے عرصہ خلیفہ رہے؟
ج۔ دس سال آٹھ ماہ تک۔
س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کتنی عمر میں اسلام قبول کیا؟
ج۔ ۳۰ سال کی عمر میں۔
س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟
ج۔ ۵۳۹ احادیث۔
س۔ ابوجہل حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کیا رشتہ رکھتے تھے؟
ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ماموں تھے۔
س۔ کس صحابی نے دریائے نیل کے نام خط لکھا تھا؟
ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو شہید کس نے کیا؟
ج۔ ابولولو نے۔
س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو کس جگہ دفن کیا گیا؟
ج۔ حضور علیہ السلام کے روضہ مبارک میں بائیں طرف۔
س۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کب شہید ہوئے؟
ج۔ ۲۶ ذوالحج ۲۳ھ کو بروز چہار شنبہ۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ تقریباً انسٹھ سال۔
س۔ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج۔ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ ہجری کیلنڈر کس نے جاری کیا؟
ج۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ سب سے پہلے بیت المال کس نے قائم کیا؟
ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ سب سے پہلے تراویح کی نماز باجماعت کس خلیفہ نے جاری کی؟
ج۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ شرابی کی سزا ۸۰ کوڑے کس خلیفہ نے مقرر فرمائی؟
ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ نماز جنازہ میں چار تکبیر پڑھنے کا حکم کس خلیفہ نے دیا؟
ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ پولیس کا محکمہ کس نے قائم کیا؟
ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔
س۔ سب سے زیادہ فتوحات کس کے زمانے میں ہوئیں؟
ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں۔
س۔ ترکہ اور ورثہ کی مقررہ تقسیم کا نفاذ کس خلیفہ نے فرمایا؟

ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س۔ مسجد نبوی کی توسیع کس خلیفہ نے کی؟

ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س۔ امیر المومنین کے لقب کا آغاز کب ہوا؟

ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے خلیفہ بننے کے بعد۔

س۔ جنات نے کس خلیفہ کی شان میں منقبت پڑھی تھی؟

ج۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شان میں۔

❁❁❁

فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

| اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا: جس راستہ سے عمر کا گزر ہوتا ہے شیطان رستہ چھوڑ دیتا ہے |
|---|

## حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

س۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ عفان بن العاص۔ بن امیہ بن عبدالشمس۔
س۔ حضرت عثمان کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابوعمر۔ ابوعبداللہ اور ابولیلٰی۔
س۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کتنی مرتبہ ہجرت کی؟
ج۔ دو مرتبہ۔ ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ۔
س۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شادیاں کن سے ہوئیں؟
ج۔ i۔ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے۔
ii۔ حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے۔
س۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا لقب کیا ہے؟
ج۔ ذوالنورین۔
س۔ اس کی کیا وجہ تسمیہ ہے؟
ج۔ چونکہ آپ کا نکاح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دو بیٹیوں سے یکے بعد دیگرے ہوا تھا۔
س۔ حضرت عثمان سے کتنی احادیث مروی ہیں؟
ج۔ ۱۴۶ احادیث۔
س۔ اس صحابی کا کیا نام تھا جن سے فرشتے بھی حیا کرتے تھے؟
ج۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے۔
س۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی مدت خلافت کتنے عرصہ کی تھی؟
ج۔ بارہ سال سے بارہ دن کم۔ (۱۱ سال ۳۵۴ دن)
س۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۸۲ سال۔
س۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کب ہوئی؟

ج۔ ماہ ذوالحج ۳۵ھ بروز جمعتہ المبارک۔

س۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

ج۔ جنت البقیع میں۔

س۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے۔

س۔ جمعہ کے روز اذان اول دینے کا حکم سب سے پہلے کس خلیفہ نے دیا؟

ج۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے۔

س۔ موذنوں کی تنخواہیں کس خلیفہ نے مقرر کیں؟

ج۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے۔

✿✿✿

## حضرت علی کرم اللہ وجہہ

س۔ بنی ہاشم میں سب سے پہلے کون خلیفہ بنے؟
ج۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ۔
س۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب کیا ہے؟ (القاب)
ج۔ مرتضیٰ۔ اسداللہ حیدر۔
س۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کتنی عمر میں اسلام قبول کیا؟
ج۔ تقریباً دس برس کی عمر میں۔
س۔ حضرت علی سے کتنی احادیث مروی ہیں؟
ج۔ ۱۱۸۶ احادیث۔
س۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن کے بارے میں فرمایا کہ:
"تم دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو"
ج۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں۔
س۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟
ج۔ فاطمہ بنت اسد بن ہاشم۔
س۔ علم کا دروازہ کس صحابی کو کہا گیا ہے؟
ج۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو۔
س۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جنگ خارجیوں سے کب ہوئی؟
ج۔ ۳۸ھ۔
س۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کب شہادت پائی؟
ج۔ ۲۱ رمضان المبارک ۴۰ھ کو۔
س۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قاتل کا کیا نام تھا؟
ج۔ ابن ملجم لعین۔
س۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو غسل کس نے دیا؟

ج۔ حضرت حسن، حضرت حسین، حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

س۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نماز جنازہ کس نے پڑھایا؟

ج۔ امام حسن رضی اللہ عنہ نے۔

س۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں ہے؟

ج۔ نجف اشرف (عراق)۔

س۔ شہادت کے وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عمر کتنی تھی؟

ج۔ ۶۳ سال۔

س۔ عربی زبان کے قواعد واصول کس خلیفہ نے مرتب کیے؟

ج۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔

❁❁❁

# حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت کب ہوئی؟
ج۔ نصف ماہ رمضان المبارک ۳ھ کو۔
س۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کتنے حج کیے؟
ج۔ ۲۵ حج (جو کہ سب پیدل جا کر کیے گئے)
س۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کتنے عرصہ خلیفہ رہے؟
ج۔ چھ ماہ تک۔
س۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی کس بیوی نے آپ کو زہر دیا؟
ج۔ جعدہ بنت اشعث بن قیس نے۔
س۔ حضرت امام حسن کی شہادت کب واقع ہوئی؟
ج۔ ربیع الاول ۵۰ھ۔
س۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ تقریباً ۴۷ سال۔
س۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو کس جگہ دفن کیا گیا؟
ج۔ جنت البقیع میں۔
س۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟
ج۔ تقی۔
س۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی؟
ج۔ ابو محمد۔
س۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟
ج۔ مدینہ منورہ میں۔

❁❁❁

## حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

س۔ حضرت امام حسین کی ولادت کب ہوئی؟

ج۔ ہجرت کے چوتھے سال چار شعبان بروز سہ شنبہ۔

س۔ حضرت امام حسین کی کنیت کیا تھی؟

ج۔ ابوعبداللہ۔

س۔ حضرت امام حسین کا لقب کیا ہے؟

ج۔ شہید۔

س۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی عمر میں شہادت پائی؟

ج۔ ۵۷ سال ۵ ماہ۔

س۔ حضرت امام حسین کی شہادت کب ہوئی؟

ج۔ ۱۰ محرم الحرام ۶۱ھ کربلا کے میدان میں۔

س۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں ہے؟

ج۔ کربلا میں۔

✿✿✿

## جمال الدین افغانیؒ ۱۸۳۹ء تا ۱۸۹۷ء

س۔ جمال الدین افغانیؒ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج۔ سید صفدر۔

س۔ جمال الدین افغانی کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ سید آباد (افغانستان)

س۔ وہ کس تحریک کے ہیرو مشہور ہیں؟

ج۔ پین اسلامک تحریک کے۔

س۔ آپ نے کتنی عمر میں تعلیم مکمل کر لی؟

ج۔ ۱۰ برس کی عمر میں۔

س۔ آپ نے کن فنون میں مہارت حاصل کی؟

ج۔ تاریخ، ریاضی، ادویات وغیرہ۔

س۔ آپ نے کن ممالک کا دورہ کیا؟

ج۔ انڈیا، سعودی عرب، ایران، ترکی، اور مصر وغیرہ۔

س۔ آپ کا مختلف ممالک کا دورہ کرنے کا مقصد کیا تھا؟

ج۔ تاکہ مسلمانوں کو ایک ریاست کے نام پر اکٹھا کیا جائے۔

س۔ افغانی کی زندگی کا کیا مقصد تھا؟

ج۔ مسلمانوں کو ایک جھنڈے تلے جمع کرنا۔

س۔ جمال الدین افغانی نے کون سا اخبار نکالا؟

ج۔ شمس الہنار۔

س۔ جمال الدین لندن کب گئے؟

ج۔ ۱۸۸۶ء کو۔

س۔ پیرس میں ہفتہ وار کون سا اخبار نکالا؟

ج۔ عروۃ الوثقیٰ "Urwat-ul-wasqa" عرواۃ الوسقہ۔

س۔ یہ اخبار کس زبان میں تھا؟

ج۔ عربی زبان میں۔

س۔ برطانیہ نے کن ممالک کے داخلے پر پابندی لگا دی تھی؟

ج۔ مصر اور انڈیا میں۔

س۔ آپ روس کب ہو گئے؟

ج۔ ۱۸۸۷ء۔

س۔ کیا آپ نے جرمنی کا بھی دورہ کیا؟

ج۔ جی ہاں۔

س۔ آپ نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۸۹۷ء کو۔

✿✿✿

## اکبر اعظم ۱۵۴۲ء تا ۱۶۰۵ء

س۔ اکبر اعظم کب پیدا ہوا؟
ج۔ اکتوبر نومبر ۱۵۴۲ء۔
س۔ اکبر اعظم کہاں پیدا ہوا؟
ج۔ عمر کوٹ (سندھ)
س۔ اکبر اعظم نے پانی پت کے میدان میں کس کو شکست دی؟
ج۔ ہیمو کو (Hemu)
س۔ اکبر اعظم نے پانی پت کے میدان میں ہیمو کو کب شکست دی؟
ج۔ ۵ نومبر ۱۵۵۶ء۔
س۔ دین الٰہی کس مغل بادشاہ نے جاری کیا؟
ج۔ اکبر اعظم نے۔
س۔ دین الٰہی سے کیا مراد تھا؟
ج۔ ایسا دین جس میں اسلام کے اصول اور دوسرے مذاہب کے اصول شامل تھے۔
س۔ اکبر اعظم کی سلطنت کہاں تک پھیلی ہوئی تھی؟
ج۔ ہندوکش سے لے کر گوداوری دریا تک۔
بنگال سے گجرات تک تھی۔

## یاسر عرفات

س۔ یاسر عرفات کہاں پیدا ہوا؟

ج۔ رامالہ (بیت المقدس کے شمال میں واقع ہے)۔

س۔ یاسر عرفات کب پیدا ہوا؟

ج۔ ۱۹۲۹ء کو۔

س۔ یاسر عرفات نے کس شعبے میں ڈگری حاصل کی؟

ج۔ سول انجینئر نگ۔

س۔ یاسر عرفات نے سول انجینئر نگ کی ڈگری کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

ج۔ مصر/عراق یونیورسٹی۔Cairo

س۔ یاسر عرفات کس فوج میں بھرتی ہوا؟

ج۔ مصری فوج میں۔

س۔ یاسر عرفات کب فوج میں بھرتی ہوا؟

ج۔ ۱۹۵۶ء کو۔

س۔ ۱۹۵۶ء میں کون سا مسئلہ درپیش ہوا تھا؟

ج۔ سویز کا مسئلہ۔

س۔ یاسر عرفات پی۔ایل۔او۔کا چیئر مین کب منتخب ہوا؟

ج۔ ۱۹۶۹ء۔

س۔ چیئر مین منتخب ہونے سے قبل وہ کیا کرتا تھا؟

ج۔ گوریلا گروپ کا سربراہ تھا۔

س۔ گوریلا گروپ کا کیا نام تھا؟

ج۔ الفتح Al-Fatah.

س۔ اردن کے بادشاہ کا کیا نام تھا؟

ج۔ شاہ حسین۔

س۔ ۱۹۷۰ء میں یاسر عرفات نے کس کام پر زیادہ توجہ دی؟
ج۔ جنوبی لبنان پر۔
س۔ فلسطین کی آزادی کا مسئلہ پارلیمنٹ میں کب اٹھایا؟
ج۔ ۱۹۸۲ء۔
س۔ یاسر عرفات کتنے لڑاکے جوانوں کے ساتھ بیروت میں داخل ہوا؟
ج۔ ۶۰۰۰۔
س۔ اسرائیلی فوج بیروت کی کتنی فوج تھی؟
ج۔ ۶۰۰۰۰ فوج۔
س۔ اسرائیلی فوج کا کیا نام تھا؟
ج۔ لیگنڈری (Legendary)
س۔ بیروت کیسے یاسر عرفات نے خالی کیا؟
ج۔ بین الاقوامی ضمانت دینے والوں کے سہارے پر۔

✿✿✿

## کمال مصطفیٰ اتاترک (۱۸۸۱ء تا ۱۹۳۸ء)

س۔ مصطفیٰ کمال اتاترک کہاں پیدا ہوا؟

ج۔ سلونیکا (یونان)

س۔ مصطفیٰ کمال کے باپ کا کیا نام تھا؟

ج۔ علی رضا۔

س۔ مصطفیٰ کمال نے کہاں تعلیم حاصل کی؟

ج۔ ایمپریل ملٹری سکول استنبول۔

س۔ مصطفیٰ کمال نے ایک خفیہ انقلابی سوسائٹی بنائی اس کا کیا نام رکھا گیا؟

ج۔ وطن۔

س۔ وطن خفیہ انقلابی سوسائٹی کی وجہ سے کیا ہوا؟

ج۔ جیل میں بھیج دیا۔

س۔ ترک اٹلی جنگ کب ہوئی؟

ج۔ ۱۲......۱۹۱۱ء۔

س۔ ترک اٹلی جنگ میں مصطفیٰ کمال نے کیا خدمات انجام دیں؟

ج۔ نمایاں کامیابی حاصل کی۔

س۔ ان خدمات کے صلے میں مصطفیٰ کمال کو کیا فائدہ ہوا؟

ج۔ اس کو میجر بنا دیا گیا۔

س۔ مصطفیٰ کمال نے جنگ عظیم اول میں کس محاذ پر جنگ لڑی؟

ج۔ گالی پولی کے مقام پر بہادری کے ساتھ۔

س۔ ترکی کو جمہوری ملک کب اعلان کیا گیا؟

ج۔ ۳ مارچ ۱۹۲۴ء کو۔

س۔ مصطفیٰ کمال کب تک صدر رہا؟

ج۔ تاحیات ترکی کا صدر رہا۔

س۔ کب وفات پائی؟
ج۔ ۱۰ نومبر ۱۹۳۸ء۔
س۔ مصطفےٰ کمال اتاترک نے کون سی پارٹی تشکیل دی؟
ج۔ ترکش نیشلسٹ پارٹی (ترکوں کی قومی پارٹی)
س۔ انھوں نے قومی اسمبلی کا اجلاس کب بلایا؟
ج۔ ۱۹۱۹ء۔
س۔ مصطفےٰ کمال نے عارضی طور پر حکومت کب بنائی؟
ج۔ ۱۹۲۰ء میں۔ (انقرہ میں)
س۔ مصطفےٰ کمال اتاترک نے امن کانفرنس میں کس پوائنٹ پر زور دیا؟
ج۔ انسانی حقوق کے احیاء پر (Humiliating Terms)
س۔ امن کانفرنس کہاں منعقد ہوئی؟
ج۔ لاسن میں (Lausanne)
س۔ امن کانفرنس کب منعقد ہوئی؟
ج۔ نومبر ۱۹۲۳ء۔
س۔ ترکی کی حالت کیسی تھی؟
ج۔ ترکی کی حالت بطور آزاد قوم تسلیم کی گئی۔
س۔ مصطفےٰ کمال اتاترک کو قومی اسمبلی نے دوبارہ صدر کب چنا؟
ج۔ ۱۱ اگست ۱۹۲۳ء کو۔
س۔ اسمبلی کے اجلاس میں کیا کاروائی کی گئی؟
ج۔ i۔ نیا آئین پاس کیا گیا۔
ii۔ خلافت کا آئین ختم کیا گیا۔
iii۔ ترکی کو جمہوری قرار دیا گیا۔

✿✿✿

## محمد ایوب خاں ۱۹۰۷ء تا ۱۹۷۴ء

س۔ محمد ایوب خاں کہاں پیدا ہوا تھا؟
ج۔ سرحد (پاکستان)
س۔ محمد ایوب خاں نے تعلیم کہاں حاصل کی؟
ج۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے۔
س۔ محمد ایوب خاں نے فوج میں کمشن کب حاصل کیا؟
ج۔ ۱۹۲۸ء میں۔
س۔ ۱۹۴۷ء کے شروع میں فوج میں کس عہدے پر ترقی دی گئی؟
ج۔ بریگیڈ کمانڈر کے عہدے پر ترقی پائی۔
س۔ میجر جنرل کے عہدے پر کب ترقی حاصل کی؟
ج۔ ۱۹۴۸ء۔
س۔ ایوب خاں کو سی۔این۔روسی۔کب بنایا گیا تھا؟
ج۔ ۱۹۴۹ء۔
س۔ وزیر دفاع کتنے عرصے تک رہا؟
ج۔ نومبر ۱۹۵۱ء تا اگست ۱۹۵۵ء۔
س۔ چیف مارشل ایڈمنسٹریٹر کب مقرر کیا گیا؟
ج۔ ۱۰ اکتوبر ۱۹۵۸ء کو پاکستان کا۔
س۔ ۲۷ اکتوبر ۱۹۵۸ء کو محمد ایوب نے کیا عمل کیا؟
ج۔ سکندر مرزا کو معزول کر دیا۔
س۔ سکندر مرزا کون تھا؟
ج۔ پاکستان کا صدر تھا۔
س۔ محمد ایوب خاں نے کیا مقام حاصل کیا؟
ج۔ وہ پاکستان کا صدر بن گیا۔

س۔ محمد ایوب نے بطور صدر کتنے سال کام کیا؟
ج۔ تقریباً ۱۰ سال تک۔
س۔ محمد ایوب کے عہد میں ہندوستان کے ساتھ کب جنگ ہوئی؟
ج۔ ۱۹۶۵ء میں پاک و بھارت جنگ ہوئی۔
س۔ اس جنگ کا کیا نتیجہ برآمد ہوا؟
ج۔ پاکستان نے فتح حاصل کی۔
س۔ محمد ایوب خاں نے کب استعفیٰ دیا؟
ج۔ ۲۳ مارچ ۱۹۶۹ء کو۔
س۔ محمد ایوب خاں نے کس کے حوالے پاکستان کو کیا؟
ج۔ جنرل یحییٰ خاں کے۔
س۔ محمد ایوب خاں نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۱۹۷۴ء میں۔
س۔ اس نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۶۷ سال۔
س۔ محمد ایوب خاں کا زیادہ مخالف کون تھا؟
ج۔ ذوالفقار علی بھٹو۔

## ذوالفقار علی بھٹو ۱۹۲۸ء تا ۱۹۷۹ء

س۔ ذوالفقار علی بھٹو کب پیدا ہوا؟

ج۔ ۱۹۲۸ء کو۔

س۔ وہ کہاں پیدا ہوا؟

ج۔ لاڑکانہ (پاکستان)

س۔ اس کے باپ کا کیا نام تھا؟

ج۔ سر شاہنواز بھٹو۔

س۔ سر شاہنواز بھٹو بمبئی گورنمنٹ میں کیا تھے؟

ج۔ وزیر بمبئی گورنمنٹ کا۔

س۔ سندھ گورنمنٹ میں سر شاہنواز کس مقام پر فائز تھے؟

ج۔ مشیر سندھ گورنمنٹ۔

س۔ ذوالفقار بھٹو نے گریجوایشن کہاں سے کی؟

ج۔ بیکرے یونیورسٹی کیلفیورنیا سے۔

س۔ ایم۔اے۔کس یونیورسٹی سے کیا؟

ج۔ آکسفورڈ یونیورسٹی سے۔

س۔ ایم۔اے ذوالفقار بھٹو نے کس سال پاس کیا؟

ج۔ ۱۹۵۲ء۔

س۔ ذوالفقار کی تقرری کس پوسٹ پر ہوئی؟

ج۔ ساؤتھ امپسٹن یونیورسٹی میں شعبہ بین الاقوامی قانون میں بطور لیکچرر۔

س۔ پاکستان میں انھوں نے کہاں تدریس کا کام کیا؟

ج۔ لاکالج کراچی میں پڑھایا۔

س۔ آپ کو وزیر کامرس (وزیر تجارت) کب بنایا گیا؟

ج۔ اکتوبر ۱۹۵۶ء۔

س۔ ۱۹۶۰ء میں ذوالفقار بھٹو کو کون سے شعبے دیئے گئے؟
ج۔ معاملات اقلیت اور قومی تعمیر نو۔
س۔ ۱۹۶۲ء میں کیا تقرری ہوئی؟
ج۔ بطور وزیر۔
س۔ وزیر خارجہ کا چارج کب دیا گیا؟
ج۔ ۱۹۶۳ء کو۔
س۔ محمد ایوب خاں نے کابینہ وزارت سے کب نکال دیا؟
ج۔ ۱۹۶۷ء۔
س۔ ذوالفقار بھٹو کس پارٹی کے بانی تھے؟
ج۔ پاکستان پیپلز پارٹی۔
س۔ پاکستان پیپلز پارٹی کب بنائی گئی؟
ج۔ ۱۹۶۷ء۔
س۔ ۱۹۷۰ء کے الیکشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کو کیا مقام ملا؟
ج۔ مغربی پاکستان میں جیت گئی۔
س۔ کیا ذوالفقار بھٹو حکومت بنا سکا؟
ج۔ چونکہ مشرقی پاکستان میں نجیب کی پارٹی اکثریت حاصل کر چکی تھی۔ اس لیے بھٹو حکومت نہ بنا سکا۔
س۔ دسمبر ۱۹۷۱ء میں کون سا سانحہ پیش آیا؟
ج۔ مشرقی پاکستان جدا ہو گیا۔
س۔ جنرل یحییٰ خاں نے کیا عمل کیا؟
ج۔ اس نے استعفیٰ دے دیا۔
س۔ حکومت کی بھاگ دوڑ کس کے حوالے کی گئی؟
ج۔ ذوالفقار علی بھٹو۔
س۔ ذوالفقار علی بھٹو نے کب تک حکومت کی؟

س۔ فوج نے بھٹو حکومت کے ساتھ کیا سلوک کیا؟
ج۔ فوج نے ذوالفقار علی کی حکومت کو معزول کر دیا۔
س۔ اس واقعہ کی کیا وجوہات تھیں؟
ج۔ i۔ بھٹو حکومت کی عدم ہر دلعزیزی عوام میں۔
ii۔ عوام نے استعفیٰ کا مطالبہ کیا۔
iii۔ نواب محمد احمد خاں کو قتل کرنے کا جرم۔
س۔ نواب محمد احمد خاں کس کا باپ تھا؟
ج۔ احمد رضا قصوری (سابقہ پارٹی ممبر)
س۔ ذوالفقار بھٹو کو کب پھانسی دی گئی؟
ج۔ ۴ اپریل ۱۹۷۹ء۔
س۔ پھانسی کی سزا کس عدالت نے دی؟
ج۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے (قتل کے جرم میں)

✿✿✿

## اورنگ زیب عالمگیر ۱۶۱۸ء تا ۱۷۰۷ء

س۔ اورنگ زیب کے والد کا کیا نام تھا؟
ج۔ شاہجہان کا تیسرا بیٹا تھا۔
س۔ اورنگ زیب کب پیدا ہوا؟
ج۔ ۲ نومبر ۱۶۱۸ء کو۔
س۔ وہ کہاں پیدا ہوا؟
ج۔ دوہاد (صوبہ گجرات) (Dohad in Gujrat)
س۔ اورنگ میں تعلیمی خصوصیات کیا تھیں؟
ج۔ اورنگ کو مذہبی علوم، عربی، فارسی میں مہارت حاصل تھی اور اچھا مقرر تھا۔
س۔ اورنگ زیب شہنشاہ کب بنا؟
ج۔ ۳۱ جولائی ۱۶۵۸ء۔
س۔ اورنگ زیب کے عہد مغلیہ حکومت کی حدود کہاں تک تھیں؟
ج۔ افغانستان سے چٹاگانگ بنگال تک۔
س۔ ہندوستان میں کون سا علاقہ حکومت میں شامل نہ تھا؟
ج۔ زیریں ہندوستان کا علاقہ۔
س۔ غیر مسلم مصنفوں نے آپ کے بارے میں کیا رائے دی؟
ج۔ متعصب غیر مسلم ہے۔
س۔ اس ایمارس کی کیا وجہ تھی؟
ج۔ محض اسلام پرستی کی وجہ سے۔
س۔ اورنگ زیب نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۳ مارچ ۱۷۰۷ء۔

س۔ اورنگ نے کہاں وفات پائی؟

ج۔ احمد نگر (دکن میں)

س۔ اورنگ زیب نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۸۹ سال۔

س۔ اورنگ زیب عالمگیر کا اصل نام کیا تھا؟

ج۔ محی الدین محمد۔

✿✿✿

## خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س۔ خالد بن ولید کن خلفاء کے دور میں سپہ سالار رہا؟

ج۔ i۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

ii۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س۔ خلیفہ نے ان کو کون سا خطاب دیا؟

ج۔ سیف اللہ۔

س۔ خالد بن ولید کو کن لڑائی میں شکست ہوئی؟

ج۔ اسلامی جنگوں میں کسی میں بھی شکست نہ ہوئی۔

س۔ خالد بن ولید نے کن حکومتوں کو کچل ڈالا؟

ج۔ ایران اور روم کی حکومتوں کو۔ (Persian Bayzantin)

## سلطان صلاح الدین ایوبی ۱۱۳۸ء تا ۱۱۹۳ء

س۔ صلاح الدین کہاں پیدا ہوا؟
ج۔ تکرت میں (Tekrit)
س۔ صلاح الدین ایوبی کب پیدا ہوا؟
ج۔ ۱۱۳۸ء میں۔
س۔ وہ کس خاندان/ قبیلے سے تعلق رکھتا تھا؟
ج۔ کرد قبیلے سے (آرمینیا)
س۔ صلاح الدین کے باپ کا کیا نام تھا؟
ج۔ محمد ایوب۔
س۔ وہ کس فوج میں ملازم تھا؟
ج۔ زنگی فوج میں جنرل کے عہدے پر فائز تھا۔
س۔ وہ کن علاقوں کا حاکم تھا؟
ج۔ موصل کا۔
س۔ صلاح الدین ایوبی کے باپ کو کہاں کا گورنر بنایا گیا؟
ج۔ دامشق (Damascus)
س۔ صلاح الدین نے تعلیم کہاں حاصل کی؟
ج۔ دامشق میں۔
س۔ صلاح الدین مصر کب گیا؟
ج۔ ۱۱۶۴ء۔
س۔ صلاح الدین کے ہمراہ کون گیا؟
ج۔ شرکو بطور لفٹیننٹ۔
س۔ شرکو کی وفات پر آپ کو کیا عہدہ دیا گیا؟
ج۔ اس کی جگہ پر وزیر بنایا گیا۔

س۔ صلاح الدین نے حکومت کی طاقت کب سنبھالی؟

ج۔ ۱۱۷۱ء۔

س۔ اس سے پہلے کس کی حکومت تھی؟

ج۔ فاطمی خلیفہ تھے۔

س۔ حکومت کا کب مکمل طور پر مالک بنا؟

ج۔ ۱۱۷۵ء۔

س۔ صلاح الدین ایوبی کس حیثیت سے مشہور ہوا؟

ج۔ سلطان مصر۔

س۔ صلاح الدین ایوبی نے کب تک حکومت کی؟

ج۔ ۱۱۸۶ء۔

س۔ صلاح الدین ایوبی نے کیا نمایاں کردار ادا کیا؟

ج۔ i۔ عیسائیوں کی سلطنت فلسطین کو تباہ کیا۔

ii۔ لبنان وغیرہ۔

س۔ صلاح الدین کہاں واپس لوٹا؟

ج۔ داماسکس میں۔

س۔ صلاح الدین نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۶ مارچ ۱۱۰۳ء کو۔

س۔ صلاح الدین ایوبی نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۵۵ سال۔

س۔ صلاح الدین نے کون سے علاقے فتح کیے؟

ج۔ فلسطین کو۔

س۔ بیت المقدس میں کب داخل ہوا؟

ج۔ ۱۲ اکتوبر ۱۱۸۷ء کو۔

باب ۲۸

# سیاسی شخصیات

## حالی الطاف حسین ۱۸۳۷ء تا ۱۹۱۶ء

س۔ الطاف حسین حالی کہاں پیدا ہوئے؟

ج۔ پانی پت میں۔

س۔ الطاف حسین نے کون سی تصنیفات ہیں؟

ج۔ مدس حالی۔ مدوجزر اسلام۔

دیوان حالی۔ مقدمہ شعروشاعری۔

حیات جاوید۔ حیات سعدی وغیرہ۔

س۔ وہ کس شاعر کا پیروکار تھا؟

ج۔ مرزا غالب۔

س۔ مرزا غالب کس زبان کا شاعر تھا؟

ج۔ اردو کا۔

س۔ الطاف نے ساری زندگی کیسے بسر کی؟

ج۔ مسلمانوں کی عظمت کو دوبالا کرنے کے لیے۔

س۔ اس نے کن شعبوں میں کام کیا؟

ج۔ معاشرتی، اخلاقی، تعلیمی، سیاسی اور ادبی شعبوں میں۔

س۔ الطاف حسین نے کب وفات پائی؟

ج۔ ۱۹۱۴ء۔

س۔ الطاف حسین نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ ۷۷ سال۔

✿✿✿

## چودھری محمد علی ۱۹۰۵ء تا ۱۹۸۰ء

س۔ چودھری محمد علی کہاں پیدا ہوا؟
ج۔ جالندھر (انڈیا) مشرقی پنجاب۔
س۔ چودھری محمد علی کب پیدا ہوا؟
ج۔ ۵ جولائی ۱۹۰۵ء۔
س۔ محمد علی نے ایم۔ایس سی کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟
ج۔ پنجاب یونیورسٹی سے۔
س۔ آپ کو کہاں تعین کیا گیا؟
ج۔ اسلامیہ کالج لاہور۔
س۔ آپ کو لیکچرر کب لگایا گیا؟
ج۔ ۱۹۲۸ء۔
س۔ آپ اکاؤنٹ جنرل کب مقرر ہوئے؟
ج۔ ۱۹۳۲ء۔
س۔ آپ کو کہاں اکاؤنٹ جنرل لگایا گیا؟
ج۔ بہاولپور۔
س۔ سیکرٹری فنانس مسٹر آف انڈیا کب لگایا گیا؟
ج۔ ۱۹۳۸ء۔
س۔ آپ کو مالی مشیر جنگ اور سپلائی کب مقرر کیا گیا؟
ج۔ ۱۹۴۵ء کو۔
س۔ اس کے علاوہ کس کمیٹی کی ممبر شپ دی گئی۔
ج۔ سیٹرنگ کمیٹی پاکستان و انڈیا کی تقسیم۔
س۔ آزادی کے بعد آپ کی تقرری کس عہدے پر ہوئی؟
ج۔ سکریٹری جنرل حکومت پاکستان۔

س۔ آپ سیکرٹری جنرل حکومت پاکستان کب تک رہے؟
ج۔ ۱۹۴۷ء تا ۱۹۵۱ء۔ (۴ سال تک)
س۔ وزیر مالیات کب تک رہے؟
ج۔ ۱۹۵۱۔۱۹۵۵ء (۴ سال)
س۔ آپ وزیراعظم کب چنے گئے؟
ج۔ اگست ۱۹۵۵ء کو۔
س۔ آپ نے وزیراعظم کے عہدے کے دوران کون سا اہم کام کیا؟
ج۔ پاکستان کا آئین پاس کیا۔
س۔ آپ نے کب استعفیٰ دیا؟
ج۔ ستمبر ۱۹۵۶ء کو۔
س۔ آپ نے کب وفات پائی؟
ج۔ ۱۹۸۰ء۔
س۔ آپ نے کتنی عمر پائی؟
ج۔ ۷۵ سال۔

✿✿✿

